حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کیسے گذارتے؟

مصنّف

مفتی محمد خان قادری

مرکز تحقیقاتِ اسلامیہ

خوشخبری

علماء اہلسنت کی کتب PDF میں
حاصل کرنے کیلئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن
کریں
https://t.me/tehqiqat
گوگل سے ڈاؤن لوڈ کرنے لئے
https://
archive.org/details/
@zohaibhasanattari

طالب دعا زوہیب حسن عطاری

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رمضان المبارک کیسے گذارتے؟

مصنف

مفتی محمد خان قادری

[illegible] مجددیہ
[illegible] گڑھ سیالکوٹ

مرکز تحقیقات اسلامیہ
۲۰۵- شادمان، لاہور

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— حضور ﷺ رمضان المبارک کیسے گزارتے ؟
مصنف ——— مفتی محمد خان قادری
ناشر ——— مرکز تحقیقات اسلامیہ 205 شادمان لاہور
بتعاون ——— الحاج سہیل اقبال شادمان لاہور
زیر اہتمام ——— محمد اسلم شہزاد
باراول ——— جنوری 1998ء
باردوم ——— دسمبر 1999ء
کتابت ——— محمد اقبال حضرت کیلیانوالہ شریف
ہدیہ

محقق العصر مفتی محمد خان قادری کی تمام تصانیف کے علاوہ دیگر علماء کی تحقیقی و علمی کتب بارعایت حاصل کرنے کے لئے حجاز پبلی کیشنز مرکز الاویس ستا ہوٹل دربار مارکیٹ لاہور سے رجوع فرمائیں۔ فون:- 7324948

[illegible] محمد ادریس
ضلع [illegible] سیالکوٹ

الاہداء

میں اپنی اِس کاوش کو دُنیائے اسلام کی خاتونِ اوّل محسنۂ اسلام، ملکۂ فردوس بریں اُم المؤمنین حضرت سیّدہ طیبہ، طاہرہ، عابدہ، زاہدہ **خدیجۃ الکبریٰ** سلام اللہ علیہا کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں،

◎

یعنی پہلی ماں کہفِ امن و اماں
حق گذارِ رفاقت پہ لاکھوں سلام
عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی
اُس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام
منزلٌ مِن قصبٍ لا نصبٍ لا صخب
ایسے کوشک کی زینت پہ لاکھوں سلام

◎

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿ شَهْرُ
رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ
وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ
فَلْیَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ
اَیَّامٍ اُخَرَ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ
الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا
هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴾

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا، لوگوں کے لئے ہدایت اور رہنمائی اور فیصلہ کی روشن باتیں، تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے، ضرور اس کے روزے رکھے، اور جو بیمار یا سفر میں ہو، تو اتنے روزے اور دنوں میں، اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا، اور اس لئے کہ تم گنتی پوری کرو، اور اللہ کی بڑائی بولو، اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی، اور کہیں تم حق گزار ہو۔

(سورہ البقرہ - 185، (ترجمہ کنزالایمان)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	انتساب	۳
	فہرست	۵
	ابتدائیہ	۱۴
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کیسے گزارتے	۱۹
	فرضیت رمضان کا حکم دوسری ہجری میں آیا	۲۱
	فرضیت روزہ کا دن سوموار تھا۔	
	نزولِ قرآن سے پہلے ماہ رمضان سے تعلق	۲۲
۱	رمضان المبارک سے محبت	۲۴
	چھ ماہ پانے کی اور چھ ماہ قبولیت کی دُعا	۲۶
۲	شعبان میں رمضان کی تیاری	۲۸
۳	شعبان کا چاند اور خصوصی اہتمام	
۴	شک کی صورت میں روزہ نہ رکھتے۔	
۵	رمضان کے چاند پر ایک مسلمان کی گواہی بھی قبول فرمالیتے۔	۳۰
۶	رمضان کا چاند دیکھنے پر مخصوص دعا فرماتے۔	۳۱
۷	آمدِ رمضان پر مخصوص دعا کا اہتمام۔	
۸	رنگ مبارک فق ہو جاتا۔	۳۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۹	آمدِ رمضان پر صحابہ کو مبارکباد دیتے۔	۳۲
۱۰	رمضان المبارک کو خوش آمدید کہتے۔	۳۳
	تم کس کا استقبال کر رہے ہو۔	۳۳
۱۱	خطبہ ارشاد فرماتے۔	۳۴
	استقبالیہ خطبہ کی تفصیل	۳۴
۱۲	تلاوتِ قرآن میں کثرت	۳۸
۱۳	ہر رمضان میں سارا قرآن سناتے	۳۹
	ان سے آپ قرآن مجید سنا بھی کرتے۔	۴۰
۱۴	جبریلِ امین کے ساتھ قرآن کا دور	۴۱
۱۵	آخری رمضان میں دو مرتبہ دور	۴۲
۱۶	سخاوت کی برسات	
	کثرت جود وسخا کی حکمتیں	۴۶
	خصوصی نوٹ	۴۸
۱۷	قیدیوں کو آزاد فرماتے۔	
۱۸	حالتِ روزہ میں مسواک فرمایا کرتے۔	۴۹
۱۹	پچھنے لگوا لیتے	
۲۰	سرمہ لگا لیتے	۵۰
۲۱	سترہ رمضان کی صبح قبا تشریف لے جاتے۔	
۲۲	ٹھنڈک حاصل فرماتے۔	۵۱
۲۳	ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت بیان فرماتے۔	۵۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۴	روزے کی فضیلت بیان فرماتے۔	۵۵
۲۵	روزہ دار کی فضیلت بیان فرماتے۔	۵۸
	جنت میں خصوصی دروازہ سے داخلہ	۵۹
	کبھی پیاس نہیں لگے گی۔	
	روزہ دار کے لیے پانچ بشارتیں۔	
	ہر وقت عبادت میں	۶۰
	جنت کا کھانا اور مشروب	
	روزہ دار کے لیے دو خوشیاں	۶۱
	روزہ دار کے لیے ملائکہ کی دعا	
۲۶	روزہ کی نیت کا حکم فرماتے۔	۶۲
	قضا اور کفارہ روزہ کی نیت	
	روزہ رمضان کی نیت	
۲۷	سحری تناول فرماتے	۶۴
۲۸	سحری کو غذا مبارک قرار دیا	۶۶
۲۹	سحری کھجور سے فرماتے۔	
۳۰	کھجور کو بہترین سحری قرار دیا۔	۶۷
	کسی بھی شئ سے سحری کی جا سکتی ہے۔	۶۸
	امتِ مسلمہ اور اہل کتاب کے روزہ میں فرق	
۳۱	امت کو سحری کرنے کی تعلیم دی	
	سحری کرنے والوں پر اللہ کی رحمتیں۔	۶۹

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۲	سحری میں برکت دعا فرماتے۔	۶۹
۳۳	سحری کرنے والوں کے لیے دعا فرماتے۔	۷۰
۳۴	سحری کے فوائد و حکمتیں بیان فرماتے۔	
۳۵	سحری میں تاخیر فرماتے۔	۷۱
	اگر بلال نہ ہوتے۔	۷۳
	آئمہ مساجد سے درخواست	۷۴
۳۶	امت کو بھی سحری میں تاخیر کا حکم	
	امت خیر پر رہے گی۔	۷۵
۳۷	روزہ کے آداب بیان فرماتے۔	۷۶
	زبان اور تمام اعضا کو محارم سے روکنا۔	
	محض کھانا پینا چھوڑ دینا کافی نہیں۔	۷۷
	زبان کو غیبت سے محفوظ رکھنا۔	۷۸
	کان، آنکھ اور زبان کا روزہ	۷۹
	حضرت ابوہریرہ کا معمول۔	۸۰
۳۸	سفر میں روزہ اور افطار کا معمول۔	۸۱
	سفر میں روزہ کا معمول۔	۸۲
۳۹	سفر میں روزہ کی اجازت دی۔	
۴۰	ابتداً روزہ بعد میں افطار۔	۸۳
۴۱	کوئی کسی پر طعن نہ کرتا۔	
	آج روزہ نہ رکھنے والے بازی لے گئے۔	۸۴

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	اس حال میں روزہ رکھنا نیکی نہیں۔	۸۵
۴۲	دشمن سے مقابلہ کے وقت۔	۸۶
۴۳	نسیاناً کھا پی لینے کا حکم بیان فرماتے۔	
۴۴	عمداً روزہ توڑنے پر کفارہ۔	۸۸
۴۵	قضا کے احکام بیان فرماتے۔	۹۰
۴۶	قضا کا طریقہ۔	۹۱
	عمر بھر میں قضا۔	۹۲
۴۷	عشرہ ذوالحج میں قضا کا معمول۔	
۴۸	میت کی طرف سے فدیہ۔	
	کچھ دیگر احادیث	۹۵
	مذکورہ احادیث اور ایصالِ ثواب	۹۶
۴۹	غروب آفتاب دیکھنے کا انتظام	۹۸
۵۰	ایک مرتبہ روزہ قضا کرنا پڑا	۹۹
۵۱	قبل از وقت افطاری پر سزا۔	
۵۲	افطاری میں تعجیل فرمانے۔	۱۰۰
	اجتماعی افطاری۔	۱۰۴
۵۴	مساکین کے ساتھ افطار	
۵۵	نماز سے پہلے افطار فرمانے۔	۱۰۵
۵۶	کھجور اور پانی سے افطار	۱۰۶
۵۷	دودھ کا استعمال۔	۱۰۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	تین اشیاء کا تذکرہ	۱۰۷
۵۸	آگ کی مس کردہ شئ	۱۰۸
۵۹	افطاری کی ایک حسین کیفیت	
۶۰	ابتداء کس سے فرماتے ؟	۱۰۹
۶۱	مشروب کا استعمال آہستہ آہستہ فرماتے	۱۱۰
	آئمہ مساجد سے درخواست	۱۱۱
۶۲	افطار کروانے پر اجر و ثواب بیان فرماتے	
۶۳	رزقِ حلال سے افطار پر اجر	۱۱۲
۶۴	افطار کے موقعہ پر دعا فرماتے	۱۱۳
	روزہ دار کی دعا ۔	۱۱۴
۶۵	دعا میں کثرت فرماتے ۔	۱۱۶
۶۶	دعا افطار کے بعد سنت ہے ۔	
۶۷	نماز تراویح کا معمول ۔	۱۱۹
۶۸	تین دن باجماعت تراویح ۔	۱۲۰
۶۹	بیس رکعات کا معمول ۔	۱۲۳
	ترک ، حرام ہونے کی دلیل نہیں ہوا کرتا ۔	۱۲۵
۷۰	آپ کی خصوصیت ۔ صوم وصال ۔	
۷۱	دن کو بھی روزہ ، رات کو بھی روزہ ۔	۱۲۶
	اس کھانے پینے سے کیا مراد ہے ۔	۱۲۷
۷۲	مغرب و عشاء کے درمیان غسل فرماتے ۔	۱۳۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۷۳	سر اقدس دھلاتے۔	۱۳۴
۷۴	آخری عشرہ میں پہلے سے بڑھ کر عبادت میں محنت فرماتے	۱۳۶
۷۵	وصال کا روزہ اور آخری عشرہ۔	۱۳۷
۷۶	کمر کس کر باندھ لیتے۔	۱۳۸
۷۷	تمام رات بیدار رہتے۔	۱۳۹
۷۸	سارے رمضان کا معمول۔	۱۴۰
۷۹	گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے۔	۱۴۱
۸۰	اعتکاف فرماتے۔	۱۴۲
۸۱	پہلے اور دوسرے عشرہ کا اعتکاف	
۸۲	شوال میں قضاء اعتکاف	۱۴۴
	اعتکاف ترک فرمانے کی حکمتیں۔	۱۴۵
	اہم نوٹ	۱۴۶
۸۳	وصال کے سال بیس دن اعتکاف۔	
	وصال کا کمالِ شوق۔	۱۴۹
۸۴	اعتکاف مسجد میں فرماتے نہ کہ حجرہ میں۔	
	حجرے میں اعتکاف نہیں ہوتا۔	۱۵۰
۸۵	اعتکاف کے لیے خیمہ لگواتے۔	۱۵۱
	خدارا سوچیئے	۱۵۳
۸۶	خیمہ میں نماز فجر ادا کر کے داخل ہوتے	۱۵۴
	تنہائی اور خلوت کی تائید	۱۵۵

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۸۷	حسبِ ضرورت گفتگو فرماتے ۔	۱۵۶
۸۸	حسبِ ضرورت ملاقات فرماتے ۔	۱۵۷
	حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے آنے کی وجہ ۔	
۸۹	بستر اور چارپائی ۔	۱۶۰
	آپ کا مقام اعتکاف	
	محلِ اعتکاف اور ستون سریر ۔	۱۶۱
	صحابہ اس مقام کی زیارت کرواتے ۔	۱۶۱
۹۰	کھانا وہیں تناول فرماتے ۔	۱۶۲
۹۱	شب قدر کی فضیلت بیان فرماتے ۔	۱۶۳
۹۲	شب قدر کی علامات بیان فرماتے ۔	۱۶۵
۹۳	شب قدر پانے کا طریقہ بیان فرماتے ۔	۱۶۸
۹۴	تلاش شب قدر کی تلقین فرماتے ۔	۱۶۹
۹۵	لیلۃ القدر کا معمول ۔	۱۷۰
۹۶	دعا کی تعلیم دیتے ۔	۱۷۱
	دعا کی تشریح ۔	۱۷۲
	اس دعا کی جامعیت	۱۷۳
	دیگر معمولات پر اسے ترجیح دی جائے ۔	۱۷۷
	معافی کی تعلیم میں حکمت	۱۷۸
۹۷	مسجد میں قیام کا معمول ۔	۱۸۰
۹۸	غسل کا معمول ۔	۱۸۱

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
	خوشبو اور بہترین لباس ۔	۱۸۲
۹۹	قیام میں تمام گھر والوں کو شریک کرنا ۔	۱۸۴
	لیلۃ القدر تا قیامت باقی ہے ۔	۱۸۵
	بعض لوگوں کا رد	۱۸۶
۱۰۰	شب قدر اور علم نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۱۸۸
	اگر لوگ دیگر راتوں میں نماز ترک نہ کر دیں تو میں آگاہ کر دوں ۔	
	اگر اجازت ہوتی تو میں آگاہ کر دیتا ۔	۱۸۹
	صحابہ کا اس قدر سوال کرنا ۔	۱۹۱
	جھنی کی رات ۔	۱۹۴
	شب قدر اور اہل مدینہ کا معمول ۔	۱۹۵
	ایک اور صحابی کو مطلع فرمانا ۔	۱۹۷
	حضرت سفیان بن علینیہ کا قول ۔	۱۹۸
	دوسرے حصہ کا رد ۔	۱۹۹
	محدثین کی تائید ۔	
	اشکال کا جواب ۔	۲۰۱
	ارشاد نبوی سے تائید	
۱۰۱	رمضان کی آخری رات کی فضیلت بیان فرماتے ۔	۲۰۲
	وداع رمضان اور صحابہ و تابعین کا معمول ۔	۲۰۴
	کیسے تھے وہ لوگ ۔	۲۰۶
	آپ کی ظاہری حیات میں زیادہ مرتبہ رمضان انتیس کا ہوا ۔	۲۰۹

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۰۲	عیدرات میں شب بیداری کا معمول۔	۲۱۰
	عیدرات میں تکبیر الٰہی۔	۲۱۳
	اہم نوٹ	
	انعام خداوندی کلون	۲۱۴
	تمہارے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیا۔	۲۱۶
۱۰۳	یوم عید اور معمولاتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	
۱۰۴	اچھے کپڑے پہننا۔	۲۱۷
۱۰۵	نماز عید الفطر سے پہلے کچھ کھانا۔	۲۱۹
۱۰۶	کھلے میدان میں نماز ادا کرنا۔	۲۲۱
	بعض مالکی علماء کی رائے۔	۲۲۱
۱۰۷	تمام خواتین کو شرکت کا حکم	۲۲۵
۱۰۸	پیدل چل کر جانا۔	۲۲۶
۱۰۹	آمد و رفت میں راستہ بدلنا۔	
۱۱۰	عیدگاہ میں نماز عید سے پہلے اور بعد میں نماز نہ پڑھنا	
۱۱۱	بغیر اذان و تکبیر کے نماز	۲۲۹
۱۱۲	نماز کی ادائیگی خطبہ سے پہلے۔	۲۳۰
۱۱۳	نماز میں سورۃ ق اور القمر کی تلاوت۔	۲۳۱
۱۱۴	خطاب نماز کے بعد فرماتے۔	
۱۱۵	خطبہ کے درمیان بیٹھنا۔	۲۳۲
۱۱۶	خطاب میں تکبیر کی کثرت۔	۲۳۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱۱۷	خواتین کے اجتماع سے الگ خطاب ۔	۲۳۴
	چند اہم معلومات ۔	
۱۱۸	عید پر مبارکبادی ۔	۲۳۵
۱۱۹	صدقہ فطر کی تعلیم ۔	۲۳۷
	گھر کے ہر فرد کی طرف سے ۔	۲۳۸
	اس کی مقدار ۔	۲۳۹
	ادائیگی کا وقت ۔	

ابتدائیہ

رمضان المبارک امت مسلمہ کے لیے اللہ تعالےٰ کا خصوصی انعام اور عطیہ ہے کیونکہ اسی ماہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول قرآن کا آغاز ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلان نبوت کا حکم دیا گیا۔ جب اللہ تعالےٰ نے اس ماہ میں اپنی آخری کتاب و شریعت کے نزول کا افتتاح اور اپنے آخری پیغمبر سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت و رسالت کے اعلان کا حکم دیا تو تا قیامت امت مسلمہ کو ان خصوصی انعامات پر بطور شکریہ ایک ماہ روزہ رکھ کر جشن منانے کا حکم دیا۔ ارشاد ربانی ہے۔

یاایھا الذین امنوا کتب علیکم	اے اہل ایمان تم پر اللہ تعالےٰ نے
الصیام کما کتب علی الذین	روزے فرض فرمائے ہیں جیسے کہ تم سے
من قبلکم لعلکم تتقون	پہلے لوگوں پر فرض تھے تاکہ تم صاحب
ایاما معدودات	تقویٰ بن جاؤ اور وہ چند گنتی کے
(البقرہ ۱۸۲)	دن میں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کی اہمیت یوں بیان فرمائی ہے۔

لو یعلم العباد ما فی رمضان	کہ اگر معلوم ہو جائے رمضان
لتمنت امتی ان یکون رمضان	کی کیا اہمیت ہے تو امت یہ
السنۃ کلھا	تمنا کرے کہ سارا سال رمضان ہی رہے

(مسند ابو یعلی ۷ : ۱۸۰)

رمضان میں شیاطین کو جکڑ کر انسانوں کو اپنے در پر بلا کر تربیت کا اہتمام کیا جاتا ہے، تاکہ غفلت کے تاریک پردے دُور ہو جائیں، اور انسان اپنے رب کی معرفت اور قرب حاصل کرنے کے درپے ہو جائے ۔ اور یہی اس کی زندگی کا حاصل اور منزل و مطلوب ہے، روزہ محض کھانا پینا چھوڑ دینے کا نام نہیں بلکہ اپنے آپ کو ظاہری و باطنی آلائشوں سے پاک کرنے کا نام ہے ۔

رمضان شریف کے ان پرانوار اور نہایت ہی قیمتی شب و روز کو گزارنے کے لیے سب سے بہتر وہ طریقہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار فرمایا کیونکہ آپ اللہ تعالےٰ کی منشا و رضا سے بھی خوب آگاہ ہیں اور رمضان المبارک کی اہمیت سے بھی، اس لیے ہم اس مقالہ میں اسی موضوع پر مواد جمع کر رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک کیسے گزارتے ؟ یعنی رمضان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات مبارکہ کیا تھے ؟ تاکہ ہم بھی انہی خطوط پر رمضان گزارنے کی کوشش کریں اور اللہ تعالےٰ کے بے پناہ الطاف و انعامات حاصل کر لیں۔

اگر واقعتہً ہم رمضان المبارک کو انہی معمولات کی روشنی میں بسر کرنے کی کوشش کریں تو پورا سال ہی نہیں بلکہ ہماری تمام زندگی برکات سے مالا مال ہو جائے ۔

رمضان ہی میں ہمیں تراویح کی نماز میں پورا قرآن سننے کا موقعہ ملتا ہے جو تعلیمات ربانی کا مرکز و سرچشمہ ہے، اس میں راتوں کا قیام نصیب ہوتا ہے ۔ اسی میں اعتکاف اور شب بیداری میسر آتی ہے ۔

کاش ہم پورا سال رمضان سے پائی ہوئی تربیت پر چل کر اپنی کھوئی ہوئی منزل کو پالیں۔

یہاں الحاج سہیل اقبال کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے جن کے تعاون سے اس کتاب کی اشاعت ہوئی۔

دعا ہے اللہ تعالےٰ اپنی رحمت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل سے ہمیں شریعت کی تعلیمات کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق دے۔

آمین بجاہ طہٰ و بجاہ سید المرسلین

اسلام کا ادنیٰ خادم
محمد خاں قادری
جامعہ اسلامیہ لاہور

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان المبارک کیسے گزارتے

فرضیت روزہ کا دن سوموار تھا

سوموار کے دن کو یہ فضیلت حاصل ہے کہ اس دن اللہ تعالےٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اس کائنات میں جلوہ افروز ہوئے رمضان المبارک کے روزوں کی فرضیت بھی اسی روز ہوئی

وفی یوم الاثنین من السنۃ الثانیۃ من الهجرۃ للیلتین خلتا من شعبان فرض اللہ الصیام علی المومنین۔

دوسری ہجری، دو شعبان بروز سوموار اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں پر رمضان کے روزے فرض فرمائے۔

(رسالہ رمضان، ۲۴)

فرضیتِ رمضان کا حکم دوسری ہجری میں آیا

یاد رہے رمضان المبارک میں فرضیت روزہ کا حکم دوسری ہجری کو مدینہ طیبہ میں نازل ہوا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہجرت کے بعد مسلمانوں کو سب سے پہلے دو چیزیں عطا ہوئیں۔

۱۔ بیت اللہ کا قبلہ ہونا۔ ۲۔ رمضان کا روزہ۔

ان رمضان فرض فی شعبان فی السنۃ الثانیۃ من الهجرۃ

ہجرت کے دوسرے سال شعبان میں فرضیتِ رمضان کا حکم نازل ہوا۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۸)

نومرتبہ رمضان: اس سے یہ حقیقت بھی سامنے آجاتی ہے کہ فرضیت

روزہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دنیا میں نو مرتبہ رمضان پایا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ظاہری حیات کے دس سال مدینہ طیبہ میں گزارے اور روزہ دو ہجری کو فرض ہوا۔ امام ابن حجر ہیثمی رقم طراز ہیں کہ بعض حفاظ حدیث نے یہ تصریح کی ہے۔

صام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسعۃ رمضانات (اتحاف اہل الاسلام، ۹۳)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نو مرتبہ رمضان کے روزے رکھے۔

نزولِ قرآن سے پہلے ماہ رمضان سے تعلق

رمضان المبارک سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق روزہ فرض ہونے کے بعد قائم نہیں ہوا بلکہ آپ کا تعلق اس سے پہلے کا ہے، آپ اسی کے دنوں میں غار حرا کی خلوتوں میں بیٹھ کر اپنے مولیٰ سے تعلق مستحکم کرتے اور اسے سکون و اطمینان کا ذریعہ بناتے تھے، وہ رمضان المبارک کے دن ہی تھے جن میں حضرت جبریل امین علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا سرمدی پیغام بصورت "اقرأ باسم ربك الذی خلق" لے کر آپ کے پاس آئے اور اس وقت آپ غار حرا میں تشریف فرما تھے۔

ابن اسحاق نے حضرت عبید بن عمیر سے نقل کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال ایک ماہ غار حرا میں خلوت و تنہائی میں چلے جاتے حتی کہ وہ ماہ آگیا جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اعلان نبوت کا حکم دیا۔

وذلك الشهر شهر رمضان (السیرۃ النبویہ، ۱: ۲۳۵)	اور وہ ماہ، ماہ رمضان ہی تھا

اللہ تعالٰے نے متعدد جگہ قرآن کے نزول کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا اس کا نزول رمضان میں ہوا۔

۱۔ سورۃ بقرہ میں فرمایا۔

شھر رمضان الذی انزل	رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں
فیہ القران	قرآن نازل کیا گیا۔

۲۔ سورۃ القدر میں ہے۔

انا انزلناہ فی لیلۃ القدر	قرآن کو ہم نے شب قدر میں
	نازل فرمایا ہے۔

حالانکہ اوپر گزرا رمضان المبارک کے روزے مدینہ طیبہ میں ہجرت کے دوسرے سال فرض ہوئے تھے۔

ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی اسی مسئلہ پر دلائل دینے کے بعد کہتے ہیں۔

وبذلك ندرك عمق	اس سے ہمیں معلوم ہو جانا چاہیئے کہ
صلة رسول الله صلى الله	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
علیہ وآلہ وسلم بشھر رمضان	رمضان المبارک کے ساتھ کتنا گہرا و
واستعدادہ لہ قبل ان	مستحکم تعلق ہے اور آپ اعلان
یبعثہ اللہ برسالۃ ویتلوا	رسالت اور تلاوت آیات سے پہلے
ایاتہ	ہی اس کے لیے مستعد اور تیار
(ھکذا اصام رسول اللہ ۱۸)	تھے۔

شیخ عطیہ محمد سالم کہتے ہیں۔

للرسول صلی اللہ علیہ وسلم	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رمضان سے
ارتباط برمضان لکغیرہ	تعلق دوسرے لوگوں کی طرح

من عامة الناس فله ارتباط
قبل الصوم و بعده وان شئت
قلت قبل البعثة و بعدها
(مع الرسول فی رمضان، ۹۰)

نہیں رمضان سے آپ کا تعلق روزہ
فرض ہونے سے پہلے کا ہے یوں
بھی کہا جاسکتا ہے کہ اس سے آپ
کا تعلق، اعلان نبوت سے پہلے بھی تھا
اور بعد میں بھی۔

آیئے اس مبارک ماہ میں آپ کے معمولات کا مطالعہ کریں۔

۱۔ رمضان المبارک سے محبت:

سب سے پہلا معمول آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک سے محبت فرماتے اور اس کے پانے کی دعا کرتے رہتے۔

امام طبرانی کی اوسط میں اور مسند بزار میں ہے جیسے ہی رجب کا چاند طلوع ہوتا تو آپ اللہ تعالےٰ کے حضور یہ دعا کرتے۔

اللھم بارک لنا فی رجب
وشعبان وبلغنا رمضان

اے اللہ ہمارے لیے رجب و
شعبان با برکت بنا دے اور ہمیں
رمضان نصیب فرما۔

مسند احمد میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی الفاظ یوں ہیں۔

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اذا دخل رجب قال اللھم
بارک لنا فی رجب وشعبان
وبارک لنا فی رمضان۔
(مسند احمد، ۱-۲۵۹)

حضور علیہ السلام کا یہ معمول تھا۔
رجب شروع ہوتے ہی آپ یہ دعا
فرماتے اے اللہ ہمارے رجب اور
شعبان کو بابرکت بنا اور رمضان میں بھی
برکتیں عطا فرما۔

فقیر کے پاس مسند احمد کا جو نسخہ ہے اس میں "وبارک لنا فی رمضان" (لیس رمضان میں برکات نصیب فرما) کے کلمات ہیں جب کہ شیخ ابن رجب وغیرہ نے "بلغنا رمضان" (ہمیں رمضان نصیب فرما) کے الفاظ نقل کیے ہیں۔ طبرانی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی الفاظ بھی اس کی تائید کر رہے ہیں جب رجب اور شعبان کا مہینہ شروع ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے۔

اللھم بارك لنا فی رجب	اے اللہ رجب اور شعبان میں
وشعبان وبلغنا شھر رمضان	ہمارے لئے برکت عطا فرما اور
(مجمع الزوائد، ۲: ۱۶۵)	ہمیں ماہ رمضان نصیب فرما۔

شیخ ابن رجب یہ روایت نقل کر کے فائدہ کے طور پر کہتے ہیں کہ اس سے یہ سبق ملتا ہے انسان کو مبارک وقت پانے کے لیے دعا کرنی چاہیئے تاکہ وہ اس میں مزید نیک اعمال کر کے اپنے مولیٰ کا خوب قرب حاصل کر لے۔

وفی ھذا الحدیث دلیل	اس حدیث میں یہ رہنمائی ہے
علی استحباب الدعاء	کہ انسان کا مبارک اوقات میں
بالبقاء الی الازمان	اعمال صالحہ ہی کے لیے زندہ
الفاضلۃ لادراك	رہنے کی دعا کرنا مستحب ہے
الاعمال الصالحۃ	کیونکہ اگر انسان مومن ہے تو
فیھا فان المومن	اس کی عمر میں اضافہ خیر ہی کا
لا یزیدہ عمرہ الا خیرا	سبب ہوتا ہے اور وہ شخص
وخیر الناس من طال	سب سے بہتر ہے جس کی عمر لمبی

عمرہ وحسن عملہ	اور اعمال اچھے ہوں۔

(لطائف المعارف، ۲۳۴)

چھ ماہ پانے کی اور چھ ماہ قبولیت کی دعا

جب ہمارے اسلاف نے اپنے کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول پڑھا اور رمضان المبارک کی اہمیت ان کے سامنے واضح ہوئی تو ان کا عمل بھی پڑھ لیجئے۔ حضرت یعلی بن فضل بیان کرتے ہیں۔

کانوا یدعون اللہ تعالیٰ	صحابہ اور تابعین چھ ماہ رمضان
ستۃ اشہران یبلغھم	پانے کی دعا کرتے اور چھ ماہ اس
رمضان ثم یدعونہ ستۃ	کی قبولیت کی دعا کرتے۔
اشہران یتقبل منھم	

(لطائف المعارف، ۲۸۰)

یعنی چھ ماہ آمد پہ خوشی اور چھ ماہ جدائی پر دکھ کا اظہار کرتے۔

۲۔ شعبان میں رمضان کی تیاری

آپ شعبان المعظم میں رمضان کے لیے تیاری فرماتے۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے رمضان کے علاوہ آپ سب سے زیادہ روزے جس ماہ میں رکھتے وہ ماہ شعبان ہے۔

کان اکثر صیام رسول اللہ	حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شعبان
صلی اللہ علیہ وسلم فی شعبان	میں اکثر روزہ رکھتے۔

(مجمع الزوائد ۳-۱۹۲)

اس کی ایک حکمت تو یہ بیان کی گئی ہے کہ شعبان میں شب برات میں بارگاہ الٰہی میں اعمال پیش ہوتے ہیں۔ آپ چاہتے تھے کہ میرے عمل حالت روزہ میں پیش ہوں جیسا کہ ایک حدیث ضعیف میں بھی ہے۔ لیکن اس کی ایک حکمت محدثین نے یہ بیان کی ہے کہ آپ شعبان میں رمضان المبارک کی تیاری فرماتے کیونکہ شعبان، رمضان کے لیے مقدمہ کی مانند ہے اس میں وہی اعمال ہوں جو رمضان میں ہوں گے۔

یسھل التاھب لتلقی	تاکہ رمضان کی برکات کو حاصل
رمضان و ترتاض النفوس	کرنے کے لیے مکمل تیاری ہو جائے
بذلک علی طاعۃ الرحمٰن	اور نفس، رحمٰن کی طاعت پر خوش
(لطائف المعارف ۲۵۸)	دلی اور خوب اطمینان سے راضی ہو جائے۔

جیسے فرائض سے پہلے سنتیں ہیں جن کے ذریعے انسان ذہن کو اپنے رب کی بارگاہ کی طرف متوجہ کرتا ہے تاکہ ادائیگی فرائض کی ذہنی تیاری ہو سکے۔ صحابہ کے معمول سے اس حکمت کی تائید بھی ہو جاتی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ شعبان میں صحابہ کے معمول پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں۔

کان المسلمون اذا دخل	شعبان شروع ہوتے ہی مسلمان
شعبان اکبوا علی المصاحف	قرآن کی طرف جھک پڑتے، اپنے
فقرؤھا واخرجوا	اموال کی زکوٰۃ نکالتے تاکہ
زکاۃ اموالکم تقویۃ	غریب، مسکین لوگ رمضان
للضعیف والمسکین	بہتر طور پر گزار سکیں۔
علی صیام و رمضان	

٣- شعبان کا چاند اور خصوصی اہتمام

چونکہ روزہ کا مدار چاند پر ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاند۔ (خصوصاً شعبان کا) دیکھنے کا اہتمام فرماتے اگر چاند نظر آجاتا تو روزہ رکھتے اور اگر ابر وغیرہ کی وجہ سے دکھائی نہ دیتا تو شعبان کے تیس دن پورے کرکے پھر روزہ رکھتے حضرت عبداللہ بن ابی قیس کہتے ہیں میں نے ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان
وسلم یتحفظ من شعبان	کا جتنا خیال فرماتے اتنا کسی دوسرے
مالا یتحفظ من غیرہ	ماہ کا نہ فرماتے
(ابوداؤد، باب اذا اغمی الشہر)	

اپنے صحابہ کو شعبان کا چاند دیکھنے اور اسے شمار کرنے کی تلقین فرماتے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں فرمایا کرتے۔

احصوا ہلال شعبان لرمضان	رمضان کے لیے شعبان کے چاند
ولا تخلطوا برمضان الا ان	کو شمار کرو اور اسے رمضان کے
یوافق ذلک صیاما کان	ساتھ خلط ملط نہ کرو مگر وہ آدمی
یصومہ احدکم	روزہ رکھ سکتا ہے جو اس دن پہلے
(الترمذی)	بھی روزہ رکھتا تھا۔

٤- شک کی صورت میں روزہ نہ رکھتے

اگر ابر وغیرہ کی وجہ سے چاند دکھائی نہ دیتا تو رمضان شروع نہ فرماتے

بلکہ شعبان کے تیس دن مکمل فرماتے ۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالے عنہا سے مروی ہے

یصوم لرؤیۃ رمضان فان غم علیہ عد ثلاثین یوما ثم صام (ابو داؤد، باب اذا اغمی الشھر)

رمضان کا چاند دیکھنے پر روزہ شروع فرماتے اور اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے چاند نظر نہ آتا تو شعبان کے تیس دن مکمل فرماتے اور پھر روزہ شروع فرماتے ۔

اپنی امت کو بھی سہولت و آسانی کے لیے یہی تعلیم دی کہ چاند دیکھ کر روزہ رکھو اگر ابر وغیرہ کی وجہ سے چاند دکھائی نہیں دیا تو پھر شک کے دن روزہ نہ رکھو بلکہ شعبان کے تیس دن مکمل کر کے پھر رمضان شروع کرد

یہی حکم عید کے لیے عطا فرمایا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا ۔

فلا تصوموا حتی تروہ ولا تفطروا حتی تروہ فان غم علیکم فاقدروا لہ ثلاثین

چاند دیکھے بغیر روزہ نہ رکھو اور نہ دیکھے بغیر عید کرو اگر ابر وغیرہ ہو تو تیس دن مکمل کیے جائیں ۔

(ابو داؤد ، ۳۱۷)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالے عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ان اللہ قد امدہ لرؤیتہ فان اغمی علیکم فاکملوا العدۃ (المسلم، کتاب الصیام)

اللہ تعالے نے چاند دیکھنے تک مہلت عطا فرمائی ہے اور اگر موسم ابر آلود ہو تو تیس دن کی مدت مکمل کر لو ۔

۵۔ رمضان کے چاند پر ایک مسلمان کی گواہی بھی قبول فرما لیتے

رمضان کا چاند خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم یا اکثر صحابہ نے نہ دیکھا ہوتا مگر کوئی ایک مسلمان اس بات کی گواہی دے دیتا میں نے چاند دیکھا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کا اعلان کروا دیتے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہے ایک دیہاتی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

ابصرت الہلال اللیلۃ	میں نے آج رات چاند دیکھا ہے

آپ نے فرمایا کیا تو توحید و رسالت کو مانتا ہے یعنی مسلمان ہے عرض کیا یا رسول اللہ میں مسلمان ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال کو بلایا اور فرمایا۔

اذن فی الناس فلیصوموا غداً	لوگوں میں اعلان کر دو کل کا روزہ رکھیں۔

(ابوداؤد / ۳۲۰)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہے کہ لوگ چاند تلاش کر رہے تھے، مجھے چاند دکھائی دیا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی۔

انی رأیتہ فصام وامر الناس بصیامہ (ابوداؤد، ۳۲۰)	میں نے چاند دیکھا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود روزہ رکھا اور لوگوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

۶۔ رمضان کا چاند دیکھنے پر مخصوص دعا فرماتے

ہر ماہ چاند کے طلوع ہونے پر دعا کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا مگر رمضان شریف کا چاند ہوتا تو آپ یہ مخصوص دعا فرمایا کرتے۔ نسائی میں مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم۔

كان اذا راى هلال رمضان	جب رمضان کا چاند دیکھتے تو یہ کہتے
قال هلال رشد وخير	یہ چاند خیر و برکت ہے۔ یہ چاند خیر و
هلال رشد وخير امنت	برکت کا ہے میں اس ذات پہ ایمان
بالذى خلقك	رکھتا ہوں جس نے تجھے پیدا فرمایا

(اتحاف اہل الاسلام: ۱۰۸ بحوالہ نسائی)

۷۔ آمد رمضان پر مخصوص دعا کا معمول

جب رمضان شریف شروع ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں مخصوص دعا کیا کرتے۔

كان يقول اذا دخل شهر	جب رمضان شروع ہو جاتا تو آپ
رمضان اللهم سلمنى من	صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے
رمضان وسلم رمضان لى	اے اللہ مجھے رمضان کے لیے سلامتی
وسلمه منى	(صحت و تندرستی) عطا فرما اور میرے
	لیے رمضان (کے اول و آخر کو بادل وغیرہ
	سے) محفوظ فرما اور مجھے اس میں اپنی
	نافرمانی سے محفوظ فرما۔

۸۔ رنگ مبارک فق ہو جاتا

جب رمضان المبارک آتا تو اس خوف کے پیش نظر کہ کہیں کسی مشکل کی وجہ سے اس میں حقِ عبودیت میں کمی نہ ہو جائے آپ کا رنگ مبارک فق ہو جاتا ، ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت تھی ۔

اذا دخل رمضان تغیر لونه	جب رمضان المبارک شروع ہوتا تو
	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ فق ہو جاتا

اس کی حکمت امام مناوی نے ان الفاظ میں بیان کی ہے

خشیة من ان یعرض له	اس ڈر کی وجہ سے کہ کہیں کوئی ایسا
فیه ما یقصر عن الوفاء	عارضہ لاحق نہ ہو جائے جس کی وجہ
بحق العبودیة فیه	سے آپ حق عبودیت میں کمی واقع
(فیض القدیر، ۵، ۱۳۲)	ہو جائے ۔

۹۔ آمد رمضان پر صحابہ کو مبارک باد دیتے

جب یہ مقدس و مبارک ماہ اپنی رحمتوں کے ساتھ سایہ فگن ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو اس کی آمد کی مبارک دیتے ۔ امام احمد اور امام نسائی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آپ کا مبارک معمول ان الفاظ میں نقل کیا ہے ۔

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم	حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو
یبشر اصحابه یقول قد جاء	یہ کہتے ہوئے مبارک باد دیتے کہ تم
کم شهر رمضان شهر مبارك	پر رمضان کا مہینہ آیا ہے جو نہایت
کتب الله علیکم صیامه تفتح	بابرکت ہے اس کے روزے تم پر

فیہ ابواب الجنان و تغلق
فیہ ابواب الجحیم و تغل فیہ
الشیاطین فیہ لیلۃ خیر
من الف شہر من حرم
خیرھا فقد حرم
(النسائی، باب فضل شہر رمضان)

اللہ نے فرض فرمائے ہیں اس میں
جنت کے دروازے کھول دیئے
جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے
بند کر دیتے جاتے ہیں۔ شیطانوں کو
باندھ دیا جاتا ہے۔ اس میں ایک
رات ہے جو ہزار مہینہ سے افضل ہے
جو اس سے محروم ہوگیا وہ محروم ہی رہے گا۔

امام جلال الدین سیوطی اور شیخ ابن رجب کہتے ہیں مسئلہ مبارک باد کے لیے یہ حدیث بنیاد ہے۔

ھذا الحدیث اصل فی
التھنئۃ شہر رمضان
(الحاوی للفتاوی ۱۹-۱۹۳)

رمضان کی مبارک باد پیش کرتے پر
یہ حدیث اصل ہے۔

وہ ماہ مومن کے لیے کیوں مبارک باد کا سبب نہ ہوگا؟ جس میں جنت کے دروازے کھل جائیں، شیطان پر پابندی لگ جائے اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جائیں۔

۱۰۔ رمضان المبارک کو خوش آمدید کہتے

صحابہ کو مبارک باد اور ان پر اس کی اہمیت واضح کرنے کے ساتھ ساتھ رمضان المبارک کو خوش آمدید فرماتے کنز العمال اور مجمع الزوائد میں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے۔

اتاکم رمضان سید الشھور
فمرحبا بہ واھلا
(مجمع الزوائد ۳-۱۴۰)

لوگوں تمہارے پاس رمضان تمام
مہینوں کا سردار آگیا۔ ہم اسے خوش
آمدید کہتے ہیں۔

۱۱۔ آمد رمضان پر خطبہ ارشاد فرماتے

جس دن رمضان المبارک کا چاند طلوع ہونے کی امید ہوتی اور شعبان کا آخری دن ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں صحابہ کرام کو جمع فرما کر خطبہ ارشاد فرماتے جس میں رمضان المبارک کے فضائل و وظائف اور اہمیت کو اجاگر فرماتے تاکہ اس کے شب روز سے خوب فائدہ اٹھایا جائے اور اس میں غفلت ہرگز نہ برتی جائے اس کے ایک ایک لمحہ کو غنیمت جانا جائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے آپ کے اس اہم معمول کو اپنے ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

لما حضر رمضان	جب رمضان المبارک کا ماہ آتا
قال رسول اللہ صلی اللہ	تو آپ فرمایا کرتے تمہارے
علیہ وسلم قد جاءکم	پاس ایک مقدس ماہ
رمضان شہر مبارک	کی آمد ہو گئی ہے۔

(مسند احمد، ۳ - ۱۵۸)

استقبالیہ خطبہ کی تفصیل

کتب احادیث میں رمضان المبارک کی آمد کے موقعہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ خطبہ کی تفصیل بھی ملتی ہے۔ جسے ہم شستہ واضح ترجمہ نقل کر دیتے ہیں

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شعبان کے آخری دن میں خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا اے لوگو!

۱۔ قد اظلکم شہر عظیم مبارک	تم پر ایک نہایت ہی مبارک ماہ سایہ فگن ہونے والا ہے۔

۲۔ شہر فیہ لیلۃ خیر من الف شہر	اس میں ایسی ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے۔
۳۔ شہر جعل اللہ صیامہ فریضۃ وقیامہ تطوعًا	اللہ تعالٰے نے اس کا روزہ فرض فرمایا اور اس میں قیام کو ثواب واجر کے قابل بنایا ہے۔
۴۔ من تقرب فیہ بخصلۃ من الخیر کان کمن ادی فریضۃ فیما سواہ	جو شخص اس میں کسی نیکی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب چاہے گا وہ اس کی مثل درجہ پائے گا جس نے کسی دوسرے مہینہ میں فرض ادا کیا۔
۵۔ ومن ادی فریضۃ فیہ کان کمن ادی سبعین فریضۃ فیما سواہ	جس نے اس میں کسی فرض کو ادا کیا ہے وہ ایسے ہے جیسے کسی نے غیر رمضان میں ستر فرائض ادا کیئے ہوں۔
۶۔ وھو شہر الصبر والصبر ثوابہ الجنۃ	یہ ماہ صبر ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے۔
۷۔ وشہر المواساۃ	یہ لوگوں کے ساتھ غمخواری کا مہینہ ہے
۸۔ وشہر یزاد فی رزق المومن فیہ	اس ماہ میں مومن کے (ظاہری و روحانی) رزق میں اضافہ کردیا جاتا ہے۔
۹۔ من فطر فیہ صائمًا کان مغفرۃ لذنوبہ وعتق رقبتہ	جس نے کسی کا روزہ افطار کروایا وہ اس کے گناہوں کی معافی اور

من النار وكان له مثل اجره من غير ان ينتقص من اجره شئ	دوزخ سے آزادی کا سبب ہوگا اور اسے روزہ دار کی مثل ثواب ملے گا لیکن روزہ دار کے ثواب میں بھی کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔

اس پر صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سب میں یہ طاقت کہاں کہ روزہ دار کو سیر کر کے کھلائیں۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (میرا مقصد سیر کر کے کھلانا نہیں)

١٠۔ يعطى الله هذا الثواب من فطر صائما على تمرة او على شربة او مذقة اللبن	یہ ثواب تو اللہ تعالیٰ اسے عطا فرمائے گا جو ایک کھجور یا گھونٹ پانی یا ایک گھونٹ دودھ پلا دے۔
١١۔ وهو شهر اوله رحمة واوسطه مغفرة وآخره عتق من النار۔	اس ماہ کا پہلا رحمت، اور میانہ حصہ مغفرت و بخشش اور آخری حصہ آگ سے آزادی کا ہوتا ہے۔
١٢۔ من خفف مملوكه فيه غفر الله له واعتقه من النار	جس نے اپنے ملازم کے بوجھ کو اس میں ہلکا کیا اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا اور دوزخ سے آزادی عطا فرمائے گا۔
١٣۔ واستكثروا فيه من اربعة خصال خصلتين ترضون بهما ربكم وخصلتين لا غناء بكم عنها	اور چار چیزوں کی اس میں کثرت رکھو ان میں دو ایسی ہیں جن سے تم اپنے رب کو راضی کر سکتے ہو اور دو ایسی ہیں جن کے بغیر تمہارا گزارہ نہیں ہو سکتا۔

١٤- اما الخصلتان اللتان	وہ دو چیزیں جن سے اپنے
ترضون بهما ربكم فشهادة	رب کو راضی کرو کلمہ طیبہ کا ذکر
ان لا اله الا الله وتستغفرونه	اور استغفار و توبہ۔
١٥- واما الخصلتان اللتان	وہ دو چیزیں جن کے بغیر بخشش
لا غناء بكم عنهما فتسألون	نہیں، اللہ تعالے سے جنت مانگو
الله الجنة وتعوذون به	اور دوزخ سے اسکے دامن رحمت
من النار	کی پناہ مانگو۔
١٦- ومن سقى صائما سقاه الله	اور جس نے کسی روزہ دار کو افطاری
من حوضي شربة لا يظمأ	کے وقت، پانی پلایا اللہ تعالے
حتى يدخل الجنة	(روز قیامت) میرے حوض سے
(صحیح ابن خزیمہ)	اسے وہ پانی پلائیں گے جس کے بعد
	دخول جنت تک پیاس نہیں لگے گی۔

تم کس کا استقبال کر رہے ہو؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے

لما اقبل شهر رمضان	جب رمضان شریف آنا

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے فرماتے سبحان اللہ جانتے ہو۔

ماذا تستقبلون؟	تم کس کا استقبال کر رہے ہو؟ اور
ماذا يستقبلكم؟	تمہارا کون استقبال کر رہا ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے عرض کیا بابی انت وامی یارسول اللہ، کوئی وحی نازل ہونے والی ہوگی یا کسی دشمن سے بھیڑ ہونے والی ہو گی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ایسی کوئی بات نہیں تم۔

لكن شهر رمضان يغفر الله تعالى في اول ليلة لكل اهل هذه القبلة

رمضان کا استقبال کر رہے ہو جس کی پہلی رات تمام اہل قبلہ کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

(فضائل الاوقات للبیہقی، ١٦٦)

١٢۔ تلاوتِ قرآن میں کثرت

رمضان المبارک کے ساتھ قرآن مجید کا جو گہرا تعلق ہے وہ کسی پر مخفی نہیں اس کا نزول اسی ماہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اقدس پر شروع ہوا۔ اس تعلق کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کون جان سکتا ہے۔ ان دونوں کا تعلق اس ارشاد نبوی سے بھی واضح ہو جاتا ہے جو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الصيام والقرآن يشفعان للعبد يوم القيامة يقول الصيام اى رب منعته الطعام والشهوات بالنهار ويقول القرآن منعته النوم بالليل فشفعني فيه فيشفعان

روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کی شفاعت کریں گے روزہ کہے گا اے اللہ میں نے اسے کھانے اور خواہشات سے دن کو روکے رکھا، قرآن کہے گا میں نے اسے رات کو سونے سے روکے رکھا میں اس کی شفاعت کرتا ہوں ہماری شفاعت قبول فرما۔

(مسند احمد، ٢، ١٧٤)

اگرچہ پورا سال تلاوت قرآن آپ کا وظیفہ تھی مگر رمضان میں تلاوت میں اور کثرت فرماتے، سال کی بقیہ راتوں میں نوافل اور تہجد میں خوب قرآن پڑھتے مگر جب رمضان آجاتا تو اس کی راتوں میں پہلے سے بھی طویل قرآت کرتے،

مسند احمد میں ہے کہ آپ کے رازدان صحابی حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رمضان المبارک کی راتوں میں آپ کی تلاوت کے بارے میں بیان کرتے ہیں مجھے ایک دفعہ رمضان کی رات میں آپ کی معیت میں نماز ادا کرنے کا شرف ملا،

فقراء بالبقرۃ ثم بآل	آپ نے سورہ بقرہ پڑھی پھر آل
عمران ثم بالنساء لایمر	عمران، پھر النساء پڑھی جس آیت
بآیۃ تخویف الاوقف	میں خوف الٰہی کا ذکر آتا وہاں ٹھہر
وسأل فما صلی الرکعتین	کر اللہ تعالیٰ سے مانگتے ابھی آپ
حتی جاء بلال فاذن	نے دو رکعتیں مکمل نہیں کیں تھیں
بالصلاۃ	تو بلال نے فجر کی اذان دے دی۔

یعنی تمام رات قرآن کی تلاوت جاری رہی۔

امام ابن حجر مکی رمضان اور قرآن کے تعلق کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہی وجہ ہے۔

کان صلی اللہ علیہ وسلم	آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کی
یطیل القرآن فی قیام رمضان	راتوں میں دیگر راتوں کی نسبت
لیلۃ اکثر من غیرہ	زیادہ تلاوت فرمایا کرتے۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۲۹۲)

۱۳۔ ہر رمضان میں سارا قرآن سناتے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ شرف حاصل ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ہر سال رمضان المبارک میں سارا قرآن مجید سناتے اور وصال کے سال دو دفعہ قرآن مجید سنایا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گیا قرآن مجید کی

کونسی قرأت افضل ہے انہوں نے فرمایا۔

قرأۃ عبد اللہ	حضرت عبداللہ بن مسعود کی قرأت سب سے افضل ہے۔

اس پر دلیل دیتے ہوئے فرمایا۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ہر
وسلم کان یعرض علیہ القرآن	رمضان میں ایک دفعہ مکمل قرآن
فی کل رمضان مرۃ الا العام	سناتے، جس سال آپ کا وصال
الذی قبض فیہ فانہ عرض	مبارک ہوا اس مرتبہ دو دفعہ آپ
علیہ مرتین	نے انہیں قرآن سنایا۔

(ابن سعد، ۲-۳۴۲)

ان سے آپ قرآن مجید سنا بھی کرتے

انہی کو یہ شرف بھی حاصل ہے ان سے آپ قرآن مجید کی تلاوت سنا کرتے۔

بخاری و مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قرآن کی تلاوت سناؤ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ

اقرأ علیک وعلیک انزل	آپ صاحب قرآن ہیں میں کیسے آپکو سناؤں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انی احب ان اسمعہ	میں دوسرے کی زبان سے سننا
من غیری	پسند کرتا ہوں۔

میں نے سورہ نساء کی تلاوت کی جب میں اس آیت مبارک پر پہنچا

فکیف اذا جئنا من کل امۃ	وہ کیا سماں ہوگا جب ہم ہر امت

بشهيد وجئنا بك على هؤلاء	سے ایک گواہ لائیں گے اور آپ
شهيدا	کو ان تمام پر گواہ بنائیں گے۔

فرمایا کافی ہے۔ میں نے آپ کے چہرہ اقدس کی طرف دیکھا تو

فاذا عيناه تذرفان	آپ کی مقدس آنکھیں آنسوؤں سے تر تھیں۔

۱۴۔ جبریل امین کے ساتھ قرآن کا دور

رمضان المبارک میں تلاوت قرآن کا یہ عالم تھا کہ حضرت جبریل امین رمضان کی ہر رات سدرہ چھوڑ کر حجرہ نبوی میں آجاتے۔ ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک جو حصہ قرآن نازل ہو چکا ہوتا اس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دور کرتے یعنی جبریل امین آپ کو قرآن سناتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم جبریل امین کو سناتے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے مروی ہے

وكان يلقاه جبريل في	رمضان کی ہر رات جبریل امین
كل ليلة من رمضان فيد	آپ سے ملاقات کرتے اور آپ
ارسه القرآن	سے قرآن کا دور کرتے۔

(البخاری، کتاب الصوم)

بعض روایات میں الفاظ کچھ یوں ہیں۔

فكان جبريل يتعاهده	جبریل امین ہر سال آتے تو ایک
كل سنة فيعارضه بما	رمضان سے دوسرے رمضان
نزل عليه من رمضان	تک قرآن مجید کے نازل شدہ حصہ

الی رمضان	کا آپ کے ساتھ دور کرتے۔

(فتح الباری ۱۹ - ۳۱)

۱۵۔ آخری رمضان میں دو مرتبہ دور

اگرچہ ہر سال رمضان میں جبریل امین آپ سے ایک دفعہ قرآن کا دور کیا کرتے مگر جس سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا اس رمضان میں دو دفعہ جبریل امین نے آپ کے ساتھ قرآن کا دور کیا۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وصال کے سال آپ نے مجھے فرمایا۔

ان جبریل کان یعرض	جبریل ہر سال مجھ سے قرآن
علی القرآن فی کل سنة	کا دور ایک مرتبہ کرتے اس
مرة فقد عرض علی	سال انہوں نے مجھ سے دو دفعہ
العام مرتین	دور کیا ہے۔

(ابن سعد، ۲ - ۱۹۵)

۱۶۔ سخاوت کی برسات

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری کائنات میں سب سے بڑے سخی ہیں آپ کی بارگاہ سے سائل کبھی خالی نہیں لوٹا۔ اگر اس وقت کچھ پاس نہ ہوتا تو قرض اٹھا کر لوگوں کی ضروریات کو پورا فرماتے۔

۱۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جس شی کا بھی سوال کیا گیا آپ نے عطا فرمائی ایک آدمی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا مجھے دو پہاڑوں کے درمیان جتنی بکریاں آتی ہیں انکی مقدار عطا

کرو آپ نے اسے عطا کیں اس نے اپنی قوم میں جا کر کہا۔

اسلموا فان محمد الیعطی	اسلام قبول کرلو کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ
عطاء ما یخاف الفقر	علیہ وسلم اسی طرح سخاوت کرتے ہیں
(المسلم، کتاب الفضائل)	کہ انہیں فقر کی فکر ہی نہیں

۲- حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ آپ کی سخاوت کے بارے میں بیان کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس مجھے نہایت ہی مبغوض اور ناپسند تھی لیکن مجھے آپ نے ہمیشہ اسقدر عطا فرمایا۔

حتی انہ لاحب الناس	کہ آپ مجھے سب سے بڑھ کر
الی	محبوب ہو گئے۔

(المسلم، کتاب الفضائل)

امام ابن شہاب زہری کا بیان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے موقعہ پر صفوان بن امیہ کو تین بار سو سو اونٹ عطا فرمائے۔

۳- حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے ہے حنین سے واپسی پر بہت سے دیہاتی لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے چمٹ کر سوال کرنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لوکان لی عدد ھذہ العضاہ	اگر ان درختوں کی مانند میرے
نعما قسمتہ بینکم ثم لا	پاس مال و دولت ہوتی تو میں
تجدونی بخیلاً ولا کذّابا	تمہارے درمیان تقسیم کر دیتا تم
ولا جبانا	مجھے اس معاملہ میں بخیل، جھوٹا اور
(البخاری، کتاب الجہاد)	بزدل نہ پاتے۔

۴- حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہے

ما سئل رسول الله صلى الله عليه	آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ بھی
وسلم شيئا فقال لا	مانگا گیا آپ نے کبھی انکار نہیں
(البخاری، کتاب الادب)	فرمایا۔

خود اپنی زندگی فقر و فاقہ میں بسر فرماتے مگر لوگوں پر عطیات کی ایسی بارش فرماتے کہ قیصر و کسریٰ بھی اس پر حیران ہو جاتے پھر آپ کی سخاوت محض مال و دولت لوٹانے تک ہی محدود نہ تھی بلکہ تمام انواع سخاوت پر مشتمل تھی۔

من بذل العلم والمال وبذل	اگر وہاں مال لوٹایا جاتا تھا تو علم بھی
نفسه لله تعالى في اظهار دينه	تقسیم کیا جاتا تھا اللہ تعالیٰ کے دین
وهداية عباده وايصال النفع	کو غالب اور اس کے بندوں کی رہنمائی
اليهم بكل طريق من اطعام	کے لیے جدوجہد کی جاتی مثلاً بھوکوں
جائعهم ووعظ جاهلهم	کو کھانا کھلانا، جاہل کو نصیحت کرنا،
وقضاء حوائجهم وتحمل	خلقت کی حاجتوں کو پورا کرنا اور ان کے
اثقالهم	بوجھوں کو بانٹنا بھی تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت مبارکہ اعلان نبوت کے بعد شروع نہیں ہوئی بلکہ جب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کے ساتھ میل جول ہوا اس وقت سے ہے اعلان نبوت کے وقت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے جن کلمات کے ساتھ آپ کی مدح کی ہے وہ ملاحظہ کیجئے۔

والله لا يخزيك الله ابدا	اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی بھی پریشان
انك لتصل الرحم وتقري الضيف	نہیں فرمائے گا کیونکہ آپ تو رشتہ کو جوڑنے
وتحمل الكل وتكسب المعدوم	والے، مہمان نواز، لوگوں کا بوجھ اٹھانے
وتعين على نوائب الحق	والے، بے سہاروں کا سہارا اور حق کی راہ
(البخاری، باب بدء الوحی)	میں مشکلات پر تعاون فرمانے والے ہیں

ہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت میں ہر دن بہت اضافہ ہوتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ جب رمضان المبارک کا چاند طلوع ہوتا تو سخاوت میں اور اضافہ فرما دیتے صحابہ کا بیان ہے ہم نے رمضان المبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت کی برسات کو تیز ہوا سے بڑھ کر دیکھا ہے۔

بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے بڑھ کر سخی تھے مگر۔

وکان اجود ما یکون فی شہر رمضان	ماہ رمضان میں آپ کی سخاوت اور زیادہ ہو جاتی۔

روایت کے آخری الفاظ ہیں۔

فاذا لقیہ جبریل کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجود بالخیر من الریح المرسلۃ	جب جبریل امین آ جاتے تو آپ کی سخاوت کی برسات کا مقابلہ تیز ہوا نہ کر پاتی۔

(البخاری، کتاب الصیام)

ابن سعد میں اس روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

فاذا اصبح النبی صلی اللہ علیہ من لیلۃ التی یعرض فیہا ما یعرض اصبح وھو اجود من الریح المرسلۃ لا یسال شیاء الا اعطاہ	رات کو جبریل امین آپ سے قرآن کا دور کرتے جب صبح ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تیز ہوا سے بھی بڑھ کر سخاوت فرماتے۔ آپ سے جو شے بھی مانگی جاتی آپ عطا فرماتے۔

(الطبقات، ۲- ۱۹۵)

خصوصی نوٹ

جب ہر نیک و صالح کی ملاقات پر یہ معمول نہایت ہی پسندیدہ بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے تو جب اس امت کو اللہ تعالے نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائے تو اس وقت امتی کا خوشی کا اظہار کرتے ہوئے صدقات وخیرات کرنا کتنا پسندیدہ عمل ہوگا؟

جن لوگوں کو آپ کی غلامی واتباع سے صالحیت نصیب ہوئی ان کی ملاقات و زیارت کے وقت اظہار خوشی اور صدقات وخیرات کو جائز سمجھنا اور ان کے مقتدا اور سرچشمہ ہدایت ونور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے موقعہ پر ان اعمال کو بدعت قرار دینا خود سوچئے کتنا بڑا ظلم و زیادتی ہوگی؟

۱۷۔ قیدیوں کو آزاد فرماتے

رمضان المبارک میں سخاوت، فیاضی کی ایک صورت یہ تھی کہ قیدیوں کو آزاد فرماتے۔ امام بیہقی نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالے عنہما سے اور ابن سعد نے طبقات میں ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا جب رمضان المبارک شروع ہوتا تو رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم

اطلق کل اسیر و اعطی کل سائل	آپ تمام قیدیوں کو آزاد اور ہر سوالی کو عطا فرماتے۔

(فضائل الاوقات، ۱۹۴)

امام عبدالرؤف المناوی اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔

وفیہ ندب عتق الاساری عند اقبال رمضان والتوسعۃ	اس معمول نبوی میں یہ تعلیم ہے کہ آمد رمضان پر قیدیوں کو رعایت

علی الفقراء والمساکین (فیض القدیر، ۵: ۱۳۲)

دی جائے اور فقراء و مساکین پر خوب خرچ کیا جائے۔

۱۸۔ حالت روزہ میں مسواک فرمایا کرتے

مسواک کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو پیار تھا وہ ہر صاحب فہم پر واضح ہے، حالت روزہ میں بھی آپ مسواک فرمایا کرتے تھے۔

ابوداؤد اور ترمذی میں حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مبارک معمول ان الفاظ میں مروی ہے۔

رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتسوک وھو صائم مالا اعد ولا احصی

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت روزہ میں بے شمار اور لاتعداد دفعہ مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ابن ماجہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد عالی منقول ہے

خیر خصال الصائم السواک (السنن الکبری، ۴: ۲۷۲)

روزہ دار کی بہتر خصلت مسواک کرنا ہے۔

۱۹۔ پچھنے لگوا لیتے

جسم سے فاسد مواد خارج کرنے کے لیئے پچھنے لگوائے جاتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احتجم وھو صائم (متفق علیہ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت روزہ میں پچھنے لگوائے۔

اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ خون کا عطیہ دینے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا ہاں اسقدر نہ دیا جائے کہ کمزوری کی وجہ سے روزہ ختم کرنا پڑے۔

۲۰۔ سرمہ لگا لیتے

روزہ کی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم آنکھوں میں سرمہ لگا لیتے تھے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

كان يكتحل وهو صائم	حالت روزہ میں سرمہ لگا لیا کرتے
(ابو داؤد، کتاب الصیام)	

امام ابو داؤد نے یہ تصریح فرمائی ہے جس روایت میں حالتِ روزہ میں سرمہ لگانے سے منع کیا گیا ہے اس کے بارے میں امام یحییٰ بن معین نے واضح کر دیا ہے۔

هو حديث منكر	وہ روایت منکر ہے یعنی قابل
(ابو داؤد، کتاب الصیام)	استدلال نہیں۔

۲۱۔ سترہ رمضان کی صبح قبا تشریف لے جاتے

جس طرح ہر ہفتہ کے دن قبا تشریف جانا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا، اسی طرح رمضان المبارک کے سترہویں صبح بھی آپ قبا تشریف لے جاتے خواہ وہ کونسا دن ہوتا شیخ ابو موسیٰ المدائنی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

كان النبي صلى الله عليه وسلم	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
يأتي قباء صبيحة سبع	رمضان کی سترہ تاریخ کو قبا تشریف

عشرۃ من رمضان ای	سے جایا کرتے خواہ وہ کونسا
یوم کان	دن ہوتا۔

(اتحاف اھل الاسلام، ۲۰۳)

۲۲۔ ٹھنڈک حاصل فرماتے

اگر گرمی شدید ہوتی تو حالت روزہ میں ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے سراقدس پر پانی ڈالتے، ابوداؤد میں ایک صحابی سے مروی ہے۔

رأیت رسول اللہ صلی	میں نے مقام عرج پر رسول اللہ
اللہ علیہ وسلم بالعرج	صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ کے حال
یصب علی رأسہ الماء	میں دیکھا کہ پیاس یا گرمی کی وجہ
وھو صائم من العطش	سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے
او من الحر	سراقدس پر پانی ڈالا جارہا ہے

(ابوداؤد، باب الصائم یصب علیہ الماء)

عرج مکۃ المکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک مقام کا نام ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہے۔

بل ثوبا فالقی علیہ	حالت روزہ میں تر کپڑا ان
وھو صائم	پر ڈالا جاتا تھا۔

(الصیام ورمضان، ۲۳۵)

یاد رہے ایسے عمل کے ذریعے عبادت میں بے صبری اور تنگی کا مظاہرہ نہیں ہونا چاہیئے۔ ورنہ اس میں کراہت ہے۔ یہ محض عبادت میں تعاون کے لیے ہونا چاہیئے۔

۲۲۔ ماہ رمضان کی اہمیت وفضیلت بیان فرماتے

جیسا کہ خطبہ مبارک سے واضح ہوا صحابہ کے سامنے ماہ رمضان کی اہمیت اور فضیلت بیان فرماتے تاکہ امت اس کی خوب قدر کرے اور اس میں عبادت الٰہی میں اضافہ کرے۔

۱۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب رمضان شروع ہوتا ہے۔

فتحت ابواب الجنۃ و غلقت ابواب النار و صفدت الشیاطین (بخاری و مسلم)

جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین کو قید کر دیا جاتا ہے

۲۔ ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم اور بیہقی نے انہی سے مذکورہ الفاظ کے بعد نقل کیا کہ رمضان کی ہر رات ندا دینے والا یہ ندا دیتا ہے۔

یا باغی الخیر اقبل و یا باغی الشر اقصر وللہ عتقاء من النار و ذلک کل لیلۃ (السنن الکبریٰ، ۴، ۳۰۳)

اے خیر بجالانے والے اس میں جلدی کر اور اے شر کے درپے اس سے باز آجا، اسکی ہر رات اللہ تعالٰے دوزخیوں کو آزاد فرماتا ہے۔

۳۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رمضان کی ہر رات یہ آواز دی جاتی ہے کوئی ہے معافی مانگنے والا اسے معافی دیدی جائے؟ کوئی ہے دعا کرنے والا اس کی دعا قبول کی جائے؟ کوئی ہے سائل اسے عطا کیا جائے؟ ہر روز افطار کے وقت

عتقاء من النار ستون الفا

ساٹھ ہزار دوزخی آزاد کیے جاتے

فاذا کان یوم الفطر اعتق	پس جب عید کا دن آتا ہے
مثل ما اعتق فی جمیع	تو تمام ماہ میں آزاد کردہ دوزخیوں
الشہر	کی مقدار کے برابر افراد کو آزادی دی جاتی ہے۔

(کنزالعمال، ۲۳۷۰۴)

۴۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے ہر دن اور رات میں اللہ تعالٰے

الف الف عتیق من النار	ایک کروڑ آدمی کو دوزخ سے آزاد فرماتا ہے

اور جب رمضان کی انتیس رات آتی ہے تو

اعتق اللہ فیہا مثل جمیع	تمام ماہ میں آزاد کردہ کی مقدار
ما اعتق فی کل شہر	اس میں آزاد کیے جاتے ہیں۔

(اتحاف، ۴۶)

۵۔ امام طبرانی اور بیہقی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

سید الشہور رمضان و سید	تمام مہینوں کا سردار رمضان اور تمام
الایام الجمعۃ	دنوں کا سردار جمعہ کا دن ہے۔

(ابن عساکر، ۷: ۲۵۶)

۶۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رمضان کے روزے حالتِ ایمان اور رضائے الٰہی کی خاطر رکھے۔

غفر لہ ما تقدم من ذنبہ	اسکے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

(بخاری و مسلم)

۷۔ طبرانی نے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے ایک آدمی دیکھا جو پیاس کی وجہ سے زبان لٹکائے ہوئے تھا وہ جب بھی حوض کی طرف آتا اسے دور کر دیا جاتا

فجاءہ صیام رمضان فسقاہ ورواہ	اسکے پاس رمضان کے روزے آتے اور انہوں نے
(رسالہ رمضان، ۶۹)	اسے خوب سیر کرکے پانی پلایا

۸۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کی خاطر ابتدا سال سے لے کر دوسرے سال تک جنت کو خوب سجایا جاتا ہے۔

فاذا کان اول یوم من رمضان	جب رمضان کا پہلا دن آتا ہے
ھبت ریح تحت العرش من	تو عرش کے نیچے سے جنت کے
ورق الجنة علی الحور العین	پتوں، حوروں پر ہوا چلتی ہے۔

اور وہ حوریں کہتی ہیں اے ہمارے رب اپنے بندوں میں سے ہمارے لئے لیسے خاوند بنا جس کے ساتھ ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کی آنکھیں ہماری وجہ سے ٹھنڈی ہوں (شعب الایمان ؛ بیہقی)

۹۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہے حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک کی آمد پر ایک دن فرمایا۔

اتاکم رمضان شهر برکة	تمہارے پاس ماہ برکت رمضان آیا ہے
یغشاکم الله فیه ینزل	اللہ تعالیٰ اس میں تم پر خصوصی توجہ فرماتا ہے
الرحمة ویحط الخطایا و	اپنی رحمت نازل فرماتے ہوئے گناہ معاف
یستجیب فیه الدعا ینظر	اور دعائیں قبول فرماتا ہے، اس میں تمہارے
الله تعالی الی تنافسکم فیه	شوق وذوق کو ملاحظہ فرماتا ہے اور ملائکہ میں

دیباھی بکم ملائکتة	تم پر فخر فرماتا ہے۔

لہذا تم اس میں خوب نیکی و خیر بجالاو، بد بخت ہے جو اس میں اللہ تعالٰے کی رحمت سے محروم رہ جائے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی)

۱۰۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی آخری رات کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا

یغفر لامته فی اخر لیلة	رمضان کی آخری رات میں امت کی
فی رمضان	بخشش کردی جاتی ہے۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ

اھی لیلة القدر ؟	کیا وہ لیلۃ القدر کی رات ہوتی ہے ؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لا ولکن العامل انما یوفی	نہیں لیکن کام مکمل کرنے والے کو اس
اجرہ اذا قضی عملہ	کی محنت پر کامل اجر و ثواب دیا جاتا
(مسند احمد)	ہے۔

۲۴۔ روزے کی فضیلت بیان فرماتے

رمضان کی اہمیت کے ساتھ ساتھ روزے کی فضیلت و اہمیت بھی اجاگر فرماتے۔

۱۔ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الصیام جنة من النار کجنة	روزہ دوزخ سے محفوظ رکھنے والا ہے
احدکم من القتال	جیسے ڈھال تمہیں قتال کے موقع پر محفوظ
(النسائی، کتاب الصیام)	رکھتی ہے۔

امام بیہقی نے انہی سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔

الصوم جنة من عذاب الله   روزہ اللہ کے عذاب سے ڈھال ہے
(اتحاف، ۲۵)

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے اللہ تعالےٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

حصنا امتی الصیام والقیام   میری امت کی دو حفاظت گاہیں ہیں
(مسند احمد، طبرانی)   روزہ اور رات کا قیام،

۳۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کل حسنة لعشر امثالها الی سبعمائة   ہر نیکی کا اجر دس سے لے کر سات
ضعف الا الصوم   سو تک ہے مگر روزہ (اس کے اجر کی
(فتح الباری، ۴: ۱۱۰)   کوئی حد نہیں

۴۔ حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما سے ہے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ کا ارشادِ گرامی ہے

ان الصوم لی وانا اجزی به   روزہ میرے لیے ہوتا ہے اور
(المسلم، کتاب الصیام)   میں اس کی جزا ہوں۔

۵۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شی کی زکوٰۃ ہے۔

وزکاة الجسد الصوم   جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے۔
(المعجم الکبیر، ۶: ۲۳۸)

۶۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سرکارِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا ہر شئی کا ایک دروازہ ہوتا ہے۔

وباب العبادة الصيام　　عبادت کا دروازہ روزہ ہے

(اتحاف السادة المتقين، ۴ : ۹۲)

۷۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الصيام نصف الصبر　　روزہ، صبر کا نصف ہے

یاد رہے ایک روایت میں صبر کو نصف ایمان فرمایا گیا ہے لہذا روزہ ایمان کا چوتھائی قرار پائے گا۔

۸۔ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ تعالے کی رضا کی خاطر ایک دن روزہ رکھا۔

باعد الله منه جهنم　　اللہ تعالے ایسے شخص کو دوزخ
مسيرة مائة عام　　سے سو سال کی مسافت دور فرما دیگا

(النسائی)

۹۔ نسائی اور ابن خزیمہ نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کسی عمل کی نصیحت فرمائیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

عليك بالصوم فانه لا عدل　　روزہ رکھا کرو اس کے برابر کوئی نہیں
له

میں نے دوبارہ عرض کیا یا رسول اللہ

مرني بعمل ؟　　مجھے اور کوئی عمل بتائیے ؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عليك بالصوم فانه لا مثيل له　　روزہ رکھا کرو اس کا کوئی بدل نہیں۔

میں نے سہ بار عرض کیا یا رسول اللہ اس کے علاوہ کوئی عمل فرمایا

علیك بالصوم فانہ لامثل	روزہ دار بنو روزہ کی مثل ہی
لہ	نہیں۔

صحیح ابن حبان میں اسی روایت کے الفاظ یہ ہیں میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ

دلنی علی عمل ادخل بہ	مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جس
الجنۃ	کی وجہ سے میں جنتی ہو جاؤں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

علیك بالصوم فانہ لامثیل لہ	روزہ رکھا کرو اس کی کوئی مثل نہیں

راوی کہتے ہیں اس کے بعد حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ اسقدر روزہ کے پابند ہوئے۔

لایری فی بیتہ الدخان	ان کے گھر دن کا اگر چولہا جلتا تو
نہاراً الا اذا نزل بہم	محسوس ہو جاتا آج کوئی مہمان
ضیف	آیا ہوا ہے۔

(غایۃ الاحسان، ۳۵)

یعنی مہمان کی وجہ سے دن کو کھانا پکتا ورنہ نہیں۔

۲۵ روزہ دار کی فضیلت بیان فرماتے

رمضان المبارک اور روزہ کی برکات کے ساتھ ساتھ روزہ دار کا مقام اور درجہ بھی بیان فرماتے۔

جنت میں خصوصی دروازہ سے داخلہ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے کا نام "ریان" ہے روز قیامت فرمایا جائے گا روزہ دار کہاں ہیں ؟ آواز سن کر روزہ دار کھڑے ہوں گے انہیں ریان دروازے سے جنت میں داخل کیا جائے گا۔

فاذا دخلوا اغلق علیھم	جب روزہ دار داخل ہو جائیں
فلم یدخل منہ احد	گے تو دروازہ بند کر دیا جائے
(بخاری ومسلم)	گا پھر اس سے کوئی داخل نہ ہو گا۔

کبھی پیاس نہیں لگے گی

انہی سے یہ مروی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس دروازے سے داخل ہو گا وہ ایسا مشروب پیئے گا۔

ومن شرب لم یظما ابدا	جو اسے پی لے گا اسے کبھی پیاس
(النسائی ، کتاب الصیام)	محسوس نہ ہو گی۔

روزہ دار کے لئے پانچ بشارتیں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کو رمضان کے حوالے سے ایسی پانچ چیزیں عطا ہوئی ہیں جو سابقہ کسی امت کو نصیب نہیں ہوئیں۔

۱۔ خلوف فم الصائم اطیب عند اللہ من ریح المسک	روزہ دار کے منہ کی خوشبو اللہ تعالےٰ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہوتی ہے۔
۲۔ تستغفر لھم الحیتان حتی یفطروا	افطار تک سمندر کی مچھلیاں روزہ داروں کے لئے دعا کرتی ہیں۔
۳۔ یزین اللہ عزوجل کل یوم جنۃ	ہر روز جنت کو مزین کیا جاتا ہے۔
۴۔ تصفد فیہ مردۃ الشیاطین	شیاطین کو رمضان میں قید کر دیا جاتا ہے۔
۵۔ یغفر لھم فی اٰخر لیلۃ	آخری رات امت کی بخشش کر دی جاتی ہے۔

ہر وقت عبادت میں

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار ہر وقت عبادت میں ہوتا ہے۔

فان کان نائما علی فراشہ	اگرچہ وہ بستر پر سویا ہوا ہو

(کنز العمال، ۲۳۸٦۲)

جنت کا کھانا اور مشروب

انہی سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے روزے نے کھانے پینے سے روکے رکھا۔

اطعمہ اللہ من ثمار	اللہ تعالے جنت سے اسے پھل
الجنۃ وسقاہ من شرابہا	کھلائے گا اور جنت کے مشروب سے
(اتحاف اہل الاسلام، ۳۶)	اسے سیراب فرمائے گا ۔

روزہ دار کے لئے دو خوشیاں

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں ۔

فرحۃ عند فطرہ وفرحۃ	ایک خوشی بوقت افطار اور دوسری
عند لقاء ربہ	اپنے رب تعالے سے ملاقات کے
(مسند احمد، ۴ : ۱۱۰)	وقت

روزہ دار کے لئے ملائکہ کی دعا

ایک آدمی نے اگر نفل روزہ رکھا ہوا ہے دوسرا آدمی اس کے پاس کھا رہا ہے تو جب تک کھانے والا فارغ نہیں ہوتا روزہ دار کے لئے اللہ تعالے کے فرشتے دعا کرتے رہتے ہیں ۔

حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ دار کے پاس جب کوئی کھانا کھاتا ہے

لم تزل یصلی علیہ الملائکۃ	تو ملائکہ اس کے فارغ ہوتے
حتی یفرغ من طعامہ	تک روزہ دار کے لیے اللہ تعالے
(مسند احمد، ۶ : ۳۶۵)	سے دعا کرتے ہیں ۔

٢٦۔ روزہ کی نیت

یاد رہے کسی عمل کا ثواب نیت کے بغیر حاصل نہیں ہوتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے

انما الاعمال بالنیات	اعمال کا مدار نیت پر ہے۔

نیت دل کے عزم اور مصمم ارادے کا نام ہے یعنی عمل کرتے وقت انسان یہ ارادہ کرے میں یہ کام اپنے خالق و مالک کی رضا جوئی کے لئے کر رہا ہوں روزہ تو نام ہی طلوع فجر سے لے کر غروب آفتاب تک اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر کھانے پینے اور جماع سے رک جانا ہے۔

قضا اور کفارہ روزہ کی نیّت

اس پر تمام امت کا اتفاق ہے کہ قضا و کفارہ کے روزہ کی رات کو نیت کرنا ضروری ہے امام نووی فرماتے ہیں۔

ولا نعلم احد اخالف فی ذلک	ہمارے علم میں اس بارے میں کسی کو اختلاف نہیں۔

(المجموع ٦، ٣٣٧)

روزہ رمضان کی نیت

اس بارے میں اختلاف ہے دیگر علماء کی رائے یہ ہے کہ رات ہی کو نیت کرنا ضروری ہے لیکن علماء احناف کی تحقیق یہ ہے کہ روزہ کا اکثر حصہ گزر جانے سے پہلے نیت کر لینے سے روزہ ادا ہو جائے گا۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم عاشوراء میں ایک آدمی کو حکم دیا جاؤ یہ اعلان کر دو۔

ان من اکل فلیصم ومن	جس نے کھایا ہوا ہے وہ
لم یا کل فلا یا کل	روزہ رکھ لے اور جس نے
(البخاری)	نہیں کھایا وہ اب نہ کھائے

دیگر لوگوں کی دلیل یہ روایت ہے، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من لم یبیت الصیام	جس نے رات نیت نہ کی
من اللیل فلا صیام لہ	اس کا روزہ نہیں۔
(النسائی)	

روایت کے بارے میں احناف کا موقف ہے کہ یہ مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے۔

امام بخاری فرماتے ہیں۔

والصحیح عن ابن عمر	صحیح یہی ہے کہ یہ حضرت عبداللہ
موقوف	بن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ہے

امام ترمذی کی رائے ہے

الموقوف اصح	اصح یہی ہے کہ یہ صحابی کا قول ہے۔

امام نسائی کی تحقیق یہ ہے

الصواب عندی انہ موقوف	میرے نزدیک درست یہی ہے کہ یہ
ولم یصح رفعہ	موقوف ہے اور اس کا فرمان نبوی ہونا
(فقہ الصوم، ٢ : ٢٠٥)	صحیح نہیں۔

اگر اسے مرفوع تسلیم کر لیا جائے تو اس کا مفہوم یہ ہے کہ کامل روزہ وہ ہے جس کی نیت رات کو کر لی جائے امام بدرالدین عینی احناف کی طرف سے یہی بات یوں بیان کرتے ہیں۔

بعد التسلیم بصحته وسلامته عن الاضطراب بانه محمول علی نفی الفضیلة والکمال کما فی قوله صلی اللہ علیه وسلم لا صلاة لجار المسجد الا فی المسجد	اگر اسے صحیح اور اضطراب سے محفوظ مان ہی لیا جائے تو یہ نفی فضیلت و کمال پر محمول ہوگی جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے مسجد کے پڑوسی کی نماز مسجد کے علاوہ نہیں ہوتی۔

(عمدة القاری ۱۰، ۳۰۶)

۲۷۔ سحری تناول فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک میں سحری تناول فرماتے اور اسے غدا مبارک (صبح کا بابرکت کھانا) قرار دیتے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سحری کے وقت فرمایا کھانے کے لیئے کچھ لاؤ۔

فاتیته بتمر واناء فیه ماء	میں نے آپ کی خدمت اقدس میں کھجور اور پانی پیش کیا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انظر رجلاً یاکل معی	دیکھو کوئی ہے جو میرے ساتھ کھانے میں شریک ہو۔

میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بلایا انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ میں نے ستو تناول کیے ہیں اور روزہ کی نیت کر چکا ہوں۔ آپ نے فرمایا ہم نے بھی تو روزہ رکھنا ہے، تو وہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری میں شریک ہوتے (النسائی، السحور بالسویق والتمر)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہی سے ہے

تسحرنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کیا کرتے تھے۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب سحری ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے فرمایا کرتے۔

قربی الینا الغداء المبارک	ہمارے لیے صبح کا بابرکت کھانا لاؤ

(النسائی، کتاب الصیام)

ایک صحابی سے مروی ہے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سحری کے وقت گیا۔

دخلت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یتسحر	جب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ میں داخل ہوا تو آپ سحری فرما رہے تھے۔

فرمانے لگے۔

انہا برکۃ اعطاکم اللہ ایاھا فلا تدعوہ (النسائی، فضل السحور)	سحری سراپا برکت ہے اللہ تعالیٰ نے خصوصاً یہ تمہیں عطا فرمائی ہے اسے ترک نہ کیا کرو۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

دعانی رسول اللہ صلی اللہ	مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان
علیہ وسلم الی السحور فی	کی سحری میں شرکت کی دعوت دیتے
رمضان قال ھلم الی	ہوئے فرمایا آؤ بابرکت کھانے میں
الغداء المبارک	شریک ہو جاؤ۔

(مسند احمد، ۴ : ۱۲۶)

۲۸۔ سحری کو غدا مبارک قرار دیا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کو صبح کا بابرکت کھانا قرار دیا جیسا کہ بعض مذکورہ روایات میں ذکر ہوا۔

حضرت معدی کرب رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سحری کھانے کا حکم ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا۔

فانہ ھو الغداء المبارک	کیونکہ یہ صبح کا بابرکت کھانا ہے

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے سحری میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے یہ کلمات سنے۔

ھلموا الی الغداء المبارک	صبح کے بابرکت کھانے میں آؤ
(النسائی، تسمیۃ السحور غداءً)	شرکت کرو۔

۲۹۔ سحری کھجور سے فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطاری کی طرح سحری بھی کھجور سے فرماتے اور وہ بھی زیادہ نہیں ہوا کرتیں تھیں بلکہ اکثر فقط دو کھجوریں اور پانی ہوتا۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس جو سحری پیش کی جاتی تھی۔

ربما لم یکن الا تمرتین   وہ اکثر دو کھجوریں ہوا کرتی تھیں

(مع الرسول فی رمضان، ۲۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں روزہ رکھنا چاہتا ہوں سحری کا بندوبست کرو۔

فاتیتہ بتمر واناء فیہ   تو میں نے کھجور اور ایک برتن میں
ماء   پانی لا کر پیش کیا۔

(النسائی، السحور بالتمر)

۳۰۔ کھجور کو بہترین سحری قرار دیا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے ساتھ سحری کرنے کو بہترین سحری قرار دیا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نعم سحور المومن التمر   مومن کی بہترین سحری کھجور ہے

(ابوداؤد، ۲۳۴۵)

امام طبرانی نے حضرت سائب بن یزید اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

نعم السحور التمر   بہترین سحری کھجور ہے۔

(المعجم الکبیر، ۷ : ۱۸۹، ۱۷ : ۲۸۳)

کسی بھی شئی سے سحری کی جاسکتی ہے؟

باقی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کے لیئے کسی شئی کو بھی مخصوص نہیں فرمایا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من ارادان یصوم فلیتسحر بشئ	جو بھی روزے رکھنا چاہے وہ کسی نہ کسی شئی سے سحری کرلے

(مسند احمد، ۳: ۳٦٧)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تسحروا ولو بشربة من ماء	سحری کرو خواہ پانی کا ایک گھونٹ ہو۔

(الکامل لابن عدی، ۲: ۲٦٧)

امت مسلمہ اور اہل کتاب کے روزہ میں فرق

سحری کو امت مسلمہ اور اہل کتاب کے روزہ میں فرق قرار دیا، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

فصل ما بین صیامنا وصیام اھل الکتاب اکلة السحر	ہمارے روزے اور اہل کتاب کے روزے کے درمیان سحری تناول کرنے کا فرق ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۳۱ امت کو سحری کرنے کی تعلیم دی

اپنی امت کو رمضان المبارک میں سحری کرنے کی تعلیم دی تاکہ امت

مشقت میں نہ پڑے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تسحروا فان فی السحور	سحری کیا کرو کیونکہ سحری میں
برکۃ	برکت ہے۔

(المسلم، کتاب الصیام)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

السحور کلہ برکۃ فلا تدعوہ	سحری سراپا برکت ہے اسے
(مسند احمد، ۳ : ۱۲)	ترک نہ کیا کرو۔

سحری کرنے والوں پر اللہ کی رحمتیں

مذکورہ روایت میں ہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کرو اگرچہ پانی کے گھونٹ پر ہو

فان اللہ وملائکتہ	اللہ تعالے اور اس کے فرشتے
یصلون علی المتسحرین	سحری کرنے والوں پر رحمتیں نازل
(مسند احمد، ۳ : ۱۲)	کرتے ہیں۔

۳۲۔ سحری میں برکت کی دعا فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کی سحری میں برکت کی دعا بھی فرمائی، امام دارقطنی نے "الافراد" میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا نقل کی ہے

اللہم بارک لامتی	اے اللہ میری امت کی سحری

فی سحورہا میں برکت عطا فرما۔

اس کے بعد فرمایا سحری کیا کرو اگرچہ پانی کا گھونٹ ہو یا ایک کھجور ہو یا زبیب کے دانے ہو کیونکہ سحری کرنے والوں کے لیئے ملائکہ دعا کرتے ہیں۔ (اتحاف اہل الاسلام، ۱۶۵)

۳۲۔ سحری کرنے والوں کے لئے دعا فرماتے

سحری کے ساتھ ساتھ سحری کرنے والوں کو بھی اپنی مبارک دعا سے نوازا، امام طبرانی نے حضرت ابو سوید رضی اللہ عنہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا روایت کی ہے۔

اللھم صل علی المتسحرین اے اللہ سحری کرنے والوں پر
(اتحاف، ۱۶۶) اپنی رحمتوں کا نزول فرما۔

۳۴ سحری کے فوائد و حکمتیں بیان فرماتے

۱۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کو سراپا برکت قرار دیا جیسا کہ اوپر بیان ہوا واقعتاً اس طعام سے بڑھ کر برکت والا طعام کون ہو سکتا ہے۔ جو اللہ تعالے کی طاعت و فرمانبرداری کا سبب بنے۔

۲۔ اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل کتاب کی مخالفت قرار دیا جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

۳۔ یہ روزہ رکھنے میں معاون ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

استعینوا بطعام السحر علی سحری کے کھانے سے دن کے
صیام النہار وبقیلولۃ روزہ پر اور رات کے قیام پر

النهار علی قیام اللیل   دن کے قیلولہ سے مدد حاصل کرو
(ابن ماجہ، المستدرک، ۱: ۴۳۵)

۳۵ سحری میں تاخیر فرماتے

سحری تناول فرمانے میں جلدی نہ کرتے بلکہ اس میں خوب تاخیر سے کام لیتے یعنی طلوع فجر کے قریب سحری کرتے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم انبیا کی جماعت ہیں۔

امرنا ان نؤخر سحورنا   ہمیں سحری میں تاخیر کا حکم دیا
(السنن الکبری، کتاب الصیام)   گیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے سحری کی۔ پھر دونوں نماز فجر کے لیے نکلے راوی حدیث نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا سحری سے فراغت اور نماز کے درمیان کتنا وقت تھا؟ تو انہوں نے فرمایا۔

قدر ما یقرأ الانسان   اتنے وقت میں آدمی قرآن کی پچاس
خمسین آیۃ   آیات کی تلاوت کر سکتا ہے۔
(بخاری باب وقت الفجر)

دوسری روایت میں سحری اور اذان کے درمیان اتنا وقت بیان ہوا ہے (البخاری، کتاب الصوم)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کرنے کا شرف حاصل تھا ان سے عرض کیا گیا۔

ای ساعۃ تسحرت مع   آپ نے کونسے وقت میں

لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کی؟

تو انہوں نے فرمایا۔

ھو النھار الاان الشمس	خوب روشنی ہو چکی تھی البتہ
لم تطلع	سورج طلوع نہیں ہوا تھا۔

(النسائی)

یعنی طلوع فجر کے قریب سحری کی تھی۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ہے کہ میں اپنے گھر سحری کرتا

ثم تکون سرعتی ان	پھر بڑی جلدی سے رسول اللہ
ادرک السجود مع رسول	صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز کے
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	کے لیے حاضر ہو جاتا۔

(البخاری، کتاب الصوم)

بخاری کی ہی دوسری روایت کے الفاظ ہیں میں سحری کرتا۔

ثم یکون سرعۃ بی ان ادرک	اور پھر جلدی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم
صلاۃ الفجر مع رسول اللہ	کے ساتھ نماز فجر ادا کرنے کے لیے
(البخاری، کتاب مواقیت الصلاۃ)	حاضر ہو جاتا۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں نماز فجر کی اطلاع کے لیے حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا روزہ رکھنے کا ارادہ تھا۔

فدعا بقدح فشرب و	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک
سقانی ثم خرج الی	پیالہ منگوایا اس سے خود بھی پیا

المسجد للصلاۃ	اور مجھے بھی بلایا اس کے بعد
(مسند احمد)	نماز کے لیئے مسجد کی طرف تشریف
	لائے۔

اگر بلال نہ ہوتے

مصنف عبدالرزاق میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت بلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ سحری فرما رہے تھے حضرت بلال نے عرض کیا یا رسول اللہ نماز آپ نے سحری جاری رکھی دوبارہ حاضر ہوئے تو ابھی سحری فرما رہے تھے سہ بارہ عرض کیا یا رسول اللہ

قد واللہ اصبحت	اللہ کی قسم صبح ہو گئی ہے۔

اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالے بلال پر رحم فرمائے۔

لولا بلال لرجونا ان	اگر بلال نہ ہوتے تو امید تھی
یرخص لنا حتی تطلع الشمس	ہمیں طلوع آفتاب تک سحری
(ھکذا اصام رسول اللہ، ۵۸)	کی اجازت مل جاتی۔

ان روایات سے واضح ہو جاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سحری طلوعِ فجر کے بالکل قریب فرمایا کرتے۔

شیخ ابنِ ابی جمرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سحری اور اس میں تاخیر کی حکمت یوں تحریر کرتے ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی
علیہ وسلم ینظر ما ھو الا	امت پر شفقت فرما ہوتے ایسے
رفق باللہ فیفعلہ لانہ	کیا اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم

لولم يتسحر لاتبعوه فشق على بعضهم ولو تسحر في جوف الليل لشق ايضًا على بعضهم ممن يغلب عليه النوم فقد يفضي الى ترك الصبح او يحتاج الى المجاهدة بالسهر

سحری نہ فرماتے تو لوگ آپ کی اتباع کرتے تو بعض پر یہ شاق ہو جاتا اور اگر سحری نصف رات میں فرماتے ان لوگوں پر شاق ہو جاتا جن پر نیند غالب آجاتی تو اس سے یا تو نماز صبح کا ترک لازم آتا یا زیادہ دیر بیدار رہنا پڑتا۔

یعنی سحری میں تاخیر کا اہم فائدہ یہ ہے کہ روزہ دار کو نماز صبح کی ادائیگی میں آسانی ہو اگر طلوع فجر سے کافی دیر پہلے سحری کر لی جائے تو نیند کے غلبہ کی وجہ سے نماز رہ جانے کا امکان ہوتا ہے۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو یہی تعلیم عطا فرمائی کہ طلوع فجر کے قریب سحری کھاؤ اور پھر سونے کے بجائے نماز کے لیے مسجد چلے جاؤ اور نماز باجماعت ادا کرو

ائمہ مساجد سے درخواست

اسی لیئے ائمہ مساجد سے درخواست ہے وہ بھی رمضان المبارک میں جماعت کا وقت ایسا رکھیں کہ لوگوں کو جماعت کے لیے زیادہ انتظار نہ کرنا پڑے مثلاً سحری کے بعد پندرہ یا بیس منٹ کے وقفہ کے بعد جماعت کروا دی جائے، اگر نماز میں زیادہ تاخیر کر دی جائے گی تو ممکن ہے بعض نمازی نیند کے غلبہ کی وجہ سے جماعت سے محروم ہو جائیں گے بلکہ ہو سکتا ہے نماز ہی رہ جائے اس لئے حکمت یہی ہے کہ سحری اور نماز کے درمیان وقفہ کم از کم سے رکھا جائے۔

۳۔ امت کو بھی سحری میں تاخیر کا حکم

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو بھی رمضان میں سحری، کو موخر کرنے کا حکم دیا تاکہ انہیں خوب آسانی ہو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بکروا بالافطار واخروا	افطار میں جلدی اور سحری میں
السحور۔	تاخیر کیا کرو

(الکامل لابن عدی، ۶ : ۲۳۲۳)

حضرت عقبہ بن عامر اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہما سے ہے کہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تسحروا من آخر اللیل	سحری رات کے آخری حصہ میں کیا کرو

(مجمع الزوائد، ۳ : ۱۵۱)

امت خیر پر رہے گی

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت اس وقت تک خیر پر رہے گی۔

ما اخروا السحور وعجلوا	جب تک وہ سحری میں تاخیر سے
الافطار	اور افطار میں جلدی سے کام لے
(مسند احمد)	گی۔

۳۷۔ روزہ کے آداب بیان فرماتے

ہر عبادت کے کچھ آداب ہوتے ہیں اگر ان کو پیشِ نظر رکھ کر اس عبادت کو بجالایا جائے تو اس کے ثمرات ہوتے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ کے آداب بھی بیان فرمائے تاکہ امت حالت روزہ میں ان کا خصوصی خیال رکھے۔

حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ سے ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

الصیام جنۃ مالم یخرقها	روزہ آدمی کے لئے ڈھال کا کام دیتا ہے بشرطیکہ وہ اسے پھاڑ نہ ڈالے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ ارشاد فرمایا تو عرض کیا گیا۔

ولم یخرقه ؟	اسے کس کے ساتھ پھاڑا جا سکتا ہے؟

ارشاد فرمایا۔

بکذب او غیبۃ	جھوٹ یا غیبت کے ساتھ۔

(المعجم الاوسط للطبرانی)

زبان اور تمام اعضا کو محارم سے روک لیا جائے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی روزہ دار ہو تو نہ بُری بات کرے اور نہ غلط کام کرے اگر اس سے کوئی لڑے یا اسے کوئی گالی دے تو وہ کہے

انی صائم	میں حالت روزہ میں ہوں۔

(المسلم، کتاب الصیام)

امام حاکم اور بیہقی نے انہی سے روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ محض کھانے پینے کا نام ہی نہیں۔

انما الصیام من	روزہ تو لغویات اور بری
اللغو والرفث	باتوں سے بچنے کا نام ہے۔

(السنن الکبری، ۴، ۲۷۰)

محض کھانا پینا چھوڑ دینا ہی کافی نہیں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ عزوجل کا فرمان ہے۔

من لم یصم جوارحہ	جس کے اعضا حرام کاموں سے
عن محارمی فلا حاجۃ	نہیں رکتے اس کا میری خاطر نہ
لی ان یدع طعامہ وشرابہ	کھانے اور نہ پینے کی کوئی ضرورت
من اجلی	نہیں۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۱۷۵)

امام نسائی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان الصائم اذا لم یدع	روزہ دار اگر جھوٹ اور غلط عمل
قول الزور والعمل بہ	ترک نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ کو
فلیس للہ حاجۃ فی ان	یہ حاجت نہیں کہ وہ محض کھانا
یدع طعامہ وشرابہ	اور پینا ترک کر دے۔

زباں کو غیبت سے محفوظ رکھا جائے

جس طرح زبان کو جھوٹ اور فحش کلامی سے بچانا ضروری ہے اسی طرح اسے غیبت سے محفوظ رکھنا بھی نہایت ہی لازم ہے، قرآن نے غیبت کو اپنے مردہ بھائی کے گوشت کو کھانا قرار دیا ہے۔

محدث ابن ابی الدنیا اور ابو یعلی نے خادم رسول حضرت عبید رضی اللہ عنہ سے روایت کیا، دو خواتین نے روزہ رکھا ان کے بارے میں ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، ان پر پیاس کی وجہ سے روزہ اسقدر مشکل ہو گیا ہے کہ قریب ہے وہ ہلاک ہو جائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا پھر وہ شخص دوبارہ آیا اور عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں کو بلاؤ، جب وہ آگئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پیالے لانے کا حکم فرمایا، انہیں ایک ایک پیالہ دیا اور فرمایا اس میں قئی کرو، جب انہوں نے قئی کی تو ان کے اندر سے خون، پیپ اور گوشت کے لوتھڑے نکلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں نے حلال پر روزہ رکھا مگر حرام کے ساتھ افطار کیا۔

جلست احداھما الی الاخرٰی فجعلتا تأکلان من لحوم الناس	ان دونوں نے بیٹھ کر لوگوں کا گوشت کھایا یعنی لوگوں کی غیبت کی ہے۔

دوسری روایت میں فرمایا۔

والذی نفسی بیدہ لو بقیتا فی بطونھما لاکلتھما النار	مجھے قسم اس ذاتِ اقدس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر ان کے بطن

(غایۃ الاحسان، ۳۸)   میں یہ باقی رہتا تو انہیں آگ
جلاتی ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے دو آدمیوں نے ظہر و عصر کی نماز ادا کی وہ حالت روزہ میں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا وضو اور نماز لوٹاؤ اپنے روزہ کو جاری رکھو مگر اس کی جگہ ایک روزہ بطور قضا رکھو انہوں نے عرض کیا

لم یا رسول اللہ ؟   اس کی وجہ کیا ہے ؟
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
اغتبتم فلانا   تم نے فلاں کی غیبت کی ہے

کان، آنکھ اور زبان کا روزہ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے تھے جب تم روزہ رکھو تو

فلیصم سمعک وبصرک   تمہارے کان، آنکھیں اور
ولسانک عن الکذب   زبان جھوٹ اور گناہ سے
والمأثم ودع اذی   رک جائیں۔
الخادم
(غایۃ الاحسان، ۳۸)

کچھ ائمہ نے ان ارشادات عالیہ کی بنا پر فرمایا ہے کہ غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے امام اوزاعی اور امام ابراہیم نخعی (امام اعظم کے استاذ) کا یہی قول ہے، جمہور علما کی رائے یہ ہے اس سے روزہ ٹوٹتا تو نہیں ہے مگر

تبطل ثواب الصوم و	روزہ کا ثواب اور اس پر
تذهب فائدته	مترتب ثمر مثلاً قبولیت
المترتبة عليه من	دعا اور گناہوں پر مغفرت ختم
قبول الدعاء و غفران	ہو جاتا ہے۔
الذنوب	

(غاية الاحسان، ۳۸)

حضرت ابوہریرہ اور انکے شاگردوں کا معمول

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور انکے تلامذہ کا یہ معمول ملتا ہے کہ وہ حالت روزہ میں کوشش کرتے کام کاج سے فارغ ہو کر مسجد میں چلے جائیں۔ ان سے اس کی وجہ پوچھی جاتی تو فرماتے

نطهر صيامنا	ہم اپنے روزہ کو پاکیزہ رکھنا چاہتے ہیں۔

انہی احادیث اور اقوال صحابہ کے پیش نظر شیخ حلیمی رقمطراز ہیں کہ روزہ دار کو چاہئے

ان يصوم بجميع جوارحه	کہ اپنے تمام اعضاء، جسم،
ببشرته و بعينه وبلسانه	آنکھ، زبان اور دل کے ساتھ
و بقلبه فلا يغتب	روزہ رکھے غیبت نہ کرے
ولا يشتم ولا يخاصم	گالی نہ دے، کسی سے نہ جھگڑے
ولا يكذب ولا يفني زمانه	نہ غلط بیانی کرے اپنا وقت
بانشاد الاشعار وروايۃ	غلط اشعار اور قصوں میں ضائع
الاسمار والمضحكات والثناء	نہ کرے، غیر مستحق کی تعریف

علی من لا یستحق والمد ح	نہ کرے بغیر حق کسی کی مدح
والذم لغیر حق و بیدہ	وذم نہ کرے، ناجائز کام
فلا یمد ھا الی باطل و	کی طرف ہاتھ نہ بڑھائے
برجلہ فلا یمشی بہا	نہ پاؤں سے اس طرف
الی باطل و بجمیع قوی	چلے اپنے بدن کی تمام
بدنہ فلا یستعملہا	قوتوں کو کسی ناجائز کام میں
فی باطل	استعمال نہ کرے۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۱۷۷)

۳۸۔ سفر میں روزہ اور افطار کا معمول

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام جس طرح دیگر مہینوں میں اسلام کو پھیلانے کے لئے جدوجہد جاری رکھتے رمضان المبارک میں اس سے بڑھ کر محنت کرتے یہ نہیں کہ رمضان ہے اس میں ہم جہاد پر نہیں جائیں گے بلکہ جب بھی ضرورت پیش آئی انہوں نے اللہ تعالے کے حکم پر کہا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک میں تین اہم سفر فرمائے۔

۱۔ دوسری ہجری میں غزوہ بدر کے لئے
۲۔ آٹھ ہجری میں فتح مکہ کے لئے۔
۳۔ نو ہجری کو غزوہ تبوک کے لیے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حالت سفر میں روزہ رکھنا بھی ثابت اور چھوڑنا بھی ثابت ہے، بعض اوقات رکھ کر چھوڑنا بھی ثابت ہے

یعنی حسب حال و ضرورت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا یا چھوڑا۔

سفر میں روزہ کا معمول

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے ہے ہم ایک دفعہ سخت گرم موسم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر پر نکلے حتیٰ کہ ہر آدمی گرمی سے اپنے سر کو ڈھانپ رہا تھا۔

وما فینا صائم الا ما کان من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابن رواحہ	ہم میں سوائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے کسی نے روزہ نہیں رکھا ہوا تھا۔
(بخاری ومسلم)	

۳۹۔ سفر میں روزہ کی اجازت دی

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ اکثر روزہ رکھا کرتے تھے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔

الصوم فی السفر ؟	کیا میں حالت سفر میں روزہ رکھ سکتا ہوں ؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان شئت فصم وان شئت فافطر	تمہاری مرضی چاہو روزہ رکھو چاہو ترک کر دو۔
(بخاری ومسلم)	

۴۰۔ ابتداً روزہ بعد میں افطار

بعض اوقات ایسے بھی ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابتداً روزہ رکھا، دورانِ سفر اگر تکلیف و ضرورت محسوس ہوتی تو روزہ افطار فرما دیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے لئے سفر فرمایا تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دس ہزار افراد تھے۔ تمام کے تمام حالت روزہ میں تھے جب مقام عفان پر پہنچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے محسوس فرمایا کہ لوگ روزہ کی وجہ سے پریشان ہیں تو آپ نے پانی کا پیالہ منگوا کر اسے بلند فرمایا حتیٰ کہ اسے تمام لوگوں نے دیکھا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نوش فرما کر روزہ ختم کر دیا، بعد میں عرض کیا اب بھی کچھ لوگ روزہ میں ہیں تو فرمایا وہ عاصی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں سفر فرمایا جب مقام عفان پر پہنچے۔

دعا باناء من ماء فشرب نهاراً ليراه الناس فافطر	آپ صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں پانی منگوا کر پیا تاکہ لوگ دیکھ کر روزہ چھوڑ دیں۔

(البخاری)

۴۱۔ کوئی کسی پر طعن نہ کرتا

بعض اوقات دوران سفر کچھ صحابہ حالت روزہ میں اور کچھ حالتِ افطار میں ہوتے دونوں عمل جائز ہونے کی بنا پر کوئی کسی پر طعن نہ کرتا، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم نے حضور صلی اللہ

علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا بعض نے روزہ رکھا اور بعض نے نہ رکھا۔

ولا یعیب بعضهم	لیکن کسی نے کسی پر طعن
علی بعض	نہ کیا۔

دوسری روایت میں کہتے ہیں صحابہ کی رائے یہ تھی۔

ان من وجد قوة فصام	جس میں قوت وطاقت وہ
فان ذلک حسن ویرون	روزہ رکھ لے اور یہ اس کے
ان من وجد ضعفا فافطر	لئے بہتر ہے اور جس کے اندر
فان ذلک حسن (مسلم)	کمزوری وضعف ہے۔ وہ
	روزہ چھوڑ دے اس کے لئے
	یہی بہتر ہے۔

آج روزہ نہ رکھنے والے بازی لے گئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے، جو روزہ دار تھے وہ تمام کے تمام تھکاوٹ کی وجہ سے لیٹ گئے۔

قام المفطرون فضربوا	روزہ چھوڑنے والے اٹھے
الابنیة وسقوا الرکاب	انہوں نے خیمے لگائے اور سواریوں
	کو پانی پلایا۔

اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ذهب المفطرون الیوم	آج اجر وثواب روزہ چھوڑنے
بالاجر (بخاری ومسلم)	والے لے گئے۔

اس حال میں روزہ رکھنا نیکی نہیں

اگر روزہ کی وجہ سے حالت سفر میں انسان نڈھال ہو جائے یا دشمن سے مقابلہ کی وجہ سے افطار ضروری ہو تو اس حال میں روزہ رکھنا نیکی نہیں

حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ سے ہے ہم سخت گرمی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر میں تھے، ایک شخص درخت کے سایہ میں لیٹ گیا اور وہ سخت تکلیف میں تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا۔

ما لصاحبکم ای وجع بہ؟	تمہارے ساتھی کو کیا تکلیف ہے؟

عرض کیا یا رسول اللہ تکلیف تو کوئی نہیں۔

ولکنہ صائم وقد اشتد	یہ حالت روزہ میں ہے اور گرمی
علیہ الحر	شدید ہے۔

اس موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لیس من البر ان تصوموا	سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں تم
فی السفر علیکم برخصۃ	پر وہ رخصت لازم ہے جو اللہ
اللہ التی رخص لکم۔	تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے۔

(فقہ الصوم، ۲: ۶۵۸)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوران سفر ایک آدمی کے ارد گرد لوگوں کو جمع ہوتے دیکھ کر پوچھا اسے کیا ہوا؟ لوگوں نے بتایا اس روزہ رکھا ہوا ہے اور تکلیف میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لیس من البر الصوم فی السفر	حالت سفر میں روزہ نیکی نہیں ہے

(مسند احمد، ۳: ۲۹۹)

۴۲۔ دشمن سے مقابلہ کے وقت

اگر دشمن سے مقابلہ ہو تو افطار بہتر ہے تاکہ میں کمزوری کی وجہ سے پریشانی لاحق نہ ہو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ کی طرف سفر کیا تو ہم حالتِ روزہ میں تھے، ہم ایک جگہ اترے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انکم قد دنوتم من عدوکم والفطر اقوی لکم	تم دشمن کے قریب آ گئے ہو لہٰذا افطار تمہاری توانائی کے لیے بہتر ہے۔

اس میں رخصت تھی خواہ کوئی روزہ رکھے یا ترک کرے، آگے ایک مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انکم مصبحوا عدوکم والفطر اقوی فافطروا	تم صبح دشمن سے مقابلہ کرنے والے ہو اور افطار طاقت و قوت کا سبب ہے لہٰذا تم آج روزہ نہ رکھو۔

(المسلم)

اس کے بعد سب نے روزہ نہ رکھا۔

۴۳۔ نسیاناً کھا پی لینے کا حکم

اگر کوئی آدمی حالت روزہ میں بھول کر کھا پی لے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

۱۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے حالت روزہ میں بھول کر کھا لیا وہ روزہ مکمل کرے اس

کا روزہ ٹوٹا نہیں۔

فانما اطعمہ اللہ وسقاہ — اسے یہ اللہ تعالےٰ نے کھلایا پلایا ہے

(بخاری ومسلم)

۲۔ دارقطنی میں انہی سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی روزہ دار بھول کر کھا پی لیتا ہے تو اس پر کوئی قضا نہیں۔

فانما ھو رزق ساقہ اللہ الیہ — اسے یہ رزق اللہ تعالےٰ پہنچایا ہے۔

امام دارقطنی نے اس روایت کے بارے میں فرمایا

واسنادہٗ صحیح — اس کی سند صحیح ہے۔

دارقطنی کی دوسری روایت کے الفاظ ہیں۔

فلا قضاء علیہ ولا کفارۃ — اس پر نہ قضا ہے اور نہ کفارہ

(سنن دارقطنی)

حضرت ام اسحاق غنویہ رضی اللہ عنہا سے ہے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھی، وہاں میں اور حضرت ذوالیدین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا تناول کرنا شروع کیا آپ نے مجھے پر عنایت کرتے ہوئے فرمایا اے ام اسحاق

اصیبی من ھذا ؟ — اس سے گوشت حاصل کرو۔

اس وقت مجھے روزہ یاد آگیا میرا ہاتھ وہیں رک گیا نہ آگے کروں نہ پیچھے فرمایا کیا ہوا ؟ عرض کیا۔

کنت صائمۃ فنسیت — میں تو روزہ دار تھی بھول گئی

حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ کہنے لگے

الآن بعد ما شبعت ؟ — اب سیر ہونے کے بعد ؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اتمی صومک فانما ھو رزق ساقہ اللہ الیک

اپنے روزے کو مکمل کر دو یہ رزق تو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا کیا ہے

(مجمع الزوائد بحوالہ مسند احمد)

۴۴۔ عمداً روزہ توڑنے پر کفارہ

اگر کوئی آدمی رمضان کا روزہ جان بوجھ کر بغیر کسی عذر کے توڑ دے تو اس پر کفارہ لازم ہو جاتا ہے وہ غلام آزاد کرے (آج یہ صورت باقی نہیں رہی) ساٹھ روزے مسلسل رکھے یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلائے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ میں ہلاک و برباد ہو گیا ہوں فرمایا کیا ہوا؟ عرض کیا میں نے رمضان المبارک میں حالت روزہ میں بیوی سے جماع کر لیا ہے فرمایا غلام آزاد کرو عرض کیا اس کی طاقت نہیں فرمایا ساٹھ روزے مسلسل رکھو عرض کیا اس کی طاقت نہیں فرمایا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانے کی طاقت ہے عرض کیا آقا یہ طاقت بھی نہیں۔ وہاں بیٹھ گیا اتنے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں کھجوروں کا ٹوکرا لایا گیا جس میں پندرہ صاع کھجور تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انہیں لے جاؤ۔

تصدق بھذا

اور مساکین پر صدقہ کر دو۔

اس پر عرض کرنے لگا کیا کوئی ہم سے بھی زیادہ محتاج ہے؟

فما بین لابتیھا اھل بیت احوج الیہ منا

ان دو پہاڑوں کے درمیان ہم سے کوئی غریب نہیں۔

اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنے مسکرائے کہ آپ کی مبارک داڑھیں

ظاہر ہوئیں فرمایا

اذھب فاطعمہ اھلک — جاؤ اپنے اہل ہی کو کھلا دو

(بخاری و مسلم)

ابن ماجہ میں آگے یہ الفاظ بھی ہیں۔

وصم یوما مکانہ — اس کی جگہ ایک روزہ رکھ لو

(ابن ماجہ، باب ماجاء فی کفارۃ من افطر)

ابو داؤد میں ساتھ استغفار کا بھی اضافہ ہے۔

صم یوما واستغفر اللہ — ایک روزہ رکھ لو اور اللہ تعالٰے سے معافی مانگ لو

(ابو داؤد، کفارۃ من اتی اھلہ فی رمضان)

حافظ ابن حجر عسقلانی اس اضافہ کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

قلت وقد ورد الامر با
لقضاء فی ھذا الحدیث
فی روایۃ ابی اویس
وعبدالجبار وھشام بن
سعد کلھم عن الزہری
واخرجہ البیہقی من طریق
ابراھیم بن سعد عن اللیث
عن الزھری وحدیث ابراھیم
بن سعد فی الصحیح عن الزھری
نفسہ بغیر ھذہ الزیادۃ وحدیث
اللیث عن الزھری فی
الصحیحین بدونھا ووقعت

ابو اویس، عبدالجبار اور ہشام
بن سعد تمام نے امام زہری
سے اس حدیث میں یہ بھی
روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ
علیہ وسلم نے اس صحابی ایک
روزہ بطور قضا رکھنے کا حکم
دیا، اسے امام بیہقی نے ابراہیم
بن سعد انہوں نے لیث سے
انہوں نے زہری سے روایت
کیا ہے، ابراہیم بن سعد سے
صحیح میں خود زہری سے اس
اضافہ کے بغیر ہے اسی طرح

الزيادة ايضا في مرسل سعيد بن المسيب و نافع بن حبيب والحسن و محمد بن كعب وبمجموع هذه الطرق تعرف ان لهذه الزيادة اصلا

(فتح الباری، ۴ : ۱۳۹)

بخاری و مسلم میں لیث کے حوالے سے بھی زہری سے بغیر اضافہ کے مروی ہے لیکن سعید بن مسیب، نافع بن جبیر، حسن، محمد بن کعب سے مرسل میں اضافہ ہے ان تمام طرق کو سامنے رکھ کر سمجھ آتی ہے کہ اس اضافہ کی اصل ہے

۵۴ قضا کے احکام

اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے اگر مرض یا سفر کی وجہ سے رمضان المبارک میں روزہ نہ رکھا جا سکا ہو

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ

(البقرہ)

تو اس کی جگہ دیگر ایام میں روزہ رکھ لیا جائے۔

یعنی جس قدر روزے رہ جائیں ان کی قضا فرض و لازم ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تک قضا روزہ کو ادا نہ کر لیا جائے باقی روزے بھی مقبول نہیں ہوتے

من ادرك رمضان وعليه من رمضان شئ لم يقضه فانه لا يقبل منه حتى يصومه

(مجمع الزوائد، ۴ : ۱۴۹)

جس نے رمضان پایا اور اس پر رمضان کی قضا تھی تو روزہ قضا کرنے تک اسکی کوئی شئی مقبول نہ ہوگی۔

۴۶ قضا کا طریقہ

روزے کی قضا میں یہ ضروری نہیں کہ مسلسل روزہ رکھا جائے بلکہ کچھ دن چھوڑ کر بھی قضا جائز ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

قضاء رمضان ان شاء	رمضان کی قضا میں اجازت
فرق وان شاء تابع	ہے خواہ اسے مسلسل قضا کر لیا
(سنن الدارقطنی)	جائے یا متفرق طور پر

اس روایت کو ابن جوزی نے صحیح قرار دیا ہے۔

(الصیام در رمضان، ۲۵۵)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا قضاء رمضان کے لیئے مسلسل روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے یا درمیان میں وقفہ بھی کیا جا سکتا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بتاؤ اگر تمہارے ذمہ کسی کا قرض ہو تم ایک یا دو دو درہم سے اس کی ادائیگی کرو تو کیا قرض ادا نہیں ہو جائے گا عرض کیا گیا وہ ادا ہو جائے گا فرمایا۔

واللہ احق ان یعفو	اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ عفو و درگزر فرمانے والے ہیں۔

امام دارقطنی اس حدیث کے بارے میں لکھتے ہیں

فاسنادہ حسن الا انہ	اس کی سند حسن ہے البتہ
مرسل	روایت مرسل ہے۔

(سنن الدارقطنی)

عمر بھر میں قضا

بہتر تو یہی ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے روزہ کی قضا کر لی جائے۔ لیکن عمر بھر میں جب بھی قضا کر لئے جائیں قضا ہو جائیں گے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں ہمارے جو روزے ایام مخصوصہ کی وجہ سے قضا ہو جاتے

فما استطیع ان اقضیہ	ہم ان کی قضا شعبان میں کیا
الا فی شعبان	کرتی تھیں۔

(البخاری)

۴۷۔ عشرہ ذوالحج میں قضا کا معمول

احادیث مبارکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول ملتا ہے اگر سفر وغیرہ کی وجہ سے روزہ رہ جاتا تو اس کی قضا عشرہ ذوالحج میں فرماتے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا۔

اذا فاتہ شئی من رمضان	رمضان کا جو روزہ رہ جاتا
قضاہ فی عشر ذی الحجۃ	اس کی قضا آپ صلی اللہ علیہ وسلم
(الطبرانی بحوالہ حکمۃ احکام، ۱۴۵)	ذوالحج کے عشرہ میں فرماتے۔

۴۸۔ میت کی طرف سے فدیہ

اگر کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس پر روزوں کی قضا ہو تو اس کے

ورثا کے لئے بہتر ہے وہ اس کے روزوں کے عوض فدیہ ادا کریں بشرطیکہ وہ طاقت رکھتے ہوں بخاری و مسلم میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من مات وعلیہ صیام صام عنہ ولیہ	جب فوت ہونے والے پر روزے ہوں تو اس کا ولی اس کی طرف سے روزہ رکھے

مسند بزار میں ہے

فلیصم عنہ ولیہ ان شاء	ولی اگر چاہے تو روزہ رکھ سکتا ہے۔

مجمع الزوائد میں اس روایت کے بارے میں ہے۔

واسنادہ حسن	اس کی سند حسن ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ میری والدہ فوت ہو گئی ہے اس کے ذمہ ایک ماہ کے روزے ہیں میں ان کی طرف سے قضا کر سکتا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لوکان علی امک دین اکنت قاضیة عنہا؟	اگر تمہاری والدہ پر قرض ہوتا کیا تم ادا نہ کرتے؟

عرض کیا ہاں فرمایا

فدین اللہ احق ان یقضی	اللہ تعالیٰ کا دین ادائیگی کے زیادہ حق دار ہے

(بخاری و مسلم)

باقی اس سے مراد یہ نہیں کہ ولی روزہ رکھے بلکہ مراد یہ ہے کہ اس کے روزوں کے عوض فدیہ ادا کرے کیونکہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا

بیان ہے

لا تصوموا موتاکم واطعموا	اپنی اموات کی طرف سے روزہ
عنہم	نہ رکھو بلکہ ان کی طرف سے مساکین
	کو کھلاؤ

اس طرح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے۔

لا یصل احد عن احد	کوئی دوسرے کی طرف سے نماز
ولا یصم احد عن احد	نہ پڑھے نہ کوئی دوسرے کی
	طرف سے روزہ رکھے۔

امام نسائی نے اسے سند صحیح سے روایت کیا ہے

مذکورہ دونوں حضرات متعلقہ مسئلہ کے بارے میں ارشادات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے راوی ہیں اور انہوں نے احادیث کا معنی خود متعین کر دیا کہ ولی روزہ نہ رکھے بلکہ فدیہ ادا کرے۔

امام بدرالدین عینی رقمطراز ہیں

وقد اجمعوا علی انہ	اس پر تمام کا اتفاق ہے کہ
لا یصلی احد عن احد	کوئی دوسرے کی طرف سے
فکذلک الصوم لان کلا	نماز نہ پڑھے اسی طرح روزہ
منہما عبادۃ بدنیۃ	کا معاملہ ہے کیونکہ دونوں ہی
	ہی عبادت بدنیہ ہیں

آگے چل کر شیخ ابن قصار کے حوالے سے لکھتے ہیں

لو جاز ان یصوم احد عن	اگر دوسرے کی طرف سے
احد فی الصوم لجاز ان	روزہ رکھنا جائز ہوتا تو لوگوں

یصلی الناس عن الناس (عمدۃ القاری، ۱۱: ۶۰)	کا ایک دوسرے کی طرف سے نماز ادا کرنا بھی درست ہونا۔

کچھ دیگر احادیث

مذکورہ احادیث میں جس طرح آیا ہے کہ فوت ہونے والے کے روزوں کا فدیہ دینے سے میت کو فائدہ ہوتا ہے اسی طرح حج کے بارے میں بھی ہے، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک آدمی حاضر ہوا عرض کی میرے والد فوت ہو گئے ہیں ان پر حج فرض تھا کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتا ہوں؟ فرمایا اگر تمہارے والد پر کسی کا قرض ہوتا تو کیا تم ادا نہ کرتے؟ عرض کیا ہاں ضرور کرتا فرمایا۔

فاحج عن ابیک (النسائی)	تو اپنے والد کی طرف سے حج کرو۔

بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ہے، قبیلہ جہینہ کی ایک خاتون نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی میری والدہ نے حج کی نذر مانی تھی وہ فوت ہو گئی ہیں۔ کیا میں ان کی طرف سے حج کر سکتی ہوں فرمایا اگر تمہاری والدہ پر قرض ہوتا کیا تم ادا کرتے؟

عرض کیا ہاں ضرور کرتے فرمایا

اقضوا اللہ فاللہ احق بالوفاء (البخاری)	اللہ کا قرض بھی ادا کرو اللہ تعالیٰ تو ادائیگی کا زیادہ حقدار ہے۔

مذکورہ احادیث اور ایصال ثواب

یہ تمام احادیث صحیحہ واضح کر رہی ہیں کہ اسلام میں میت کے لیے ایصالِ ثواب جائز ہے، شیخ عبدالرحمٰن حسن المیدانی استاذ جامعہ ام القریٰ مکہ المکرمہ اسی مسئلہ پر دلائل دیتے ہوئے کہتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جس نے کسی کی نیکی کی طرف رہنمائی کی جتنے لوگ وہ نیکی بجالائیں اسے اس پر ثواب ہوگا اور ان کے عمل میں بھی کسی قسم کی کوئی کمی نہ ہوگی اور جس نے برائی کی دعوت دی، اس برائی کا ارتکاب کرنے والوں کی تعداد اسے گناہ ہوگا اور ان کے گناہ میں کوئی کمی بھی نہ ہوگی۔

مخالفین کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جن لوگوں کے ذہن میں اللہ تعالٰے کے مقدس فرمان

وَاَنْ لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا	انسان کے لئے وہ ہی کچھ ہے
مَا سَعٰی	جو اس نے کمایا

کا معنی یہ سمایا ہوا ہے کہ انسان کو فقط اپنے عمل کا ہی صلہ مل سکتا ہے کسی غیر کے عمل سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔

مع ان حرف الجر فی "للانسان"	حالانکہ للانسان میں حرف جر "فی"
تدل علی الاستحقاق او الملک	استحقاق یا ملکیت پر دال ہے اور
ونفی الاستحقاق او الملک لا	استحقاق یا ملکیت کی نفی اللہ تعالٰے
یستلزم نفی الوصول بفضل	کے فضل سے ایصال کی نفی کو مستلزم
اللہ، فاذا جاءت الادلۃ	نہیں جب دوسرے دلائل اللہ
الاخری المثبتۃ بفضل اللہ	کے فضل کو ثابت کر رہے ہیں"

او التي تاذن بان يعمل الانسان العمل الصالح لغيره فلا يصح رفضها او تاويلها ولي اعناقها عن ميسرها بل يجب التبصر والتروي حتى يصل الانسان الى الفهم الصحيح فيجمع بين الادلة ويوجه كلاً وفق دلالة الصحيحة

وہ دلائل جو واضح کر رہے ہیں کہ انسان دوسرے کے لیے عمل صالح کر سکتا ہے اب انہیں ترک کرنا یا ان کی تاویل کرنا ان سے منہ موڑنے کے مترادف ہے بلکہ ان کو مشعل بنانا چاہیے تاکہ فہم صحیح تک پہنچا جا سکے اور تمام دلائل پر تطبیق پیدا کی جا سکے۔

باقی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے جو روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان جب فوت ہو جاتا ہے تو تین صورتوں کے علاوہ اس کے اعمال منقطع ہو جاتے ہیں صدقہ جاریہ وہ علم جس سے نفع اٹھایا گیا وہ نیک اولاد جو دعا کرے،

اس کا مفہوم فقط اتنا ہے کہ جب ان تین اعمال میں سے وہ عمل نہ ہوگا تو اس پر فوت ہوتے والا ثواب و اجر پر ایسا استحقاق نہ ہوگا کہ وہ حق مطالبہ رکھتا ہو۔

لكنه لايبين انه ينقطع عنه فضل الله لسبب آخر كدعاء المؤمنين له وشفاعة من ياذن الله لهم بالشفاعة ولا يبين انه

لیکن اس میں یہ بیان نہیں ہے کہ کسی اور سبب سے اسے اللہ تعالےٰ کا فضل نصیب نہیں ہو سکتا مثلاً اہلِ ایمان کی دعا، اللہ کی

ینقطع عنه اجر عمل المؤمنین له اذا قبله الله وتفضل علیه بثوابه فلیس فی الحدیث مایدل علی هذا منطوقًا ولا مفهومًا ولا لزومًا علی تقدیر الجد اللوازم

طرف سے شفیع کی شفاعت اور اس میں یہ بیان ہے کہ میت کی خاطر کیا جانے والا اہل ایمان کا عمل منقطع ہو جاتا ہے جبکہ اللہ تعالے اسے قبول فرما کر اس کا ثواب عنایت فرما دے حدیث میں اس پر ہرگز دلالت نہیں نہ لفظاً نہ مفہوماً اور نہ لزوماً۔

(الصیام و رمضان، ۲۷۴-۲۷۵)

۹۴ غروب آفتاب دیکھنے کا انتظام

روزہ افطار کا مدار چونکہ غروب آفتاب پر موقوف ہے اللہ تعالے کا ارشاد گرامی ہے۔

اَتِمُّوا الصِّیَامَ اِلَی اللَّیْلِ ۔ روزے کو رات تک پورا کرو۔

رات کی ابتدا غروب آفتاب ہی سے ہوتی ہے، اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی جگہ تشریف فرما ہوتے جہاں سے سورج دکھائی دیتا تو فبہا ورنہ کسی آدمی کو بلند جگہ پر کھڑے ہو کر غروب آفتاب کو دیکھنے کا حکم دیتے، جب وہ آدمی سورج کے غروب ہونے کی اطلاع دیتا تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطار فرماتے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اذا کان صائما امر رجلا ان یقوم علی نشز من الارض فاذا قال قد وجبت الشمس

جب حالت روزہ میں ہوتے تو کسی شخص کو بلند جگہ چڑھ کر سورج غروب ہونے کے دیکھنے کا حکم دیتے جب وہ غروب

افطر

(المجمع الزوائد بحوالہ طبرانی، ۳: ۱۵۵)

کی اطلاع دیتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطاری فرماتے۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی الفاظ ہیں

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان صائما امر رجلا اوفی علی نشز فاذا قال غابت الشمس افطر

(المستدرک، کتاب الصوم)

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ دار ہوتے تو کسی آدمی کو بلند جگہ پر چڑھنے کا حکم دیتے جب وہ اطلاع دیتا سورج ڈوب گیا ہے تو آپ افطار فرماتے

۵۰۔ ایک مرتبہ روزہ قضا کرنا پڑا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں ایسا بھی ہوا، ایک دن اسقدر بادل چھائے کہ غالب گمان ہوا کہ سورج غروب ہو گیا ہے لوگوں نے افطاری کر لی کچھ ہی دیر بعد بادل ہٹا تو دیکھا دن ابھی باقی تھا تو وہ روزہ قضا کیا گیا۔

حضرت اسما بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ واقعہ ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

افطرنا یوما فی رمضان فی غیم فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم طلعت

(ابو داؤد، باب الفطر قبل غروب الشمس)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات میں ہم نے رمضان المبارک میں بادل کے دن روزہ افطار کر لیا تو پھر سورج سامنے آگیا۔

۵۱۔ قبل از وقت افطاری پر سزا

تو سورج کا یقینی طور پر ڈوب جانا افطار کے لیئے ضروری ہے اگر کوئی

شخص اس سے پہلے افطار کرتا ہے تو اس کا روزہ ہی نہ ہوگا اور وہ سخت سزا وعذاب پائے گا، امام ابن خزیمہ اور ابن حبان نے حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں سویا ہوا تھا میرے پاس دو آدمی آئے وہ مجھے اٹھا کر ایک پہاڑ پر لے گئے (اس تفصیلی حدیث کا ایک حصہ یہ ہے) پھر مجھے آگے لے گئے۔

فاذا انا بقوم معلقین	تو وہاں ایک قوم کو الٹا لٹکایا
بعراقیبھم مشققۃ اشدا	گیا تھا اور ان کی باچھوں کو چیرا
قھم دما قال قلت من	جا رہا تھا جن سے خون بہہ رہا تھا
ھولاء قال الذین یفطرون	فرمایا میں نے پوچھا یہ کون لوگ
رمضان قبل تحلۃ صومھم	ہیں؟ بتایا گیا، یہ رمضان کا روزہ
(صحیح ابن خزیمہ، حدیث ۱۹۸۶)	وقت آنے سے پہلے ہی افطار کر لیتے تھے۔

یہی وجہ ہے اگر سورج دکھائی نہ دے رہا ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کو اونچی جگہ چڑھ کر اسے دیکھنے کا حکم فرماتے جب وہ شخص آگاہ کرتا کہ سورج ڈوب گیا ہے تو پھر آپ افطاری فرماتے۔

۵۲ افطاری میں تعجیل فرماتے

جب سورج ڈوب جانے کا یقین ہو جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر کسی تاخیر کے روزہ افطار فرما لیتے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہے رمضان میں ہم ایک سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ جب سورج ڈوب گیا تو آپ نے حضرت بلال سے فرمایا (سواری روکو)

انزل فاجدح لنا	اور اتر کر ہمارے لئے ستو تیار کرو

انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ابھی روشنی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اترو اور ستو تیار کرو، انہوں نے اتر کر ستو تیار کر کے پیش کیے آپ نے نوش فرما کر افطاری کی اور فرمایا

اذا غابت الشمس من ههنا	جب ادھر سے سورج ڈوب
وجاء اللیل من ههنا فقد	جائے اور ادھر سے رات آ
افطر الصائم	جائے تو روزہ دار افطار کر لے

(المسلم، کتاب الصیام)

امام نووی اس حدیث کا مفہوم واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں، جب سورج غروب ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو افطاری کے لئے تیاری کا حکم دیا، ان کے ذہن میں آیا کہ غروب آفتاب کے بعد ابھی روشنی اور سرخی باقی ہے اور افطاری اس روشنی کے اختتام پر ہونی چاہیے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح فرما دیا کہ جب سورج غروب ہو گیا ہو تو روزہ افطار کر لیا جائے اس کے بعد اگر روشنی رہتی ہے تو اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا طبرانی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا —— ہم تمام انبیاء علیہم السلام کو یہ حکم دیا گیا ہے۔

ان نعجل افطارنا و نؤخر	ہم افطار میں جلدی، سحری تک
سحورنا و نضع ایماننا	تاخیر اور نماز میں دائیں ہاتھ کو
علی شمائلنا فی الصلاۃ	بائیں ہاتھ پر رکھیں۔

(المعجم الکبیر ۱۱ : ۷)

حضرت مالک بن عامر رضی اللہ عنہ سے ہے کہ میں اور حضرت مسروق دونوں نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا دو صحابہ

ہیں ان میں سے ایک افطاری اور نماز مغرب میں جلدی کرتے ہیں جبکہ دوسرے ان میں تاخیر سے کام لیتے ہیں۔

انہوں نے پوچھا جلدی کونسے صحابی کرتے ہیں ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا نام لیا تو فرمانے لگیں۔

هکذا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصنع	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول تھا۔

(النسائی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عمل پر اللہ تعالےٰ کی پسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے۔

احب عبادی الی اعجلهم فطراً	مجھے وہ بندہ محبوب ہے جو افطار میں جلدی کرتا ہے۔

(الترمذی، کتاب الصوم)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، لوگ جب تک افطاری میں جلدی سے کام لیں گے خیر پر ہی قائم رہیں گے۔ (المسلم کتاب الصیام)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لن تزال امتی علی سنتی مالم ینتظروا بفطرهم طلوع النجوم	میری امت اس وقت تک میرے طریقہ پر رہے گی جب تک وہ افطار کے لیے ستاروں کے طلوع ہونے کا انتظار نہیں کرے گی۔

(مجمع الزوائد، ۳: ۱۵۴)

انہی سے مروی ہے

ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ	میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیہ وسلم صلی صلاۃ المغرب	کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے نماز مغرب
حتی یفطر ولو کان علی	سے پہلے افطاری نہ فرمائی ہو اگر چہ وہ
شربۃ ماء	پانی کا گھونٹ ہی ہو۔

(المستدرک، کتاب الصیام)

۵۳ افطار میں شرکت فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر کوئی صحابی افطار کی دعوت دیتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی دعوتِ افطار قبول فرماتے حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابی حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لے گئے انہوں نے افطاری کے لیے روٹی اور زیتون پیش کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تناول فرما کر فرمایا۔

افطر عندکم الصائمون	تمہارے پاس روزہ داروں نے افطار
واکل طعامکم الابرار	کیا نیک لوگوں نے تمہارا کھانا کھایا۔
وصلت علیکم الملائکۃ	اور تم پر ملائکہ نے رحمت کی دعا کی

(ابوداؤد باب الدعا لرب الطعام)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

افطر رسول اللہ صلی اللہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت
علیہ وسلم عند سعد بن معاذ	سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے ہاں افطاری
فقال افطر عندکم الصائمون	کی اور فرمایا، روزہ داروں نے تمہارے
واکل طعامکم الابرار وصلت	ہاں افطاری کی نیک لوگوں نے کھانا کھایا

علیکم الملائکۃ	ملائکہ نے تمہارے لئے دعا کی۔

(ابن ماجہ، ۱۲۶)

۵۴۔ اجتماعی افطاری

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ کبھی کبھی اجتماعی افطاری بھی ہوا کرتی تھی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے

افطرنا مرۃ مع رسول اللہ	ہم نے ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فقربوا	علیہ وسلم کے ساتھ روزہ افطار کیا آپ
الیہ زیتاً فاکل واکلنا	کی خدمت اقدس میں زیتون پیش کیا
	گیا، آپ نے اسے تناول فرمایا اور ہم
	نے بھی۔

جب آپ فارغ ہوئے تو یہ دعا فرمائی۔

اکل طعامکم الابرار وصلت	تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا،
علیکم الملئکۃ وافطر عندکم	ملائکہ نے دعا کی اور تمہارے پاس
الصائمون	روزہ داروں نے افطار کیا

(فتاویٰ رضویہ، ۱: ۶۴۳)

۵۵۔ مساکین کے ساتھ افطار

یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک تربیت کا ہی اعجاز تھا کہ آپ کے صحابہ افطار تنہا نہ کرتے بلکہ اپنے ساتھ معاشرے کے فقرا و مساکین کو بھی شامل کر لیتے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے بارے میں مروی ہے۔

ولا یفطر الا مع المساکین	مساکین کے بغیر افطار نہ فرماتے

فاذا منعهم اهله عنه لم	اگر گھر والے اسے محروس کرتے
يتعش تلك الليلة	تو اس رات کھانا ہی نہ کھاتے

بلکہ ان کا یہ بھی معمول تھا کہ اگر وہ کھانا کھا رہے ہوتے کوئی سائل آجاتا

اخذ نصيبه من الطعام و	تو کھانے کا اپنا حصہ اٹھا کر فی الفور
قام فاعطاه السائل فيرجع	سائل کو دے دیتے جب واپس
وقد اكل اهله مابقى فى	آتے تو بقیہ کھانا گھر والے کھا
الجفنة فيصبح صائما ولم	چکے ہوتے بغیر کھائے رات بسر کر
ياكل شيئا۔	دیتے بلکہ صبح روزہ رکھ لیتے۔

(لطائف المعارف، ۳۱۴)

۵۵ نماز سے پہلے افطار فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب ادا کرنے سے پہلے افطار فرما لیا کرتے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

كان يفطر قبل ان يصلى	نماز سے پہلے روزہ افطار فرماتے

(ابوداؤد، کتاب الصیام)

محدث ابن حبان نے "الثقات" میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول مبارک ان الفاظ میں نقل کیا ہے۔

انه صلى الله عليه وسلم اذا كان	آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب
صائما فى الصيف لم يصل	روزہ میں ہوتے تو اگر موسم گرما

حتی یاتیہ رطب وماء فیا	ہوتا تو نماز سے پہلے تازہ کھجور
کل واذا کان صائما فی الشتاء	اور پانی اور اگر موسم سرما ہوتا تو
لم یصل حتی یاتیہ تمر و	خشک کھجور اور پانی تناول فرماتے
ماء	

حافظ ابن حجر مکی لکھتے ہیں آپ کے اس معمول مبارک سے واضح ہو جاتا ہے کہ افطار کو نماز سے موخر کرنا سنت کے خلاف ہے۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۱۵۰)

اس کی تائید شریعت کے اس حکم سے بھی ہوتی ہے جس میں ہے کہ حالت بھوک میں کھانا پہلے اور نماز بعد میں ادا کی جائے۔

۵۶ کھجور اور پانی سے افطار

افطار کے لیے ماکولات اور مشروبات میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے پسندیدہ چیزیں کھجور اور پانی تھا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان یفطر علی رطبات	تازہ کھجور کے ساتھ افطار فرماتے
فان لم تکن فعلی	اگر تازہ نہ ہوتیں تو خشک کھجور اور
تمرات فان لم تکن	اگر وہ بھی نہ ہوتیں تو پانی کے چند
حسا حسوات من ماء	گھونٹ کے ساتھ افطار فرماتے۔

(ابوداؤد، کتاب الصیام)

نماز سے پہلے افطار کے معمول میں گزرا اگر موسم گرما ہوتا تو تازہ کھجور اور

پانی اور اگر موسم سرما ہوتا تو خشک کھجور اور پانی سے افطاری فرماتے

۵۷ دودھ کا استعمال

اکثر کھجور اور پانی استعمال فرماتے مگر بعض اوقات دودھ بھی استعمال فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دودھ کے بارے میں مروی ہے۔

انه صلی اللہ علیه وسلم یفطر	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ اور
علی لبن وعلی تمر العجوۃ	عجوہ کھجور کے ساتھ بھی روزہ افطار
	فرمایا۔

امت کو بھی انہی چیزوں کے ساتھ افطاری کی تعلیم عطا فرمائی حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم افطار کرو

فلیفطر علی تمر فان لم یجد	تو کھجور کے ساتھ کرو اگر نہ ملے تو پانی
فلیحسن حسوۃ من ماء	کے چند گھونٹ کے ساتھ کر لو۔
(صحیح ابن حبان، ۱۹۲)	

تین اشیاء کا تذکرہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ مبارکہ میں بھی تین اشیاء کا تذکرہ ملتا ہے جب صحابہ نے آپ سے عرض کیا ہم میں سے ہر کسی میں یہ طاقت کہاں؟ کہ وہ روزہ دار کو سیر کر کے کھلائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لیعطی اللہ ھذا الثواب من	اللہ تعالٰی یہ ثواب ہر اس شخص
فطر صائما علی تمرۃ او علی	کو عطا فرمائے گا جس نے کسی کا روزہ

ثمرۃ او مذقۃ من لبن	افطار کرو یا خواہ وہ کھجور کے ساتھ ہو یا پانی یا دودھ کا گھونٹ ہو۔

۵۸۔ آگ کی مس کردہ شئی

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اس شئی سے روزہ افطار کرنا پسند فرماتے جسے آگ نے مس نہ کیا ہو۔

انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان	آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین کھجوروں
یحب یفطر علی ثلاث	سے اور ہر شئی سے افطاری پسند
تمرات او شئ لم تصبہ	فرماتے جسے آگ نے مس نہ کیا
النار	ہوتا۔

(الجامع الصغیر حدیث ۶۹۹۷)

اسی کی حکمت اہل علم نے یہ بیان کی ہے کہ طعام جنت سے مناسبت کی بنا پر تھا

وفی تجنب ما اصابتہ النار	آگ سے پکی ہوئی سے بچنا، جنتی
تفاولاً بطعام الجنۃ	کھانے سے مناسبت کی بناء پر
(مع الرسول فی رمضان ۲۸۶)	تھا۔

۵۹۔ افطاری کی ایک حسین کیفیت

امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ نے "کشف الغمہ عن جمیع الامۃ" میں ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی

افطاری کی ایک نہایت ہی حسین کیفیت ذکر کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دست مبارک میں کھجور لیتے اور غروبِ آفتاب کا انتظار فرماتے جیسے ہی وہ ڈوبتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور منہ میں ڈال لیتے روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

رأيت رسول الله صلى الله عليه	میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وسلم وهو صائم يترصد	کو روزے کی حالت میں دیکھا آپ
غروب الشمس بتمرة فلما	کھجور پکڑے سورج کے غروب ہونے
توارت القاها في فيه	کا انتظار فرما رہے ہیں جیسے ہی وہ
(كشف الغمة، كتاب الصوم)	ڈوبا آپ نے کھجور منہ میں ڈال لی

۶۔ ابتدا کس سے فرماتے؟

افطار میں کھجور، پانی اور دودھ پسند فرماتے رہا یہ معاملہ کہ ان میں سے ابتدا کس سے فرماتے تو سابقہ احادیث سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابتدا کھجور سے فرماتے اس کے بعد مشروب لیتے کیونکہ ان میں الفاظ ہیں۔

فان لم يجد تمرات حسا	اگر کھجور نہ ہوتی تو چند گھونٹ پانی
حسوات من ماء	پر افطار فرماتے۔

اسی لیے امام نووی نے المجموع میں تصریح فرمائی۔

والصواب فطره على تمر	درست یہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ
ثم ماء للحديث الصحيح فيه	وسلم پہلے کھجور لیتے پھر پانی جیسا کہ
(اتحاف اهل الاسلام، ص۱۵۴)	حدیث صحیح سے ثابت ہے۔

لیکن ایک روایت سے معلوم ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطار کے موقعہ پر

پہلے مشروب (پانی) لیتے پھر کھجور وغیرہ کا استعمال فرماتے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے مروی ہے۔

كان رسول الله صلى الله عليه	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حالت
وسلم يبدأ بالشراب اذا كان	روزہ میں ہوتے تو افطار کے وقت
صائما	ابتدا مشروب سے فرماتے۔

امام عبدالرؤف المناوی اس کے تحت لکھتے ہیں۔

اذا اراد الفطر فيقدمه على	آپ صلی اللہ علیہ وسلم افطار کے وقت
الاكل	مشروب کو ماکول پر مقدم فرماتے۔

(فیض القدیر، ۵: ۱۹۸)

اس تعارض کا ازالہ اس روایت سے ہو جاتا ہے جسے امام ترمذی نے نقل فرمایا۔

كان صلى الله عليه وسلم يفطر	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موسم
في الشتاء بتمرات وفي الصيف	سرما میں کھجور سے افطار فرماتے اور
على الماء	موسم گرما میں پانی سے

(اتحاف اهل الاسلام، ۱۵۳)

یعنی سردی کے موسم میں کھجور اور گرمی میں پانی پہلے لیتے۔

یاد رہے امام ترمذی والی روایت شاید نفل روزہ کے بارے میں ہو کیونکہ آپ کی ظاہری حیات میں رمضان المبارک موسم گرما میں ہی آیا۔

۶۱۔ مشروب کا استعمال آہستہ آہستہ فرماتے

ام المومنین نے آپ کے مشروب لینے کی کیفیت بھی بیان فرمائی یوں نہ ہوتا

کہ آپ ایک سانس میں مشروب پی لیتے بلکہ گھونٹ گھونٹ کر کے مشروب لیتے۔

وکان لا یعب یشرب مرتین	آپ صلی اللہ علیہ وسلم پانی ایک سانس میں
او ثلاثا	ہی نہ پیتے بلکہ دو یا تین دفعہ سانس
(الجامع الصغیر، حدیث ۶۹۵۶)	لے کر پیتے۔

ائمہ مساجد سے درخواست

ہمارے ہاں یہ دیکھا گیا ہے کہ اکثر مساجد میں افطار کے بعد مغرب کی جماعت میں وقفہ نہیں کیا جاتا فی الفور نماز شروع کروا دی جاتی ہے بہت سے لوگوں کی جماعت رہ جاتی ہے اور جو شامل ہوتے ہیں وہ بھی دوڑ کر پہنچتے ہیں نہ تسلی سے افطاری کی جاسکتی ہے اور نہ اطمینان سے جماعت میں شرکت، اس لئے مساجد کے ائمہ اور انتظامیہ سے ہماری درخواست ہے کہ وہ درمیان میں دس منٹ کا وقفہ کرلیں تاکہ افطاری اور نماز کی ادائیگی اطمینان سے کی جاسکے۔

۶۲۔ افطار کروانے پر اجر و ثواب بیان فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کے احترام میں اس کے افطار کرواتے کی تلقین فرماتے ہوئے اس کا اجر و ثواب بیان کرتے سابقہ خطبہ میں گزرا آپ نے فرمایا جس نے کسی کا روزہ افطار کروایا اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اسے جہنم سے آزادی دیدی جاتی ہے اور روزہ دار کے ثواب میں کمی کیے بغیر اسے روزہ دار کے برابر ثواب و اجر ملتا ہے۔

ابن خزیمہ نے صحیح میں اور ابوالشیخ نے کتاب الثواب میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر کوئی روزہ دار

کو سیر کر کے کھلانے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو آپ نے فرمایا ایک مٹھی طعام و بدے میں نے عرض کیا اگر روٹی کا ٹکڑا نہ ہو آپ نے فرمایا

فمذقة من لبن قال افرأيت	تو دودھ کا ایک گھونٹ عرض کیا اگر
ان لم يكن عنده قال فشربة	دودھ بھی نہ ہو تو فرمایا پانی کا گھونٹ
من ماء	کافی ہے۔

کنز العمال، حدیث ۲۳۶۵۸)

۶۳۔ رزق حلال سے افطار پر اجر

ہر مسلمان کو ہر حال میں رزق حرام سے بچنا ضروری ہے ایسے نہ ہو سارا دن روزہ رکھ کر حرام پر افطار کر کے روزہ ضائع کر لیا جائے بجائے برکتوں اور سعادتوں کو حاصل کرنے کے انسان ان سے محروم کر دیا جائے اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رزق حلال سے افطار کی تلقین فرمائی اور اس پر اجر بیان فرمایا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بھی کسی روزہ دار کو کھانا یا مشروب پیش کیا۔

من كسب حلال صلت عليه	اور وہ اس کی حلال کمائی تھی اس
الملائكة في ساعات شهر	پر پورا رمضان ملائکہ دعا کرتے ہیں
رمضان وصلى عليه جبريل	اور جبریل انہیں شب قدر کے لئے
ليلة القدر	دعا کرتے ہیں۔

(المعجم الکبیر، ۶ : ۳۲۱)

دوسری روایت کے الفاظ ہیں۔

صافحه جبريل ليلة القدر	ایسے شخص کے لیے شب قدر جبریل
ومن صافحه جبريل تكثر	مصافحہ کرتے ہیں اور جس کے ساتھ

دموعه ویرق قلبه ۔	وہ مصافحہ کریں اسکے دل میں رقت اور اسے حالت زاری نصیب ہوتی ہے۔

۶۴۔ افطار کے موقعہ پر دعا فرماتے

جن مواقع پر دعائیں بارگاہ ایزدی میں قبول ہوتی ہیں ان میں سے ایک افطاری کا وقت بھی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس موقعہ پر خود بھی دعا فرماتے اور امت کو بھی اسس کی تلقین فرمائی اس موقعہ پر آپ سے درج ذیل مختلف الفاظ میں دعائیں ملتی ہیں۔

۱۔ حضرت معاذ بن زہرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا کرتے۔

اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت (ابوداؤد، کتاب الصیام)	اے اللہ میں نے تجھے راضی و خوش کرنے کے لئے روزہ رکھا اور تیرے عطا کردہ رزق سے افطار کیا۔

۲۔ امام ابن سنی نے انہی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ کلمات مبارکہ نقل کیے ہیں۔

الحمد لله الذی اعاننی فصمت ورزقنی فافطرت (عمل الیوم واللیلة، ص ۴۷)	تمام حمد اس ذات اقدس کی جس نے میری مدد فرمائی میں نے روزہ رکھا اور مجھے رزق عطا فرمایا تو میں نے افطار کیا۔

۳۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے مروی ہے جب رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افطار فرماتے تو یہ کلمات کہتے۔

ذھب الظمأ وابتلت
العروق وثبت الاجر ان
شاء اللہ تعالٰے۔

پیاس چلی گئی، رگیں تر ہوگئیں اور
اللہ تعالٰے نے چاہا تو اجر حاصل
ہوگیا۔

(المستدرک، ۱ : ۴۲۲)

خود حضرت ابن عمر سے افطاری کے وقت یہ دعا منقول ہے۔

الحمد للہ اللھم انی اسئلك
برحمتك التی وسعت کل
شیٔ ان تغفرلی
(اتحاف اھل الاسلام، ۱۵۷)

تمام حمد اللہ تعالٰی کے لیے ہے، اے
اللہ میں آپ سے اس رحمت کے واسطہ
سے اپنی بخشش مانگتا ہوں جو ہر شی
سے بڑھ کر ہے۔

امت کو تعلیم دیتے ہوئے فرمایا جب افطاری کرو تو پڑھو

بسم اللہ والحمد للہ، اللھم لك
صمت وعلی رزقك وعلیك
توکلت سبحانك وبحمدك
تقبل منی انك انت السمیع
العلیم
(عمل الیوم واللیلۃ، ۴۷۴)

اللہ کے نام سے شروع، تمام حمد اللہ
کے لئے ہے، اے اللہ تیری رضا کے
لئے میں نے روزہ رکھا اور تیرے رزق
پر، تجھ پر بھروسہ کیا، تیری ذات
منزہ ہے اور تیری ہی حمد ہے مجھ سے
قبول فرما تو ہی سننے اور جاننے والا ہے

روزہ دار کی دعا

ساتھ اس بات کی بھی نشاندہی فرمادی کہ روزہ دار کی دعا بارگاہ ایزدی سے رد نہیں کی جاتی بلکہ مقبول ہوتی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں کی دعا رد نہیں کی جاتی، عدل کرنے والا حاکم،

والصائم حتی یفطر	روزہ دار کی بوقت افطار

اور مظلوم کی دعا، اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اللہ رب العزت فرماتے ہیں۔

بعزتی لانصرک ولو بعد حین	مجھے اپنی عزت کی قسم میں تیری مدد ضرور
(الترمذی، ابن ماجہ)	کروں گا اگرچہ کچھ ٹھہر کر ہو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک ہے۔

ان للصائم عند فطرہ دعوۃ	روزہ دار کی دعا افطار کے وقت رد
لا ترد	نہیں کی جاتی۔

(ابن ماجہ، ۸۷۵۳)

خصوصی نکتہ

رمضان کے روزہ اور دعا کا آپس میں اتنا گہرا تعلق ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ماہ رمضان کے روزے کی فرضیت اور اس کے فضائل و احکام بیان کرتے ہوئے درمیان میں ارشاد فرمایا۔

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي	اور جب میرے بندے آپ سے میرے
قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ	بارے میں پوچھیں تو میں قریب ہوں
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي	جب کوئی دعا کرتا ہے تو میں اس کی دعا
لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ	قبول کرتا ہوں پس تم میری مانو اور مجھ
(البقرہ، ۱۸۶)	پر ایمان لے آؤ تاکہ تم ہدایت پا جاؤ۔

جو بندے کو آگاہ کر رہا ہے ان دنوں اپنے رب سے پہلے سے بھی جی بھر کر مانگا جائے۔

٦٥۔ دعا میں کثرت فرماتے

چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس راز سے کماحقہ آگاہ تھے اس لیے رمضان المبارک میں کثرت کے ساتھ دعا فرماتے، ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا مبارک معمول یہ تھا۔

اذا دخل رمضان ابتہل	جب رمضان شروع ہو جاتا تو دعا میں
فی الدعاء	تضرع اور کثرت فرماتے۔

امام مناوی نے اس کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا۔

ای تضرع واجتہد فیہ	یعنی زیادہ آہ وزاری اور اس میں محنت
(فیض القدیر، ۵: ۱۳۲)	فرماتے

٦٦۔ دعا افطار کے بعد سنت ہے

اگرچہ افطاری سے قبل بھی دعا جائز ہے مگر معمول نبوی اور سنت دعا افطار کے بعد ہے کیونکہ احادیث میں یہی ہے کہ آپ افطار فرما کر دعا کیا کرتے تھے مثلاً ابوداؤد میں حضرت معاذ بن زہرہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان اذا افطر قال اللھم	جب افطار فرمالیتے تو یہ دعا فرماتے اے
صمت وعلی رزقک افطرت	اللہ میں نے تیری خوشنودی کیلئے روزہ
(سنن ابوداؤد، باب القول عند الافطار)	رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا۔

حضرت ملا علی قاری نے، شیخ ابن الملک کے حوالے سے "اذا افطر قال" کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم

ای قرأ بعد الافطار	روزہ افطار کرنے کے بعد یہ دعا کرتے
(مرقاۃ المفاتیح، کتاب الصوم)	

بعض لوگوں نے یہاں افطار سے "ارادۂ افطار" مراد لیا ہے اعلحضرت

فاضل بریلوی ان کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

فحمل افطر علی معنی	لفظ افطر کو بغیر کسی ضرورت
ارادة الافطار صرف عن	کے اس کے حقیقی معنی سے ہٹانا جائز
الحقیقة من دون حاجة	نہیں یہی معاملہ لفظ افطرت کا
الیہ وذا لا یجوز وھکذا	ہے۔
فی افطرت	

(فتاوی رضویہ، ۱۰ : ۶۳۰)

واقعتاً اگر آدمی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی افطار کے وقت دعاؤں کے الفاظ پر نظر ڈالے تو از خود واضح ہو جاتا ہے کہ آپ کی دعا افطار کے بعد تھی مثلاً آپ کے الفاظ ہیں۔

وعلی رزقک افطرت	میں نے تیرے ہی رزق پر افطار کیا

آپ کی ایک دعا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یوں منقول ہے۔

ذھب الظمأ وابتلت	پیاس چلی گئی، رگیں تر ہو گئیں
العروق وثبت الاجر ان	اور انشاء اللہ اجر ثابت ہو گیا۔
شاء اللہ	

(المستدرک، ۱ : ۴۲۲)

یہ الفاظ کس قدر واضح طور پر نشاندہی کر رہے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا افطار کے بعد ہوا کرتی تھی۔

امام ابن حجر مکی نے افطاری کے موقعہ پر دعا کے بیان کے لئے عنوان ہی یہ قائم فرمایا ہے۔

الاذکار التی تقال عقب	وہ دعائیں اور وظائف جو بعد از

الفطر	افطاری کیے جانے چاہیں۔

آگے چل کر فرماتے ہیں راوی حدیث کے الفاظ "کان اذا افطر قال" واضح کر رہے ہیں

ان ھذہ الاذکار انما یسن	کہ ان اذکار کو افطار کے بعد
الایتان بہا عقب الفطر	بجالانا سنت ہے۔

کچھ لوگوں نے کہا دعا افطاری سے پہلے ہو یا بعد میں دونوں میں مساوات ہے اس کا رد کرتے ہوئے فرمایا۔

الظاھر انہ بعد الافطار و	ظاہر یہی ہے کہ افطار کے بعد یا پہلے
قبلہ سواء فی اتیانہ بالمستحب	دونوں کو مستحب ہونے میں برابر
ضعیف لمخالفتہ لصریح الاحادیث	قرار دینا ضعیف ہے کیونکہ یہ
المذکورۃ	صریح احادیث کی مخالفت ہے

(اتحاف اھل الاسلام، ۱۰۷)

اسی مسئلہ کے بارے میں اعلحضرت فاضل بریلوی کی خدمت میں مولانا عبدالمجید چشتی فریدی پانی پتی نے ۱۵ رمضان ۱۳۱۲ کو ایک استفتاء ارسال کیا جس میں انہوں نے دونوں طرف کے اقوال مع دلائل ذکر کیئے، اعلحضرت قدس سرہ نے اس پر مستقل ایک رسالہ بنام "العروس المعطار فی من دعوۃ الافطار" تحریر فرمایا جس میں پانچ دلائل سے واضح کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا افطار کے وقت دعا کا معمول افطار کے بعد تھا نہ کہ

جواب میں لکھتے ہیں۔

مقتضائے دلیل یہ ہے کہ (آدمی) یہ دعا روزہ افطار کر کے پڑھے"
(فتاوی رضویہ ۱۰: ۶۳۴)

ایک اور مقام پر اسی دعا پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔
فی الواقع اس کا محل بعد افطار ہے (فتاوی رضویہ، ۱۰: ۶۲۹)

٦٧۔ نمازِ تراویح کا معمول

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سارا سال رات کو بارگاہ خداوندی میں قیام کرتے مگر رمضان المبارک کی راتوں میں خصوصًا قیام کرتے ہوئے نمازِ تراویح ادا فرماتے اور رمضان میں قیام کی فضیلت بیان کرتے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من قام رمضان ایمانا و	جس نے ایمان اور رضا الٰہی کی خاطر
احتسابا غفرلہ ما تقدم	رمضان المبارک میں قیام کیا اسکے
من ذنبہ	سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے
(بخاری، باب فضل من قام رمضان)	ہیں۔

انہی سے دوسری روایت میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

کان یرغب فی قیام	قیام رمضان کا شوق دلاتے
رمضان من غیر ان	لیکن اس کا پابند نہ فرماتے
یامرھم فیہ بعزیمۃ	
(المسلم، باب فی قیام رمضان)	

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے مروی خطبہ میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

شھر جعل اللہ صیامہ	اللہ تعالٰے نے اس کے روزے
فریضۃ و قیامہ تطوعًا	فرض اور اس کا قیام نفل قرار
(صحیح ابن خزیمہ)	دیا ہے۔

ایک مقام پر فرمایا

ان اللہ قد فرض علیکم	اللہ تعالیٰ نے تم پر رمضان کے روزے
صیام رمضان وسننت	فرض فرمائے اور میں نے تمہارے
لکم قیامہ	لئے قیام سنت فرمایا ہے۔

(رسالہ رمضان، ۷۷)

۶۸۔ تین دن باجماعت تراویح

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آدھی رات کو باہر تشریف لائے اور مسجد میں نماز پڑھی، صحابہ نے بھی آپ کی اقتدا میں نماز ادا کی، دن کو صحابہ کے درمیان رات کی نماز وقیام کا تذکرہ ہوا تو دوسری رات پہلے سے زیادہ لوگ جمع ہو گئے، تمام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں نماز ادا کی دن کو دیگر لوگوں کو بھی اطلاع ہو گئی لہذا تیسری رات اور زیادہ لوگ جمع ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور نماز پڑھائی۔

فلما کانت اللیلۃ	جب چوتھی رات آئی تو اس
الرابعۃ عجز المسجد عن	قدر لوگ جمع ہوئے کہ مسجد
اھلہ	ناکافی ہو گئی۔

لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس رات تشریف نہ لائے، نماز فجر کے لئے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے خطاب میں فرمایا۔

انہ لم یخف علی	تمہاری موجودگی مجھ پر مخفی نہیں

مکانکم ولکنی خشیت	تھی لیکن مجھے اس بات کا اندیشہ
ان تفترض علیکم فتعجزوا	ہوا کہ کہیں یہ تم پر فرض نہ کر دی
عنہا	جائیں اور تم ان کی ادائیگی سے عاجز
(البخاری، فضل من قام رمضان)	آجاؤ۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں چٹائی کا حجرہ بنوایا اور کئی راتیں نماز ادا کی صحابہ کو اطلاع ملی تو وہ بھی جمع ہو گئے اور نماز میں شریک ہونے لگے، ایک رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک آواز نہ سنی تو گمان کرتے لگے شاید آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہو گئے ہیں بعض صحابہ نے کھنکارنا شروع کیا تاکہ ہماری موجودگی محسوس فرما کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ انور سے باہر تشریف لائیں، اس موقع پر آپ تشریف لائے اور فرمایا میں تمہاری کیفیت اور خواہش سے آگاہ ہوں۔

حتی خشیت ان یکتب	حتی کہ مجھے خوف لاحق ہوا
علیکم ولو کتب علیکم ما	کہیں تم پر لازم نہ ہو جائیں اگر
قمتم بہ فصلوا ایہا	لازم ہو جائیں تو تم قائم نہ رکھ
الناس فی بیوتکم فان	سکتے لوگو اپنے گھر میں ادا کرو
افضل صلوٰۃ المرء فی	کیونکہ فرض نماز کے علاوہ
بیتہ الا الصلوٰۃ المکتوبۃ	ہر نماز گھر میں افضل ہے۔

(المسلم، استحباب النافلۃ فی بیتہ)

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے صحابہ مسجد نبوی میں متفرق طور پر قیام کیا کرتے، پانچ پانچ چھ چھ ہو کر ایک دوسرے سے

قرآن سنتے، ایک رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا میرے حجرے کے سامنے چٹائی کا پردہ بنا دو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے بہت سے صحابہ وہاں جمع ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں رات کافی دیر تک نماز پڑھائی، حجرہ میں تشریف لائے اور وہ چٹائی اسی حالت پر رہی تاکہ دوسری رات بھی قیام کیا جا سکے، دن کو دیگر صحابہ کو بھی اطلاع ہو گئی تو تمام مسجد لوگوں سے بھر گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز پڑھا کر گھر تشریف لے گئے لیکن لوگ وہیں ٹھہرے رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے لوگوں کے بارے میں پوچھا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ گزشتہ رات کی نماز و قیام کے بارے میں سن کر صحابہ اس لئے اکٹھے ہوتے تاکہ آپ کی اقتدا میں نماز ادا کریں، فرمایا عائشہ

اطوی عنا حصیرک — اپنی چٹائی وہاں سے اکٹھی کر لو۔

میں نے ارشاد گرامی کے مطابق چٹائی اٹھا لی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساری رات گھر میں قیام فرمایا اور لوگ مسجد میں ٹھہرے رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز کے لئے تشریف لائے تو فرمایا لوگوں اللہ کی قسم بحمد اللہ میں بیدار رہا اور تمہارا مجتمع ہونے سے بھی میں آگاہ تھا۔

ولکنی تخوفت ان یفرض علیکم — مگر مجھے اندیشہ ہوا کہیں تم پر یہ قیام فرض و لازم نہ ہو جائے

(المسلم)

۶۹۔ بیس رکعات کا معمول

رمضان المبارک کی راتوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جو خصوصی نماز (تراویح) ادا کرتے اس کی رکعتیں بیس تھیں امام طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیہ وسلم یصلی فی رمضان	رمضان میں بیس رکعات
عشرین رکعۃ والوتر	اور وتر ادا فرمایا کرتے،

(غایۃ الاحسان، ۴۶)

جیسا کہ پیچھے گزرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن تک۔ نماز تراویح پڑھائی اس کے بعد جماعت نہ ہوئی حتی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بھی نماز تراویح لوگ اپنے اپنے گھروں میں یا مساجد میں تنہا ادا کیا کرتے تھے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں مشہور قاری قرآن حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو تراویح کی جماعت کا حکم دیا اس کے بعد یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔

حضرت سائب بن یزید سے مروی ہے۔

کان القیام علی عہد	حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے
عمر بثلاث وعشرین	دور میں بیس رکعتیں ادا
رکعۃ	کی جاتی تھیں۔

(عمدۃ القاری، ۱۱: ۱۲۷)

یعنی بیس رکعات تراویح اور تین وتر ادا کیا جاتے تھے۔

حضرت اعمش، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں۔

كان يصلي عشرين ركعة	آپ بیس رکعات اور تین وتر
ويوتر بثلاث	ادا فرماتے

(عمدہ القاری، ۱۱: ۱۲۷)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے آپ نے قاری قرآن کو نماز تراویح کی جماعت کا حکم دیتے ہوئے فرمایا۔

يصلي بهم رمضان	رمضان میں بیس رکعات
عشرين ركعة	لوگوں کو پڑھایئے۔

(عمدۃ القاری، ۱۱: ۱۲۷)

باقی ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں آٹھ رکعات پر اضافہ نہ فرماتے تھے اس سے مراد تہجد کی نماز ہے کیونکہ غیر رمضان میں تراویح نہیں ہوتی گویا اس روایت میں آپ کی تہجد کی نماز کا بیان ہے، آج تک حرمین شریفین زادھما اللہ شرفا میں بیس رکعات ہی ادا کی جاتی ہیں مدینہ منورہ کے قاضی عطیہ محمد سالم نے اس موضوع پر مستقل کتاب "التراویح اکثر من الف عام فی مسجد النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام" لکھی ہے جس میں بڑی تفصیل کے ساتھ اس معمول کو واضح کیا ہے۔

مسجد نبوی شریف کے ایک مدرس شیخ ابوبکر الجزائری تراویح کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

اختلفت فی عدد رکعاتها   تراویح کی رکعتوں میں اختلاف
والاکثرون علی انها عشرون   ہے اکثریت کی رائے میں بیس
رکعۃ دون الوتر   رکعات ہیں

(رسالۃ رمضان،،)

ترک حرام ہونے کی دلیل نہیں ہوا کرتا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک معمول کو ترک کر دینے کے باوجود تاقیامت امت کا باجماعت تراویح کا معمول ہے جو واضح کر رہا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی عمل کو ترک فرمانا ضروری نہیں اس کی حرمت کی وجہ سے ہو بلکہ اس کی متعدد حکمتیں ہو سکتی ہیں جیساکہ مذکورہ معمول ترک فرمانے کی خود حکمت بیان فرمادی کہ مجھے اندیشہ ہے کہیں تم پر یہ نماز فرض ولازم نہ ہو جائے اس مسئلہ کی تفصیلی بحث ہماری کتاب "مسئلہ ترک" میں ملاحظہ کیجیے

٠۔ آپ کی خصوصیت صوم وصال

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ مغرب کے وقت افطار کرنے کے بجائے سحری کے وقت افطار فرماتے، یعنی سحری ہی آپ کی افطاری بھی ہوتی، آپ کے ان روزں کو صوم وصال کہا جاتا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یواصل الی السحر   سحری کے وقت روزہ افطار

(مجمع الزوائد، ۳: ۱۶۱)   فرماتے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یواصل من السحر الی   سحری سے لیکر دوسری سحری
السحر   تک روزہ رکھتے

(المعجم الاوسط للطبرانی)

۷۔ دن کو بھی روزہ، رات کو بھی روزہ

بعض اوقات افطار ہی نہ فرماتے مسلسل روزہ رہتا جیسے دن کو رکھتے رات کو بھی روزہ ہی رہتا کیونکہ بخاری میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو صوم وصال سے منع کرتے ہوئے فرمایا اگر تم صوم وصال ضرور رکھنا ہی چاہو۔

فلیواصل الی السحر   تو صرف سحری تک رکھ سکتے ہو۔

انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ آپ تو وصال کا روزہ رکھتے ہو۔

(یعنی افطار فرماتے ہی نہیں) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انی لست کھیتکم انی   میں تمہاری مانند نہیں ہوں میں اس
ابیت لی مطعم یطعمنی   حال میں رات بسر کرتا ہوں مجھے
وساق یسقینی   کھلانے والا کھلاتا ہے اور پلانے
(البخاری، باب الوصال)   والا پلاتا ہے۔

شیخ ابن رجب اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔

وظاہر ھذا یدل علی   یہ حدیث واضح کر رہی ہے کہ
انہ صلی اللہ علیہ وسلم   آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو بھی

کان یواصل اللیل کلہ،   حالت روزہ میں ہی رہتے ۔

(لطائف المعارف، ۳۴۴)

امام بدرالدین عینی فرماتے ہیں وصال کا حقیقی معنی یہی ہے

ان یصل صوم یوم بصوم   ایک دن کے روزے کے ساتھ
یوم اخر من غیر اکل او   ہی بغیر کھائے پئے دوسرے
شرب بینہما ھذا ھو   دن کا روزہ رکھ لینا وصال کہلاتا
الصواب فی تحقیق الوصال   ہے اور اس کا معنی صحیح یہی ہے

(عمدۃ القاری، ۱۱: ۷۳)

اس کھانے پینے سے کیا مراد ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادگرامی میں جس کھانے پینے کا ذکر آیا ہے اس سے کیا مراد ہے؟

۱۔ بعض نے اس سے حقیقۃً کھانا مراد لیتے ہوئے کہا، رات کو اللہ تعالےٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خصوصی نعمت عطا فرما دیتا تھا۔

۲۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ ایسی خصوصی قوت نصیب ہو جاتی جو بھوک پیاس سے مانع ہو جاتی تھی۔

مگر دونوں پر اشکال وارد ہو جاتا ہے پہلے پر یہ کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم حسی کھانا کھاتے تو روزہ دار ہی نہ رہتے چہ جائیکہ وصال کا روزہ ہو دوسرے پر یہ کہ اگر بھوک پیاس محسوس ہی نہیں ہوتی تو روزہ کا مقصد فوت ہو گیا، اس لئے بعض اہل معرفت نے کھانے پینے سے مراد بیان کرتے ہوئے اور معنی بیان کیا، امام نووی شرح المہذب میں لکھتے ہیں۔

معناه ان محبة الله شغلتني عن الطعام والشراب

اللہ تعالےٰ کی محبت مجھے کھانے پینے کی طرف متوجہ نہیں ہونے دیتی۔

(اتحاف اہل الاسلام، ١٦١)

شیخ ابن قیم نے بڑی تفصیل کے ساتھ یہی معنی تحریر کیا ہے

ان المراد به ما يغذيه الله به من معارفه وما يفيض على قلبه من لذة مناجاته وقرة عينه بقربه وتنعمه بحبه، والشوق اليه، وتوابع ذلك من الأحوال التي هي غذاء القلوب، ونعيم الأرواح، وقرة العين، وبهجة النفوس والروح والقلب بما هو أعظم غذاء وأجوده وانفعه وقد يقوى هذا الغذاء حتى يغني عن غذاء الأجسام مدة من الزمان، كما قيل:

اس سے مراد وہ غذا ہے جو اللہ تعالےٰ معارف کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرماتا، وہ لذتِ مناجات ہے جو آپ کے قلبِ اقدس کو نصیب ہوئی اللہ تعالےٰ کے قرب کی ٹھنڈک، اس کی محبت کا انعام اور اس کا شوق اور دیگر ایسے احوال وکیفیات جو دلوں کی غذا، ارواح کے لئے نعمت، آنکھوں کے لئے ٹھنڈک، نفوس اور روح اور دل کے لئے ایسی غذا جو تمام غذاؤں سے بڑھ کر عمدہ اور نافع ہوتی ہے۔ یہ غذا اس قدر قوی ہے کہ انسان مدت تک غذا جسمانی سے

لـهـا احاديث من ذكراك تشغلها۔ عن الشراب و تلهيها عن الزاد لـهـا بوجهك نور تستضئ به۔ ومن حديثك فى أعقابها حادي إذا اشكت من كلال السير أوعدها۔ روح القدوم فتحيا عند ميعاد ومن له أدنى تجربة وشوق، يعلم استغناء الجسم لغذاء القلب والروح عن كثير من الغذاء الحيواني ولاسيما المسرور الفرحان الظافر بمطلوبه الذى قد قرت عينه بمحبوبه، وتنعم بقربه، والرضى عنه، والطاف محبوبه وهداياه و تحفه تصل اليه كل وقت، ومحبوبه يعنى به معتن بأمره، مكرم له غاية الاكرام مع المحبة التامة له، أفليس فى هذا أعظم

بے نیاز کر دیتی ہے جیسا کہ کسی نے خوب کہا تیری یادوں نے نفس کو کھانے پینے سے بالاتر کر دیا ہے، اس کے لیے تیری زیارت و دیدار روشنی کا سبب ہے اور تیری باتیں اس کیلئے حدی کا کام دیتیں ہیں جب سفر کی تھکاوٹ پریشان و مضطرب کرتی ہے تو تیری یاد ہی روح و دل کو دوبارہ زندگی عطا کرتی ہے۔ اور جسے بھی اس معاملۂ محبت کا تھوڑا سا تجربہ اور شوق ہے وہ جانتا ہے قلب و روح کی غذا آدمی کو غذا حیوانی و جسمانی سے بے نیاز کر دیتی ہے خصوصاً وہ خوشی و لذت جو لیسے مقصود و مطلوب کے حصول پر ہوتی ہے کہ اس کی آنکھیں محبوب کے دیکھنے سے ٹھنڈک پاتیں ہیں، اس کا قرب و رضا اسکی سب سے بڑی نعمت

غذاء لهذا المحب؟ فكيف بالحبيب الذي لا شيء أجل منه، ولا أعظم، ولا أجمل ولا أكمل، ولا أعظم إحسانا إذا امتلأ قلب المحب بحبه، وملأ حبه جميع أجزاء قلبه وجوارحه وتمكن حبه منه أعظم تمكن، وهذا حاله مع حبيبه أفليس هذا المحب عند حبيب يطعمه ويسقيه ليلا ونهارا؟ ولهذا قال "إني أظل عند ربي يطعمني ويسقيني" ولو كان ذلك طعاما وشرابا للفم لما كان صائما فضلا عن كونه مواصلا، وأيضا فلو كان ذلك في الليل لم يكن مواصلا، ولقال لأصحابه إذ قالوا له انك تواصل لست أواصل

ہوتی ہے، محبوب کے الطاف ہدایا و تحائف اسے ہر وقت سامنے رہتے ہیں، محبوب اسے ہر شی محبوب ہو اور محبت کاملہ کے ساتھ اس کے آرام واکرام میں مستغرق ہو۔

کیا یہ محب کے لئے سب سے بڑی غذا نہیں ہو گی؟

کیا مقام ہو گا اس محبوب کے ملنے پر جس سے بڑھ کر کوئی بڑا، بزرگ، اعظم، اجمل، اکمل اور محسن ہی نہیں، جب محب کا دل اس کی محبت میں ڈوبا ہو، اس کی محبت سے محب کے دل اور تمام اعضاء جوارح سرشار و مالا مال ہوں، اس کی محبت کا محب میں راج ہو، یہ شان حضور کو اپنے خالق کے ساتھ حاصل ہے کیا ایسا محب دن رات اپنے محبوب

ولم يقل لست كهيئتكم، بل اقرهم على نسبة الوصال اليه. وقطع الالحاق بينه وبينهم في ذلك بما بينه من الفارق، كما في صحيح مسلم، من حديث عبدالله بن عمر، ان رسول الله صلى الله عليه وسلم واصل في رمضان، فواصل الناس فنهاهم، فقيل له انت تواصل فقال اني لست مثلكم اني

سے کھا پی نہیں رہا ہوتا؟ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنے رب کے ہاں رات بسر کرتا ہوں وہ مجھے کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی اب اگر یہ کھانا پینا عملاً ہو تو روزہ نہیں چہ جائیکہ وصال کا روزہ ہو اور اگر رات کو ایسا ہوتا تو پھر بھی آپ صاحب وصال نہ رہتے یہی وجہ ہے جب صحابہ نے عرض کیا آپ وصال فرماتے ہیں تو آپ نے اس کا انکار نہیں فرمایا بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہاری مثل نہیں ہوں میں کھلایا اور پلایا جاتا ہوں۔

۷۲۔ مغرب و عشاء کے درمیان غسل فرماتے

رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں مغرب و عشاء کے درمیان آپ صلی اللہ علیہ وسلم غسل فرمایا کرتے۔

۱۔ امام ابن ابی عاصم نے ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ جب رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوتا تو عبادت میں پہلے سے بھی بڑھ کر محنت فرماتے۔

و اغتسل بین الاذانین	اور مغرب و عشاء کے درمیان غسل
(لطائف المعارف، ۳۴۳)	فرماتے۔

یہاں دونوں اذانوں سے مراد مغرب و عشاء ہیں۔

۲۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول مبارک ان الفاظ میں مروی ہے۔

کان یغتسل بین العشائین	آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری
کل لیلۃ یعنی من العشر الاواخر	عشرہ میں مغرب و عشاء کے درمیان غسل
(لطائف المعارف، ۳۴۶)	فرمایا کرتے۔

۳۔ امام ابن ابی عاصم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں انہوں نے ایک رات رمضان المبارک میں آپ کے ساتھ شب بیداری کی۔

فاغتسل النبی صلی اللہ علیہ وسلم	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل فرمایا،
وسترہ حذیفہ و بقیت فضلۃ	حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے پردہ کیا

فاغتسل بها حذيفة وستره النبي صلى الله عليه وسلم۔

بقیہ پانی سے حضرت حذیفہ نے غسل کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ فرمایا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ملتے ہیں۔

قام النبي صلى الله عليه وسلم ذات ليلة من رمضان في حجرة من جريد النخل فصبيت عليه دلوا من ماء

(اتحاف اہل الاسلام، ۲۱۰)

رمضان کی رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی شاخوں سے بنے ہوئے حجرہ میں قیام فرمایا اور میں نے پانی کا ڈول آپ پر انڈیل دیا۔

شیخ ابن رجب اور امام ابنِ حجر مکی دونوں نے آخری عشرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات میں بیان کیا۔

ومنها اغتساله صلى الله عليه وسلم بين العشائين،

(لطائف المعارف، ۳۴۶)

(اتحاف اہل الاسلام، ۲۱۰)

مغرب و عشاء کے درمیان غسل فرمانا بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات میں شامل ہے۔

یہ احادیث اگرچہ ضعیف ہیں مگر اعمال میں حدیث ضعیف مقبول ہوتی ہے اور پھر محدثین و فقہاء کرام نے ان سے استدلال کیا اور ان میں بیان کردہ عمل کو اپنا معمول بنایا۔

امام ابن جریر اہل علم کا معمول یوں بیان کرتے ہیں۔

كانوا يستحبون ان يغتسلوا كل ليلة من ليالي العشر الاخير

(ھکذا صام رسول اللہ، ۱۱۴)

اہلِ علم و معرفت رمضان کے آخری عشرہ میں ہر رات غسل کرنا مستحب جانتے ہیں۔

امام ابراہیم نخعی تابعی کا معمول یہ تھا۔

یغتسل فی العشر کل لیلۃ	آخری عشرہ رمضان میں ہر رات غسل
(لطائف المعارف، ۳۴۶)	کرتے۔

حضرت ایوب السختیانی کے بارے میں منقول ہے وہ تیئس اور چوبیس رمضان کی رات غسل کرتے نئے کپڑے پہنتے اور فرماتے تیئس اہل مدینہ کی رات اور چوبیس ہماری رات ہے۔ حضرت زر بن حبیش، ستائیس رات کو غسل فرماتے۔

خادم رسول حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا معمول یہ ملتا ہے جب رمضان کی چوبیسویں رات آتی۔

اغتسل و تطیب ولبس	غسل کرتے، خوشبو لگاتے نیا حلہ
حلۃ ازارا ورداء فاذا	تہبند اور چادر اوڑھتے جب صبح
اصبح طواھما فلم	ہوتی تو انہیں طے کر کے رکھ دیتے
یلبسھا الی مثلھا من قابل	اور اگلا سال ایسے کپڑے نہ پہنتے۔

(لطائف المعارف، ۳۴۶)

۷۳۔ سر اقدس دھلاتے

حالت اعتکاف میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مبارک عمل بھی ملتا ہے کہ آپ اس طرح لیٹ جاتے کہ سر اقدس مسجد سے باہر ہوتا سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سر اقدس کو دھوتیں اور اسے کنگھی کرتیں۔

بخاری میں ام المومنین سے مروی ہے۔

کان یخرج راسہ من	آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت
المسجد وھو معتکف	اعتکاف میں سر اقدس مسجد سے

فاغسلہ

باہر نکالتے اور میں اسے دھویا کرتی۔

(البخاری، باب غسل المعتکف)

دوسری روایت میں حضرت عروہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مروی ہے

ان کانت ترجل النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھی حائض وھو معتکف فی المسجد وھی فی حجرتہا یناولہا رأسہ

آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اقدس کو حالت اعتکاف میں کنگھی وغیرہ کیا کرتیں حالانکہ یہ اپنے حجرہ میں ہوتیں۔

(البخاری باب المعتکف یدخل رأسہ البیت)

امام بدرالدین عینی اس کی تفصیلی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں حجرہ انور کا دروازہ مسجد شریف کی طرف تھا۔

وکانت عائشہ تقعد فی حجرتہا من وراء القبۃ ویقعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد خارج الحجرۃ فیمیل رأسہ الیہا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے حجرہ میں قبہ کے پیچھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ سے باہر مسجد شریف فرما ہوتے اور اپنا سر اقدس ان کی طرف جھکا دیتے

(عمدۃ القاری، ۱۱ : ۱۵۸)

سر اقدس کا دھلانا بھی واضح کر رہا ہے کہ معتکف غسل کر سکتا ہے یہی وجہ ہے امام بخاری نے اس حدیث کو اس عنوان کے تحت ذکر کیا

ہے باب غسل المعتکف (اعتکاف کرنے والا غسل کر سکتا ہے)

اس گفتگو سے یہ بھی آشکار ہو جاتا ہے کہ معتکف غسلِ جمعہ اور عبادت میں ذوق و شوق کی بحالی کے لیے غسل کر سکتا ہے اور ظاہر ہے یہ مسجد سے باہر ہی ہوگا نہ کہ مسجد کے اندر،

شیخ عبدالحق محدث دہلوی معتکف کے غسل جمعہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

اما غسل جمعہ روایتے صریح دراں	غسل جمعہ کے بارے میں اصول
از اصول نمی یابم جز آنکہ در شرح	میں کوئی صریح روایت ہم نے نہیں پائی
اوراد گفتہ است کہ بیروں می آید	شرح اوراد میں ہے کہ معتکف
بروئے غسل فرض باشد یا نفل	غسل کے لیے باہر آسکتا ہے۔
(اشعۃ اللمعات، ۲ : ۱۲۰)	خواہ غسل فرض ہو یا نفل۔

آپ پیچھے تفصیلاً پڑھ چکے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں مغرب و عشا کے درمیان غسل فرمایا کرتے اور ظاہر ہے یہ غسلِ نفلی ہی تھا، حضرت شیخ کے مطالعہ میں یہ معمول اور روایت نہیں آئی تبھی انہوں نے فرمایا میرے نظر سے کوئی صریح روایت نہیں گزری لیکن شرح اوراد میں، غسل نفل کی اجازت دی گئی ہے ظاہر ہے ان بزرگوں کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی معمول تھا کیونکہ وہ اجتہادی طور پر ایسی بات کہاں کر سکتے ہیں؛

۴۷، آخری عشرہ میں پہلے سے بڑھ کر عبادت میں محنت فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سارا سال ہی عبادتِ الٰہی میں کوئی کمی نہ فرماتے

ماہ رمضان المبارک میں دوسرے مہینوں سے بڑھ کر عبادت فرماتے اور جب رمضان کا آخری عشرہ شروع ہو جاتا تو ان میں تو اور خصوصی عبادت کا اہتمام فرماتے۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجتہد فی العشر الاواخر مالا یجتہد فی غیرہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری عشرہ میں جتنی محنت فرماتے دوسرے دنوں میں اتنی نہ فرماتے۔
(المسلم، باب الاجتہاد فی العشر الاواخر)	

۷۵، وصال کا روزہ اور آخری عشرہ

پیچھے گزرا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات دن کے ساتھ رات کا بھی روزہ رکھتے اور یہ وصال کے روزوں کا معمول مبارک بھی اکثر طور پر آخری عشرہ رمضان میں ہوتا تاکہ وہ قلیل سے قلیل لمحات جو کھانے پینے میں لگتے ہیں ان کو بھی عبادت الٰہی کے لیے وقف کیا جائے شیخ ابن قیم لکھتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں اسقدر عبادت فرماتے۔

حتی انہ کان لیواصل فیہ احیانا لیوفر ساعات لیلہ ونہارہ علی العبادۃ	حتی کہ بعض اوقات وصال کا روزہ رکھ لیتے تاکہ دن رات کی ہر گھڑی کو عبادت الٰہی کے لئے ہی مخصوص کیا جاسکے۔
(صوم النبی، ۵۸)	

۷۶۔ کمر کس کر باندھ لیتے

آخری عشرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت میں مشغولیت کا یہ عالم تھا کہ آپ اپنی کمر مبارک کو کس کر باندھ لیتے جو خوب محنت و جدوجہد کی علامت ہوا کرتا ہے۔

صحابہ سے مروی ہے جب رمضان کا آخری عشرہ شروع ہو جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وجد و شد المئزر	خوب محنت فرماتے اور مبارک کمر کو باندھ لیتے

(المسلم، باب الاعتکاف)

شد المئزر کا معنی بیان کرتے ہوئے امام نووی فرماتے ہیں۔

هو الاجتهاد فی العبادات زیادة علی عادته صلی الله علیه وسلم فی غیره	یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیگر ایام کی نسبت عبادات میں محنت اور اضافہ تھا۔

(شرح مسلم، ۱: ۳۷۲)

امام عبدالرؤف المناوی نے ترجمہ ان الفاظ میں کیا ہے۔

وهو کنایة عن الاجتهاد فی العبادة	یہ عبادت میں محنت کا بیان ہے۔

(فیض القدیر، ۵: ۱۳۲)

امام ابن حجر مکی آخری عشرہ کے معمولات میں بیان کرتے ہیں۔

انه صلی الله علیه وسلم کان یشد المئزر	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کمر باندھ لیا کرتے۔

(اتحاف اهل الاسلام، ۲۰۸)

”تمام رات بیدار رہتے

رمضان کی باقی راتوں میں کچھ آرام بھی فرماتے مگر آخری راتوں میں وہ تھوڑا سا آرام بھی ترک فرما دیتے اور تمام رات بیدار رہ کر عبادت الٰہی میں مشغول رہتے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہ تھا۔

اذا دخل العشر احیی اللیل	جب آخری عشرہ شروع ہوتا تو آپ صلی اللہ
	علیہ وسلم تمام رات بیدار رہتے۔

شیخ ابن رجب فرماتے ہیں یہ روایت ان الفاظ سے بھی مروی ہے۔

واحیا اللیل کلہ	تمام رات بیدار رہتے۔

(لطائف المعارف، ۳۳۹)

مسند احمد کی روایت اس کی تائید کر رہی ہے۔

کان صلی اللہ علیہ وسلم	رمضان کے بیس دن آپ صلی اللہ
یخلط العشرین بصلاۃ	علیہ وسلم نماز و آرام دونوں کرتے
ونوم فاذا جاء العشر شمر	لیکن جب آخری عشرہ شروع ہوتا
وشد المئزر	تو کمر کس کر باندھ لیا کرتے۔

(مسند احمد، ۶: ۱۴۶)

امام ابو نعیم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے آپ کا یہ معمول نقل کیا ہے

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم	جب رمضان شروع ہوتا تو آپ
اذا شھد رمضان قام ونام	صلی اللہ علیہ وسلم قیام بھی فرماتے
فاذا کان اربعا وعشرین	اور آرام بھی لیکن چوبیس رمضان

لم یذق غمضاً	ہوتی تو آپ ایک لمحہ بھی نیند
(الحلیہ، ۲: ۳۰۶)	نہ فرماتے

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے۔

لم یأو الی فراشہ حتی ینسلخ	رمضان گزرنے تک آپ بستر پر
رمضان	آرام فرما نہ ہوتے۔

دوسری روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے الفاظ ہیں۔

وطوی فراشہ	آپ کا مبارک بستر لپیٹ دیا جاتا۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۲۰۸)

باقی پیچھے جو گزرا کہ حالتِ اعتکاف میں بستر اور چارپائی بھی بچھائی جاتی تھی اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر نیند فرماتے ہوں، ممکن ہے امت کے لئے تعلیم ہو کہ معتکفین مسجد میں بستر وغیرہ لا سکتے ہیں اور سو بھی سکتے ہیں۔

۷۔ سارے رمضان کا معمول

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول فقط آخری عشرہ رمضان کا ہی نہ تھا بلکہ پورے رمضان کا تھا۔ امام بیہقی نے فضائل اوقات میں اور امام جلال الدین سیوطی نے جامع الصغیر میں ام المومنین سے روایت کے الفاظ یہ نقل کیے ہیں۔

کان اذا دخل رمضان	جیسے ہی رمضان شروع ہوتا آپ
شد مئزرہ، ثم لم یات	صلی اللہ علیہ وسلم کمر کس کر باندھ لیتے
فراشہ حتی ینسلخ	اور اس کے اختتام تک آرام فرما
(الجامع الصغیر، حدیث ۶۶۸۰)	نہ ہوتے۔

۹، گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے

رمضان کی آخری راتوں میں صرف خود ہی بیدار نہ رہتے بلکہ گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے ہے جب رمضان کا آخری عشرہ شروع ہو جاتا۔

احیی اللیل وایقظ اهله

تمام رات قیام فرماتے اور گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے۔

(المسلم، باب الاجتہاد فی العشر)

یہاں اہل سے مراد صرف ازواج مطہرات ہی نہیں بلکہ ہر وہ چھوٹا بڑا مراد ہے جو نماز ادا کرنے کی طاقت رکھتا ہے کیونکہ طبرانی کی روایت میں یہی ہے آخری عشرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات کو بیدار کرتے۔

وکل صغیر وکبیر یطیق الصلاۃ

(مسند احمد، ۱: ۳۳۳)

اور اس چھوٹے بڑے کو بیدار کرتے جو نماز پڑھ سکتا ہے۔

حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے منقول ہے

لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا بقی من رمضان عشرۃ ایام یدع احداً من اهله یطیق القیام الا اقامه

(فتح الباری، ۴: ۲۱۸)

جب رمضان کے دس دن باقی رہ جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں جسے نماز کی طاقت ہوتی اسے بیدار فرما دیتے

٨٠۔ اعتکاف فرماتے

رمضان المبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نہایت ہی مبارک معمول اعتکات ہے، ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم۔

كان يعتكف العشر الاواخر	رمضان کے آخری عشرہ میں ہمیشہ
من رمضان حتی توفاہ اللہ	اعتکاف فرماتے یہاں تک کہ اللہ
تعالےٰ ثم اعتكف ازواجه	تعالےٰ نے آپ کو وصال عطا
من بعده	فرمایا آپکے بعد ازواج مطہرات
(بخاری کتاب الاعتکاف)	اعتکاف کیا کرتیں۔

امام ابن شہاب زہری لوگوں کے اعتکاف نہ کرنے پر کہا کرتے۔

عجباً للمسلمين تركوا الاعتكاف	افسوس مسلمانوں پر انہوں نے اعتکاف
والنبی صلی اللہ علیہ وسلم لم يتركه	ترک کر دیا حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
منذ دخل المدينة حتی	نے وصال تک مدینہ منورہ میں اعتکاف
قبضه اللہ	ترک نہ فرمایا

(فتح الباری، ۴ : ۲۲۹)

٨١۔ پہلے اور دوسرے عشرہ کا اعتکاف

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ آخری عشرہ کے علاوہ رمضان کے پہلے اور دوسرے عشرہ میں بھی اعتکاف فرمایا حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کا پہلا عشرہ اعتکاف

فرمایا پھر دوسرا عشرہ بھی اعتکاف فرمایا اور یہ اعتکاف ایسے ترکی خیمہ میں تھا جس کے دروازے پر بطور پردہ چٹائی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چٹائی کو مبارک ہاتھ سے پکڑ کر خیمہ کی طرف ہٹایا۔

ثم اطلع راسه فکلم الناس	سر اقدس نکال کر صحابہ کو قریب
فدنوا منه فقال انی اعتکفت	آنے کا فرمایا جب وہ قریب آ گئے
العشر الاول التمس هذه اللیلة	تو فرمایا میں نے لیلۃ القدر کی تلاش
ثم اعتکفت العشر الاوسط	میں پہلا عشرہ اعتکاف کیا پھر بیچ
ثم اتیت فقیل لی انها فی	درمیانی عشرہ اعتکاف کیا پھر مجھے
العشر الاواخر فمن احب	بتایا گیا وہ آخری عشرہ میں ہے
منکم ان یعتکف فلیعتکف	تم میں سے جو اعتکاف جاری رکھنا
(المسلم، کتاب الصیام)	چاہتا ہے وہ اسے جاری رکھے۔

ایک مقام پر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ الفاظ بھی منقول ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

اعتکف العشر الاوسط من	لیلۃ القدر پر آگاہی سے پہلے
رمضان یلتمس لیلة القدر	اس کی تلاش کے لیے درمیانی
قبل ان تبان له	عشرہ میں بھی اعتکاف فرمایا۔

(عمدۃ القاری، ۱۱ : ۱۳۳)

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر مطلع کر دیا گیا کہ لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرہ میں ہے اس کے بعد آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صرف آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے، امام ابن حجر مکی اس روایت کے تحت لکھتے ہیں۔

فاعتکافه فی الاوسط لرجائها قبل ان یتبین له ذلك فلما تبین له انها فی الاخیر اعرض عن الوسط (اتحاف اهل الاسلام، ۲۰۱)	لیلۃ القدر کی تلاش کے لئے درمیانی عشرہ میں اعتکاف، اس پر مطلع ہونے سے پہلے تھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر مطلع کر دیا گیا کہ وہ آخری عشرہ میں ہے تو آپ نے وسط کا اعتکاف ترک فرما دیا۔

۸۲ شوال میں قضا اعتکاف

ایک دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان میں اعتکاف نہ فرمایا ہوا یوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کے لیئے مسجد میں خیمہ لگایا تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے اعتکاف کی اجازت چاہی جو مل گئی انہوں نے الگ خیمہ لگایا، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اعتکاف کی اجازت حاصل کر کے خیمہ لگا لیا، جب یہ منظر حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالے عنہا نے دیکھا تو انہوں نے بھی اعتکاف کیلئے خیمہ لگایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم حسب معمول صبح کی نماز کے بعد اپنے خیمہ میں جلوہ افروز ہونے کے لیئے تشریف لائے تو دیکھا آپ کے خیمہ کے ساتھ تین اور خیمے بھی ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیمے اٹھانے کا حکم دیدیا۔

فترك الاعتكاف ذلك الشهر ثم اعتكف عشرا من شوال (البخاری، باب اعتکاف النساء)	اس ماہ رمضان میں اعتکاف نہ فرمایا پھر شوال کے عشرہ میں اعتکاف فرمایا۔

اعتکاف ترک فرمانے کی حکمتیں

امام بدر الدین عینی اور دیگر محدثین کرام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ترک اعتکاف کی درج ذیل حکمتیں بیان کی ہیں۔

۱۔ کہیں ان کا یہ عمل کمالِ اخلاص سے خالی نہ ہو، محض آپ کے قرب اور آپس میں غیرت و رشک کی بنا پر ہو۔

۲۔ مسجد میں ہر قسم کے لوگ اعراب اور منافقین کی آمد و رفت تھی خواتین کے لئے آمد و رفت میں تنگی و پریشانی نہ ہو۔

۳۔ ان کے خیموں کی وجہ سے مسجد نمازیوں کے لیے تنگ ہو گئی تھی

۴۔ چوتھی یہ بیان فرمائی۔

لانه صلى الله عليه وسلم اذا راهن عنده في المسجد فصار كانه في منزله بحضرة مع ازواجه و ذهب المقصود من الاعتكاف وهو التخلي عن الازواج ومتعلقات الدنيا

جب آپ نے مسجد میں ازواجِ مطہرات کو اردگرد دیکھا تو محسوس فرمایا یہاں تو گھر والا معاملہ ہی بن گیا ہے اور اس سے مقصدِ اعتکاف (ازواج اور امورِ دنیا سے جدا ہونا) فوت ہو جائے گا۔

(عمدۃ القاری، ۱۱ : ۱۴۸)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہی حکمت ان الفاظ میں بیان کی ہے۔

او بالنسبة الى ان اجتماع النسوة عنده يصيره كالجالس

کہ خواتین کے اجتماع کی وجہ سے ایسا محسوس ہونے لگا جیسے

فی بیتہ ود بماشغلہ	آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں ہی
من التخلی لما قصد	تشریف فرما ہیں اور یہ بات
من العبادۃ فیفوت	خلوت میں عبادت کے منافی ہے
مقصود الاعتکاف	اور اس سے اعتکاف کا مقصد فوت
(فتح الباری، ۴ : ۲۲۳)	ہونے کا خطرہ تھا۔

اہم نوٹ

اس پر وہ لوگ ضرور غور کریں جو حالت اعتکاف میں بھی اپنے اردگرد عام زندگی کے ماحول کو قائم رکھتے ہیں جس سے یہ محسوس ہی نہیں ہوتا کہ ان دنوں کچھ معمولات میں تبدیلی آئی ہے، اگر معمولات میں تبدیلی نہیں لانی تو پھر اعتکاف بیٹھنے کی کیا ضرورت؟ آپ نے دیکھا نہیں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں گھر والا ماحول ہی محسوس فرمایا تو اعتکاف ترک فرما دیا حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ماحول اثر انداز نہیں ہو سکتا۔

چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول یہ تھا جس عبادت کو ایک دفعہ شروع فرما لیتے کبھی اسے ترک نہ فرماتے اس لیے آپ نے یہ متروکہ اعتکاف کی قضا

اعتکف فی آخر العشر	شوال کے آخری عشرہ میں
من شوال	فرمائی۔

(البخاری، باب الاعتکاف فی شوال)

۸۴۔ وصال کے سال بیس دن اعتکاف اکثر طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم

نے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا مگر وصال کے سال آپ نے بیس روز اعتکاف فرمایا یعنی گیارہ رمضان المبارک سے اعتکاف شروع فرما کر آخر رمضان تک جاری رکھا، سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر رمضان میں دس روز اعتکاف فرمایا کرتے۔

فلما کان العام الذی قبض فیه اعتکف عشرین یوما	وصال کے سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس دن اعتکاف فرمایا۔

(البخاری، باب الاعتکاف فی العشر الاوسط)

بیس روز اعتکاف کی حکمتیں بیان کرتے ہوئے شارحین حدیث لکھتے ہیں،

۱۔ اس سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف کو اس لیے بڑھا دیا۔

من اجل انه علم بانقضاء اجله اراد استکثار عمل الخیر لیبین لامته الاجتهاد فی العمل اذا بلغوا اقصی العمر لیلقوا الله علی خیر احوالهم	چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وصال سے آگاہ ہو چکے تھے آپ نے عمل خیر کا اضافہ فرما کر امت کو تعلیم دی کہ عمر کے آخری حصہ میں عمل خیر میں خوب محنت سے کام لیا جائے تاکہ بہتر حال میں باری تعالٰی کی بارگاہ میں حاضری ہو۔

۲۔ دوسری وجہ بعض علماء نے یہ بیان فرمائی کہ رمضان المبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت جبریل امین قرآن کا دور کیا کرتے تھے جس سال آپ کا وصال ہوا انہوں نے آپ سے دو دفعہ دور کیا

فلذلك اعتکف قدر ما	اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم

کان یعتکف مرتین	دو مرتبہ کا اعتکاف ایک دفعہ فرمایا۔

۳۔ امام ابن العربی اس کی وجہ یہ بیان کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کی وجہ سے جس اعتکاف کو ترک فرمایا تھا اس کی قضا اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشرہ شوال میں کر لی تھی مگر آپ کی خواہش ہوئی کہ قضا رمضان میں بھی کرنی چاہیئے۔

اعتکف فی العام الذی یلیہ عشرین لیتحقق قضا العشر فی رمضان۔	متصل سال میں بیس دن اعتکاف فرمایا تاکہ اس کی قضا رمضان ہی میں ہو جائے۔

۴۔ بعض نے اس عمل مبارک کی حکمت یہ بھی بیان کی ہے کہ یہ مذکورہ اعتکاف کی قضا نہ تھی وہ تو شوال میں کر لی تھی یہ اس اعتکاف کی قضا تھی جو اس سے پچھلے سال سفر کی وجہ سے رہ گیا تھا۔

انہ کان فی العام الذی قبلہ کان مسافرا فلم یعتکف فلما کان العام المقبل اعتکف عشرین (عمدۃ القاری، ۱۱: ۱۵۴)	اس سے پہلے سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت سفر کی وجہ سے اعتکاف نہ فرما سکے تھے تو آئندہ سال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس دن اعتکاف فرمایا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں یہ وجہ اقوی ہے کیونکہ اس کا ذکر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی اس حدیث میں موجود ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے۔

فسافر عاما فلم یعتکف فلما کان العام المقبل اعتکف عشرین (فتح الباری، ۴: ۲۲۹)	ایک سال ہم نے سفر کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف نہ فرما سکے پھر آئندہ سال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس یوم اعتکاف فرمایا

وصال کا کمال شوق

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک عمل کی حکمت ان پر محبت الفاظ میں بیان کی ہے۔

ازجہت کمالِ شوق وتہیا واستعداد
بوصول درگاہ۔ بیت
وعدہ وصل چوں شود نزدیک
آتشِ شوق تیز تر گردد
(اشعۃ اللمعات، ۲: ۱۲۰)

بارگاہ خداوندی میں کے وصال و
ملاقات کے شوق اور اس کی بہتر
تیاری کے لیے ایسا کیا کسی نے کہا
خوب کہا
جب ملاقات کا وعدہ قریب آتا ہے
تو شوق کی آگ مزید بھڑک اٹھتی
ہے۔

۸۴-اعتکاف مسجد میں فرماتے نہ کہ حجرہ میں

حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے مسجد سے ہی متصل بلکہ بقول بعض، تابعین کے مسجد کے اندر تھے مگر اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں اعتکاف نہ فرمایا حضرت عطاء بن ابی رباح سے جب یہ پوچھا گیا کہ مجاورت اور اعتکاف ایک ہی چیز کے دو نام ہیں یا یہ الگ ہیں انہوں نے جواب میں فرمایا یہ دونوں مختلف ہیں، مجاورت کے لیے مسجد شرط نہیں اور اعتکاف کے لیے مسجد شرط ہے پھر اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول بطور دلیل بیان کیا۔

کانت بیوت النبی صلی اللہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس

علیہ وسلم فی المسجد فلما اعتکف فی شہر رمضان خرج من بیوتہ الی بطن المسجد فاعتکف فیہ

(عمدۃ القاری، ۱۱:۱۴۸)

حجرے مسجد میں ہی تھے مگر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں اعتکاف فرماتے تو ان سے نکل کر مسجد میں تشریف فرما ہو کر اعتکاف فرماتے۔

حجرے میں اعتکاف نہیں ہوتا

یہاں اس بات کا ذہن نشین کر لینا نہایت ضروری ہے کہ جس مقام پر اعتکاف کیا جا سکتا ہے وہ مسجد کا ہال، برآمدہ اور صحن ہے کیونکہ انہی پر حقیقۃً مسجد کا اطلاق ہوتا ہے اس کے علاوہ وہ حصہ جو مسجد کی ضروریات کے لیے وقف ہوتا ہے مثلاً وضو خانہ، حجرہ امام اور گودام وغیرہ وہ مسجد نہیں بلکہ وہ حکمِ مسجد میں ہوتا ہے لہٰذا اس حصہ میں اعتکاف نہیں کیا جا سکتا بلکہ معتکف حالت اعتکاف میں اگر ان حصص میں بلا ضرورت جائے گا تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا جب اعتکاف کے لیے مسجد کا ہونا ضروری ہے تو جو لوگ حجروں میں اعتکاف کرتے ہیں ان کا اعتکاف نہیں ہو گا۔

آج کئی لوگ اپنا امتیاز اور پروٹوکول قائم رکھنے کے لیے مسجد کے بجائے الگ حجروں میں اعتکاف کرتے ہیں انہیں احساس ہونا چاہیئے مسجد سب سے افضل و اعلیٰ مقام ہے کہیں ایسا نہ ہو وہ اللہ کے گھر کی رحمتوں اور برکات سے محروم کر دیئے گئے ہوں حبیب اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ چھوڑ کر مسجد میں بیٹھتے ہیں تو ہمیں کیا ہو گیا ہے؟

۸۵- اعتکاف کیلئے خیمہ لگوالتے

اعتکاف چونکہ نام ہی مخلوق سے جدا کر خالق کی چوکھٹ پر بیٹھ جانے کا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اگرچہ یہ مقام ہر وقت حاصل ہے مگر آپ امت کی تعلیم کی خاطر باقاعدہ خیمہ میں اعتکاف فرماتے تاکہ اعتکاف کرنے والے کو اپنے رب سے خلوت نصیب ہو اور ایسی یکسوئی مل جائے کہ سارا سال اس کا دل اپنے خالق و مالک کی طرف ہی متوجہ رہے، اس کا دل کسی کار کی طرف ہو مگر دل حقیقی محبوب اور یار کی طرف ہی رہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرمایا کرتے۔

فکنت اضرب لہ خباء	میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے
(البخاری، باب اعتکاف النساء)	خیمہ نصب کیا کرتی تھی۔

دوسرے مقام پر فرماتی ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز (فجر)
اذا صلی انصرف الی بنائہ	ادا کر کے اپنے مقدس خیمہ میں تشریف
(البخاری، باب من اراد ان یعتکف)	فرما ہوتے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالے عنہ سے ہے کہ آپ نے پہلا عشرہ بھی اعتکاف فرمایا۔

ثم اعتکف العشر الاوسط	دوسرا عشرہ بھی اعتکاف فرمایا اور
فی قبہ ترکیۃ علی سدتہا	یہ اعتکاف ترکی خیمہ میں تھا جس
حصیر قال فاخذ الحصیر	کے دروازہ پر چٹائی پردہ تھا،

بیدہ فنحاها فی ناحیة	اس چٹائی کو آپ صلی اللہ
القبة ثم اطلع رأسه	علیہ وسلم نے ایک طرف کر کے سر اقدس
فکلم الناس	نکال کر لوگوں سے کلام فرمایا۔

(موطا امام مالک، کتاب الاعتکاف)

امام ابن ماجہ نے ایک باب قائم کیا ہے جس کا عنوان ہی باب الاعتکاف فی خیمۃ فی المسجد ہے۔

انہی روایات کی بنا پر اہلِ سیر نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ معمول بیان کیا۔ شیخ ابن قیم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک معمول کا تذکرہ یوں کرتے ہیں۔

وکان یامر بخباء فیضرب	آپ خیمہ لگانے کا حکم فرماتے جو
له فی المسجد یخلو فیه	مسجد میں لگا دیا جاتا آپ اس میں
بربه عزوجل	اپنے رب کے ساتھ خلوت میں رہتے

(صوم النبی، ۱۹۴)

ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی لکھتے ہیں۔

کان اعتکافه فی قبة تنصب	آپ صلی اللہ علیہ وسلم خیمہ میں اعتکاف
له فی المسجد قرب بیته	فرماتے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس
(هکذا صام رسول الله، ۳۰)	گھر کے پاس نصب کیا جاتا تھا۔

شیخ عطیہ محمد سالم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی مذکورہ حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔

ففی هذا الحدیث اعتکافه	اس حدیث نے واضح کر دیا کہ آپ صلی اللہ
صلی الله علیه وسلم فی قبة ترکیة	علیہ وسلم ترکی خیمہ میں اعتکاف فرماتے تھے

وفی بعض الآثار قبۃ من خوص	بعض روایات میں کھجور کی خیمہ کا بھی ذکر ملتا ہے۔

(مع الرسول فی رمضان، ۸۹)

شیخ محمد بن عبداللہ العلوی حاشیہ ابن ماجہ میں قبۃ ترکیۃ کے تحت لکھتے ہیں۔

ای قبۃ صغیرۃ من لبود	یعنی چمڑے کا چھوٹا خیمہ ہوتا تھا۔

(مفتاح الحاجہ، ۱۲۸)

خدارا سوچئے

آپ لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول پڑھا کہ اپنے رب اکرم سے خلوت کے لئے خیمہ لگاتے۔ اگرچہ آپ خیمہ کے محتاج نہ تھے مگر اس میں ہمارے لئے تعلیم تھی تم اگر اپنے رب سے یکسوئی چاہتے ہو تو یہ چند دن اس طرح تنہائی میں بیٹھو بس تمہارا رب ہو اور تم اعتکاف کو میلہ بنانے والے اس پر ضرور غور کریں کہیں لوگوں کو اپنے رب کریم کی طرف متوجہ کرنے کے بجائے غافل تو نہیں کر رہے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل کی پیروی ہی بندے کو رب کا محبوب بناتی ہے اسے چھوڑ کر رب کو نہیں پایا جاسکتا لہٰذا ضروری ہے لوگوں کو اعتکاف کے موقعہ پر اجتماعیت کے بجائے تنہائی کا درس دیا جائے تاکہ وہ مقصدِ اعتکاف کو پا سکیں۔

۸۶۔ خیمہ میں نماز فجر ادا کر کے داخل ہوتے

اعتکاف کی ابتدا اگرچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیس رمضان المبارک کی شام کو فرما دیتے، رات مسجد میں ہی بسر ہوتی مگر خیمہ میں اکیس رمضان کی نماز فجر ادا کر کے داخل ہوتے، ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالٰے کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کا آخری عشرہ اعتکاف کرتے۔

فکنت اضرب لہ خباء	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خیمہ
فیصلی الصبح ثم یدخلہ	نصب کیا جاتا اور اس میں آپ
(البخاری، باب اعتکاف النساء)	صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر ادا کر کے
	تشریف فرما ہوتے۔

دوسری روایت کے الفاظ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری عشرہ رمضان کا اعتکاف فرماتے

فاذا صلی الغداۃ دخل	جب فجر کی نماز ادا فرما لیتے تو پھر
مکانہ الذی اعتکف فیہ	اس مقام (خیمہ) پر تشریف فرما
(البخاری، باب الاعتکاف فی شوال)	ہوتے یہاں آپ معتکف ہوتے۔

مسلم کے الفاظ ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب
علیہ وسلم اذا اراد ان یعتکف	اعتکاف کرتے تو نماز فجر ادا کر کے
صلی الفجر ثم دخل معتکفہ	اعتکاف کی جگہ تشریف فرما ہوتے
(المسلم، کتاب الاعتکاف)	

شارح مسلم امام نووی اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

انہ دخل المعتکف	نماز فجر کے بعد جائے اعتکاف
وانقطع فیہ وتخلی بنفسہ	میں داخل ہو جاتے، تمام لوگوں سے

بعد صلوۃ الصبح لان ذلک وقت ابتدا الاعتکاف بل کان من قبل المغرب معتکفا لابثا فی جملۃ المسجد فلما صلی الصبح انفرد

(شرح مسلم، ۱:۳۷۱)

منقطع ہو کر تنہائی میں تشریف لے جاتے اس کا مفہوم یہ نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کے بعد اعتکاف شروع کرتے بلکہ اعتکاف تو مغرب کے بعد شروع کرتے مگر مسجد میں ٹھہرے رہتے فجر کی نماز ادا کر کے تنہائی میں تشریف لے جاتے۔

تنہائی اور خلوت کی تائید

پیچھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مبارک معمول گزرا کہ آپ اعتکاف کے لئے خیمہ لگایا کرتے مذکورہ احادیث اس کی تائید کر رہی ہیں، ان میں "انفرد" (آپ جدا ہو جاتے) اور دخل معتکفہ (آپ جائے اعتکاف میں داخل ہو جاتے) کے الفاظ اسی بات کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

محدثین کرام نے لفظ معتکف کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ اس سے مراد

الموضع الذی کان یخلو فیہ عن اعین الناس

(حاشیہ مشکوٰۃ، ۱۸۳)

وہ مقام ہے جس میں اعتکاف کرنے والا لوگوں کی نگاہوں سے غائب اور خلوت میں چلا جاتا ہے

انہی روایات کے پیشِ نظر اہل سیر نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول بیان کیا۔

وکان صلی اللہ علیہ وسلم	آپ صلی اللہ علیہ وسلم جائے اعتکاف
یدخل معتکفہ اذا صلی	میں آخری عشرہ کے پہلے دن
فجر الیوم الاول من	نمازِ فجر کے بعد داخل ہوتے۔
العشر	

(مع الرسول فی رمضان، ۹۰)

ممکن ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس معمول کی حکمت یہ ہو کہ چونکہ رات کو مسجد نمازیوں سے خالی ہو جاتی ہے لوگوں کا آنا جانا کم ہو جاتا ہے اس لیے معتکف رات کو خیمہ سے باہر رہ سکتا ہے اور دن کو لوگوں کا آنا جانا زیادہ ہو جاتا ہے اس لئے وہ خیمہ میں منتقل ومقیم رہے

۸۷ حسب ضرورت گفتگو فرماتے

دوران اعتکاف حسب ضرورت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیگر لوگوں سے ملاقات اور گفتگو فرمانے کا معمول بھی تھا۔

۱۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے گزرا، آپ نے درمیانی عشرہ بھی اعتکاف فرمایا ہم بھی آپ کے ساتھ اعتکاف میں تھے ہمیں خیمہ سے سر اقدس نکال کر فرمایا۔

فقیل لی انہا فی العشر	مجھے آگاہ کیا گیا ہے لیلۃ القدر
الاواخر فمن احب منکم	آخری عشرہ میں ہے تم میں سے

ان یعتکف فلیعتکف	جو اعتکاف جاری رکھنا چاہتا
(المسلم، کتاب الصیام)	ہے جاری رکھے۔

۸۸ حسب ضرورت ملاقات فرماتے

گفتگو کے علاوہ ملاقات فرمانا بھی ثابت ہے آپ کی اہلیہ محترمہ ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں ہے۔

جاءت رسول اللہ صلی اللہ	وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس
علیہ وسلم تزورہ فی اعتکافہ	آخری عشرہ کے اعتکاف میں مسجد
فی المسجد فی العشر الاواخر	میں زیارت کے لیئے حاضر ہوئیں،
من رمضان فتحدثت عندہ	تھوڑی دیر تک گفتگو ہوتی رہی جب
ساعة ثم قامت فقام النبی	وہ واپس جانے کیلئے اٹھیں تو آپ
صلی اللہ علیہ وسلم معہا یقلبہا	صلی اللہ علیہ وسلم بھی انکو الوداع کرنے
حتی اذا بلغت باب المسجد	کے لیے ساتھ چلے یہاں تک کہ وہ مسجد
عند باب ام سلمہ	کے اس دروازے تک پہنچ گئیں جو باب
(البخاری، باب ھل یخرج المعتکف)	حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے قریب ہے،

حضرت صفیہ کے آنے کی وجہ

حالت اعتکاف میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کے لئے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے آنے کی حکمت بھی محدثین نے بیان کی کہ یہ ______ زعماء یہود کے رئیس کی صاحبزادی تھیں وہاں سے گرفتار ہو کر آئیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد فرما کر اپنے عقد میں لے لیا۔

لقد عز عليها فراق رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فاستوحشت لبعده فجاءته تسعى لزيارته والانس به رضوان الله عليها ما ابرها واصدقها (هكذا امام، ٧٦)	تو ان پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی شاق گزری اور دوری کی وجہ وحشت زدہ ہو گئیں اس لیئے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اور ملاقات کے لیے حاضر ہوئیں۔

روایت ہشام بن یوسف میں ہے کہ اس موقعہ پر دیگر ازواج مطہرات بھی ملاقات کے لئے حاضر ہوئی تھیں (عمدۃ القاری ١١ : ١٥١)

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو گھر تک چھوڑنے جانے کی حکمت محدثین نے بیان کرتے ہوئے کہا۔

ان خروجه صلی الله علیه وسلم مع صفية محمول على انه خروج لم يكن له بد منه لانه كان ليلاً فلم يامن عليها۔ (الاعتكاف، ٦٣)	حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکلنا ایسا تھا جس کے بغیر چارہ نہ تھا کیونکہ رات کا وقت تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں عدم تحفظ محسوس فرمایا۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں ایک حکمت یہ بھی ہو سکتی ہے۔

ان بیوت رفقتها كانت اقرب من منزلها فخشى النبي صلى الله عليه وسلم عليها (فتح الباری، ٤ : ٢٢٤)	باقی ازواج مطہرات کے گھر انکے گھر سے قریب تھے ان کا دور تھا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا تنہا جانا مناسب نہ سمجھا۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے مروی ہے

کان یخرج رأسہ من المسجد وھو معتکف فاغسلہ (البخاری، باب غسل المعتکف)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت اعتکاف میں سر اقدس مسجد سے باہر نکالتے اور میں اسے دھو یا کرتی تھی۔

یعنی حالت اعتکاف میں نہ تو اتنی سختی ہے کہ انسان بات ہی نہ کرے اور نہ اتنی کھلی چھٹی ہے کہ اس کا مقصد ہی فوت ہو جائے اس لئے یہاں دو باتوں کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔

۱۔ یہ ملاقات اور گفتگو حسبِ ضرورت ہی ہونی چاہیئے نہ کہ عام معمول کے مطابق۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مقدس معمول سے اتنا تو ثابت کرنا عین اسلام ہے کہ معتکف حسبِ ضرورت کسی سے گفتگو کر سکتا ہے یا کسی سے مل سکتا ہے مگر اس سے جماعتی کانفرنسوں جلسوں جلوسوں اور میٹنگوں پر ثبوت فراہم کرنا اسلام پر ظلم اور زیادتی کے سوا کچھ نہیں۔

۲۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو ان کے گھر تک چھوڑ آنے سے واضح ہو جاتا ہے کہ معتکف ہر وہ کام کر سکتا ہے جس کے بغیر چارہ نہ ہو اور وہ کام مسجد میں نہ ہو سکتا ہو اور معتکف کے علاوہ کوئی دوسرا اسے انجام بھی نہ دے سکتا ہو۔ اس لئے فقہا کرام نے یہ تصریح کی ہے۔

کل ما لا بد لہ منہ ولا یمکن فعلہ فی المسجد فلہ الخروج الیہ ولا یفسد اعتکافہ (الاعتکاف، ۵۹)

ہر وہ عمل جس کے بغیر چارہ نہ ہو اور مسجد میں اس کی ادائیگی ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں معتکف باہر جا سکتا ہے اس لیے اعتکاف فاسد نہ ہوگا۔

٨٩۔ بستر اور چارپائی

خیمہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بستر یا چارپائی بھی بچھائی جاتی، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہما بیان کرتے ہیں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف فرماتے تو

طرح لہ فراشہ او یوضع	آپ کے لیے بستر یا چارپائی بھی
لہ سریرہ	بچھائی جاتی تھی۔
(ابن ماجہ، ١٢٨)	

آپ کا مقامِ اعتکاف

مذکورہ روایت میں آپ کے مقامِ اعتکاف کی نشاندہی بھی کی گئی ہے

یوضع لہ سریرہ وراء	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے
اسطوانۃ التوبۃ	ستونِ توبہ کی پچھلی طرف چارپائی
(ابن ماجہ، ١٢٨)	بچھائی جاتی تھی۔

یہ ستون ریاض الجنۃ میں ہے، صحابی رسول حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ سے غلطی ہوگئی تو انہوں نے اپنے آپ کو اس ستون کے ساتھ باندھ لیا اور قسم کھائی۔

لایفکہ الا رسول اللہ	جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
صلی اللہ علیہ وسلم وان	نہیں کھولیں گے اور اللہ تعالیٰ توبہ
یتوب اللہ علیہ	قبول نہیں فرمائے گا میں یہاں
	سے نہیں جاؤں گا۔

اللہ تعالےٰ نے ان کی توبہ قبول فرمالی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھوں سے انہیں کھولا اس وجہ سے اس مبارک ستون کا نام ستونِ توبہ ہے اسے "ستون ابو لبابہ" بھی کہا جاتا ہے۔

محلِ اعتکاف اور ستونِ سریر

مذکورہ روایت سے صرف اتنا پتہ چلتا ہے کہ محلِ اعتکاف ستونِ توبہ کی پچھلی طرف تھا لیکن اس کی خصوصی نشاندہی کے لیے ترکوں نے ستون سریر بنایا جو اس مقام پر ہے یہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف فرمایا کرتے اور وہ ستون روضہ اقدس کی جالی میں مرجع زیارت ہے، شیخ عطیہ محمد سالم رقمطراز ہیں۔

ویوجد الآن اسطوانة تسمی	اب اس مقام پر جو ستون ہے اس
اسطوانة السریر وتقع شرقی	کا نام "اسطوانۃ السریر" ہے وہ ریاض
الروضة فی اول المشبك	الجنۃ کی مشرقی جانب حجرہ نبوی کی پہلی
الموجود علی الحجرة	جالی میں ہے۔

(مع الرسول فی رمضان، ۹۰)

صحابہ اس مقام کی زیارت کرواتے

صحابہ کرام نے اس مقام کو نہ صرف یاد رکھا بلکہ اپنے شاگردوں کو اس مقام کی نشاندہی کرتے اور اس کی زیارت کرواتے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے شاگرد رشید حضرت امام نافع رحمہ اللہ تعالیٰ کا بیان ہے۔

قد ارانی عبد اللہ بن	مجھے حضرت عبداللہ بن عمر رضی

عمر المکان الذی کان یعتکف فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المسجد (المسلم کتاب الاعتکاف)	اللہ تعالےٰ عنہا نے اس مقدس مقام کی زیارت کروائی یہاں اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف فرمایا کرتے۔

۹۰۔ کھانا وہیں تناول فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت اعتکاف میں فقط تجدید وضو وغیرہ کے لئے حجرہ انور میں تشریف لے جاتے لیکن کھانا وہاں تناول نہ فرماتے بلکہ مسجد میں ہی مقام اعتکاف میں تناول فرماتے

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقط حاجت انسانی کے لیئے گھر تشریف لاتے اس کے تحت شیخ عطیہ محمد سالم لکھتے ہیں۔

اما طعامه وشرابه فکان یؤتی به الیه فی معتکفه	آپ کے لیئے کھانا مقام اعتکاف میں ہی لایا جاتا تھا۔

(مع الرسول فی رمضان، ۹۲)

ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی رقمطراز ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم حاجت طبعی اور تجدید وضو وغیرہ کے لئے گھر تشریف لے جاتے۔

اما طعامه وشرابه فکان یاتیه الی معتکفه فی المسجد	لیکن کھانا مسجد میں ہی آپ کے محل اعتکاف میں لایا جاتا تھا۔

(هکذا صام رسول اللہ، ۴۷)

۹۱۔ شب قدر کی فضیلت بیان فرماتے

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں شب قدر کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

لیلۃ القدر، خیر من الف   شب قدر، ہزار ماہ سے افضل
شہر (القدر)   ہے۔

یعنی ہزار سال کی عبادت کے برابر نہیں بلکہ بڑھ کر ثواب ہے۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کی فضیلت اور قدر ومنزلت بیان فرمایا کرتے۔

۱۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من قام لیلۃ القدر، ایمانا   جس نے حالت ایمان اور اپنا
واحتسابا غفر لہ ما تقدم   احتساب کرتے ہوئے شب قدر
من ذنبہ   میں قیام کیا اسے سابقہ گناہ
(البخاری، فضل لیلۃ القدر)   معاف کردیئے جاتے ہیں۔

۲۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من قامها ابتغاءها ثم   جس نے اسکی تلاش کے لئے
وقعت لہ غفر لہ ما تقدم   قیام کیا پھر اسے نصیب ہوگئی
من ذنبہ وما تاخر   تو اس کے آگلے پچھلے گناہ معاف
(مسند احمد، ۵: ۳۱۸)   کردیئے گئے

۳۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آقا دوجہاں صلی اللہ

علیہ وسلم نے رمضان المبارک کا ذکر اور اس کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار ماہ سے افضل ہے۔

من حرم خیرھا فقد حرم	جو اسکی خیر سے محروم رہا وہ
(النسائی، فضل شہر رمضان)	محروم کر دیا گیا۔

۴ - حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے منقول خطبہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی یہ کلمات ہیں کہ رمضان المبارک میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینہ سے افضل و بہتر ہے۔

فیہ لیلۃ خیر من الف	اس میں ایک رات ہے جو
شھر (صحیح ابن خزیمہ)	ہزار ماہ سے بڑھ کر ہے۔

۵ - حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے رحمت کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پر رمضان المبارک سایہ فگن ہو رہا ہے اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار ماہ سے افضل ہے

من حرمھا فقد حرم	جو اس سے محروم رہا وہ تمام
الخیر کلہ ولا یحرمھا الا	خیر سے محروم کر دیا گیا اور اس
محروم	سے سوائے محروم کے کوئی محروم
(اتحاف اھل الاسلام، ۲۱۹)	نہیں رہتا۔

۶ - حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان اللہ ینظر لیلۃ القدر	شب قدر میں اللہ تعالیٰ حضور
الی المؤمنین من امۃ محمد	صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے
فیعفو عنھم و یرحمھم	اہل ایمان پر نظر رحمت فرما کر
الا اربعًا۔	انہیں معاف فرماتا ہے اور

ان پر رحم کرتا ہے مگر ان چار آدمیوں پر نظر رحمت نہیں فرماتا۔

شرابی، والدین کا نافرمان، کاہن اور صلہ رحمی قطع کرنے والا

(اتحاف ۶، ۲۳۳)

۷۔ حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر میں حضرت جبرئیل، جماعت ملائکہ کے ساتھ زمین پر آتے ہیں اور ہر ذکر الٰہی کرنے والے کے لیئے دعا کرتے ہیں خواہ وہ حالتِ قیام میں ہو یا حالت قعود میں ہو (شعب الایمان للبیہقی)

۹۲۔ شب قدر کی علامات بیان فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم شب قدر کی فضیلت کے ساتھ ساتھ اس کی علامات بھی بیان فرماتے۔

۱۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا شب قدر، رمضان کی تیئس رات ہے، حضرت زر بن جلیش رضی اللہ عنہ نے پوچھا اس پر کیا دلیل ہے تو فرمایا۔

بالعلامة التی اخبرنا بہا	اس علامت کی بنا پر جس کی اطلاع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انہا تطلع یومئذ لاشعاع	نے دی اس دن اس کا سورج
لہا کانہا طست	بغیر شعاعوں کے طلوع ہوتا ہے
(المسلم، باب فضل لیلة القدر)	گویا وہ طشت کی طرح ہوتا ہے

مسند احمد کے الفاظ ہیں۔

وایة ذلک ان الشمس	اس کی علامت یہ ہے کہ اس

یصبح الغد من تلک اللیلۃ   کی صبح کا سورج بغیر شعاعوں
ترقرق لیس لہا شعاع   کے طلوع ہوتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں شب قدر کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ایکم یذکر حین طلع القمر   تم میں سے کس کو یاد ہے اس
وھو مثل شق جفنۃ   رات چاند پیالہ کی مانند طلوع ہوا
(المسلم، کتاب الصیام)   تھا۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کی علامت یہ ہے۔

صافیۃ بلجۃ کان   وہ نہایت ہی صاف روشن ہوتی
فیہا قمرا ساطعا لا برد فیہا   ہے اس میں چاند چمکدار، نہ اس
ولا حر ولا یحل لکوکب   میں ٹھنڈک اور نہ گرمی اور اس
ان یرمی بہ فیہا حتی   میں صبح تک ستارے نہیں مارے
تصبح   جاتے۔
(الفتح الربانی، ۱۰ : ۲۶۶)

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے شب قدر سے آگاہ کیا گیا پھر اسے بھلا دیا گیا۔ یہ آخری عشرہ میں ہے۔

وھی لیلۃ طلقۃ بلجۃ لا   یہ رات صاف شفاف ہوتی ہے
حارۃ ولا باردۃ کان فیہا   نہ اس میں گرمی اور نہ ٹھنڈک
قمرا یفضح کواکبہا لا   ہوتی ہے اس میں چاند ہونے

يخرج شيطانها حتى يخرج	کے باوجود ستارے واضح ہوتے
فجرها	ہیں اس دن طلوع آفتاب بغیر
(صحیح ابن خزیمہ، ۳ : ۳۳۰)	شیطان کے ہوتا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب قدر کے بارے میں فرمایا۔

ليلة سمحة طلقة لا حارة	رات نہایت معتدل اور صاف
ولا باردة تصبح شمسها	ہوتی ہے نہ گرم اور نہ ٹھنڈی،
صبيحتها ضعيفة حمراء	اس دن کا سورج سرخی مائل
(مسند طیالسی، ۳۴۹)	طلوع ہوتا ہے۔

حضرت ابو عقرب اسدی کہتے ہیں ہم حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت وہ اپنے گھر کی چھت پر تھے ہم نے یہ کہتے ہوئے سنا۔

صدق الله ورسوله	اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا۔

جب نیچے تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا اے ابو عبد الرحمٰن آپ کہہ رہے تھے اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا اس کی کیا حکمت تھی؟ فرمانے لگے، شب قدر "سبع اواخر" کے نصف میں آتی ہے۔

وذلك ان الشمس تطلع	اس دن سورج سفید طلوع ہوتا
يومئذ بيضاء لا شعاع	ہے اس کی شعاعیں نہیں ہوتی
لها فنظرتها فوجدتها	میں نے اسے آج دیکھا تو اسے
كما حدثت فكبرت	اس طرح پایا تو میں نے اللہ کی
(مصنف ابن ابی شیبہ، ۳ : ۷۳)	بڑائی بیان کی۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب قدر کی رات کے بارے میں فرمایا۔

لیلة بلجة لاحارة ولا	وہ رات روشن ہوتی ہے نہ
باردة ولا سحاب فیہا	گرم نہ ٹھنڈی نہ اس میں بادل
ولا مطر ولا ریح ولا یرمی	ہوتے ہیں نہ ہوا اور نہ اس میں
فیہا بنجم۔	ستارے ٹوٹتے ہیں۔

اور اس کے دن کے بارے میں فرمایا۔

تطلع الشمس لاشعاع لہا	سورج بغیر شعاعوں کے طلوع
	ہوتا ہے

(المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۲: ۵۹)

۹۳ شب قدر پانے کا طریقہ بیان فرماتے

امت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت و رافت کا یہ عالم کہ آپ نے شب قدر پانے کا طریقہ بھی بیان فرما دیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من صلی العشاء الاخیرة	جس نے تمام رمضان میں نماز
فی جماعة فی رمضان فقد	عشا باجماعت ادا کی اس نے
ادرک لیلة القدر	شب قدر پالی۔

(صحیح ابن خزیمہ، ۳، ۳۳۳)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من صلی المغرب والعشاء	جس نے شب قدر میں عشا اور

فی جماعۃ فقد اخذ من	فجر جماعت کے ساتھ ادا کی اس
لیلۃ القدر بنصیب وافر	نے شب قدر سے خوب حصہ
(الکامل، ۴ : ۸۲)	پالیا۔

امام ابوالشیخ اصبہانی نے سند ضعیف سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من صلی العشاء الاخرۃ	جس نے تمام رمضان میں عشا
جماعۃ فی رمضان فقد	باجماعت ادا کی اس نے شب قدر
ادرک لیلۃ القدر	کو پالیا۔
(غایۃ الاحسان، ۵۸)	

امام ابن ابی الدنیا نے حضرت امام ابوجعفر محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے مرسلاً نقل کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے رمضان المبارک پایا، دن کو روزہ رکھا رات کو قیام کیا، اپنی نگاہ، شرمگاہ، زبان اور ہاتھ کی حفاظت کی، باجماعت نماز ادا کی، جمعہ میں جلدی حاضر رہا۔

استکمل الاجر وادرک	اس نے اجر کامل طور پر پالیا،
لیلۃ القدر وفاز بجائزۃ	شب قدر اور رب اکرم سے
الرب	انعام حاصل کرنے میں کامیاب
(غایۃ الاحسان، ۵۸)	ہوگیا۔

۹۴ تلاش شب قدر کی تلقین فرماتے

اپنے صحابہ کو لیلۃ القدر کی جستجو و تلاش اور اس کے حصول کی تلقین فرمایا کرتے۔

۱۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا۔

تحروا لیلۃ القدر فی	رمضان کے آخری عشرہ میں شب قدر
العشر الاواخر من رمضان	پانے کی کوشش کرو۔
(البخاری، ۲۰۱۷)	

۲- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

التمسوھا فی العشر الا	شب قدر کو رمضان کے آخری
واخر من رمضان	عشرہ میں تلاش کرو۔
(البخاری، ۲۰۲۱)	

۳- حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من کان متحریھا فلیتحرھا	جو شب قدر تلاش کرنا چاہے
فی السبع الاواخر	وہ اسے رمضان کی آخری سات
(البخاری، ۲۰۱۵)	راتوں میں تلاش کرے۔

۹۵- لیلۃ القدر کا معمول

آپ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ القدر میں تمام رات قیام فرماتے خوب عبادت ودعا کا اہتمام فرماتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من قام لیلۃ القدر ایمانا	جس نے حالت ایمان اور رضا
واحتسابا غفر لہ ما تقدم	الٰہی کے لیے شب قدر میں
من ذنبہ	عبادت کی اس کے سابقہ
(بخاری ومسلم)	گناہ معاف کردیئے جائیں گے

بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تلاش کی خاطر دس راتیں (آخری عشرہ) قیام فرماتے، پیچھے گزر چکا ہے کہ اپنی مبارک کمر کس کر باندھ لیتے اور شب روز عبادت الٰہی میں محنت و جدوجہد فرماتے حتی کہ وصال کا روزہ رکھ لیتے تاکہ جو وقت کھانے پینے کے لیے استعمال ہوتا ہے وہ عبادت الٰہی میں گزرے۔

۹۶۔ دعا کی تعلیم دیتے

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے میں نے رحمۃ للعالمین اسی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم۔

کان یوقظ اھلہ فی	رمضان کے آخری عشرہ
العشر الاخیر من	میں اپنے گھر والوں کو بیدار
رمضان	فرماتے۔

(فتح الباری، ۴: ۲۱۸)

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ

ادائیت ان وافقت	آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس
لیلۃ القدر ما اقول فیھا	بارے میں کیا فرماتے ہیں
	اگر میں لیلۃ القدر پالوں تو اس
	میں کیا پڑھوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عائشہ ان کلمات سے اللہ تعالےٰ کے حضور دعا کرو اور مانگو

اللھم انک عفو تحب	اے اللہ تو معاف فرمانے والا
العفو فاعف عنی	ہے معافی دینے کو پسند فرماتا
(الترمذی، کتاب الدعوات)	ہے پس مجھے معاف فرما دے

دعا کی تشریح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سکھائی ہوئی دعا کی مختصر تشریح بھی ملاحظہ کر لیجئے۔

عفوٌ، اللہ تعالیٰ کا اسم گرامی ہے۔ اس کا معنی ہے بندوں کے گناہوں سے درگزر فرمانے والا اور ان سے ان کے گناہوں کے اثرات ختم فرما دینے والا،

تحب العفو۔ معافی دینے کو پسند فرماتا ہے۔ یعنی اپنے بندوں کو معافی دینا پسند فرماتا ہے اور یہ بھی پسند فرماتک ہے کہ بندے ایک دوسرے کو معاف فرما دیں، جو بندہ چاہتا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ معافی دے وہ اس کے بندوں کو معافی دینا سیکھے یعنی دوسروں کو معاف کر کے یہ عرض کرے اے اللہ میں نے بندہ ہو کر دوسروں کو معاف کر دیا ہے تو خالق و مالک ہے مجھے معاف فرما، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے۔

لا یرحم لا یرحم	جو کسی پر رحم و شفقت نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا

تم مہربانی کرو اہل زمین پر
خدا مہربان ہوگا فرش بریں پر

اور اگر بندہ ناتوان و محتاج ہو کر کسی کو معاف نہیں کرتا تو وہ کس منہ سے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنے لگ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو عذاب کی

بنسبت معافی دینا محبوب ہے، حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا کیا کرتے۔

اعوذ برضاک من سخطک	میں تیری ناراضگی سے تیری رضا
وعفوک من عقوبتک	میں پناہ چاہتا ہوں اور تیرے
(المسلم، باب یقال فی الرکوع)	عذاب سے تیرے عفو ودرگزر
	میں پناہ چاہتا ہوں۔

اس دعا کی جامعیت

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بتائی ہوئی دعا اسقدر جامع ہے کہ دنیا وآخرت کی کوئی شئی اس سے باہر وخارج نہیں واقعۃً جس شخص کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے معافی کا انعام ومژدہ مل جائے اس کے دونوں جہاں سنور گئے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ اللہ تعالےٰ سے عافیت کی دعا کرتے

اللھم انی اسئالک	اے اللہ میں تجھ سے عافیت
العافیۃ	مانگتا ہوں
(المسلم، کتاب الذکر)	

حضرت عبداللہ بن ادفی رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دیتے ہوئے فرمایا۔

لاتتمنوا لقاء العدو واسألوا	دشمن سے مٹھ بھیڑ کی تمنا مت
اللہ العافیۃ	کرو، اللہ تعالیٰ سے عافیت
(البخاری، کتاب الجہاد)	مانگتے رہا کرو۔

ایک صحابی کو یہ دعا مانگنے کی تعلیم دی۔

اللھم عافنی فی بدنی	اے اللہ مجھے میری بدن میں عافیت

اللھم عافنی فی جسدی اللھم عافنی فی بصری	عطا فرما میرے جسم میں اور میری آنکھوں میں عافیت عطا فرما۔

(المسلم، کتاب الذکر)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منبر نبوی پر تشریف فرما ہوئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک تذکرہ کیا اور رو دیئے حتی کہ تین دفعہ ایسے کیا پھر فرمایا۔

ان الناس لم یعطوا فی ھذہ الدنیا شیئا افضل من العفو والعافیۃ فسلوھما اللہ عزوجل۔	لوگوں کو اس دنیا میں معافی اور عافیت سے بڑھ کر کوئی شئی نہیں دی گئی لہذا تم اللہ عزوجل سے انہی کو مانگا کرو۔

(مسند حمیدی، ۱-۵)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے آپ فرمایا کرتے۔

لان اعافی فاشکر احب الی من ان ابتلی فاصبر (فتح الباری، ۶:۱۵۶)	مجھے عافیت ملے اور اس پر میں شکر ادا کروں میرے لئے یہ اس سے بہتر ہے کہ میں کسی مصیبت میں مبتلا ہو جاؤں اور صبر کروں۔

حضرت یحیی بن معاذ رحمہ اللہ تعالے کا ارشاد گرامی ہے

لیس بعارف من لم یکن غایۃ املہ من اللہ سبحانہ وتعالے العفو	وہ صاحب معرفت ہو ہی نہیں سکتا جس کی اپنے رب سبحانہ وتعالے سے آخری اور انتہائی

(لطائف المعارف، ۳،۱)   امید معافی کی نہ ہو۔

حضرت مطرف رحمہ اللہ تعالےٰ یہ دعا کیا کرتے۔

اللھم ارض عنا فان لم   اے اللہ ہم سے راضی ہو جا
ترض عنا فاعف عنا   اگر راضی نہیں ہوتا تو ہمیں معاف
(اتحاف اھل الاسلام، ۲۳۳)   فرما دے۔

حضرت صلہ بن الیشم ساری رات عبادت الٰہی میں بسر کرتے اور سحری کے وقت یہ دعا کرتے۔

اللھم انی اسألک ان   اے اللہ میں آپ سے دوزخ
تجیرنی من النار ومثلی   سے نجات کی دعا کرتا ہوں اور
یجترئی ان یسألک الجنة   مجھ جیسا آپ سے جنت کا سوال
(لطائف المعارف، ۳۸۴)   کرنے کی کیسے جرأت کر سکتا ہے؟

اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں اپنے بندوں کا یہی وصف بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ   وہ رات کو بہت کم سوتے ہیں
وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ   (عبادت میں مشغول رہتے ہیں)
اور بوقت سحری اپنے رب سے
معافی مانگتے ہیں۔

گویا ان کا سبق یہ ہے کہ جس کے گناہ کثیر و عظیم ہیں وہ رضا کے بجائے معافی کا خواستگار رہے

ان کنت لا اصلح للقرب   فشانکم عفو عن الذنب

(اگرچہ مجھ میں محبوب کے قرب کی صلاحیت نہیں مگر معافی دینا تو اس کی شان کریمی ہے)

شیخ ابن رجب لکھتے ہیں کہ بعض صلحا اپنے رب اکرم کے حضور یوں دعا کرتے

اللھم ان ذنوبی قد	اے اللہ میرے جرائم بلاشبہ اتنے
عظمت فجلت عن الصفة	بڑے ہیں کہ بیان سے باہر ہیں
وانھا صغیرة فی جنب	مگر تیرے عفو و درگزر کے مقابلہ
عفوك فاعف عنی	میں ان کوئی حقیقت نہیں لہذا
	مجھے معاف فرما دے۔

ایک بزرگ کی دعا کے یہ کلمات ہوا کرتے تھے۔

جرمی عظیم وعفوك کبیر	میرے جرائم عظیم مگر تیرا عفو کبیر
فاجمع بین جرمی وعفوك	ہے اے کریم میرے جرم اور
یاکریم	اپنے عفو دونوں کو اکٹھا
(لطائف المعارف، ۳۷۰)	فرما کر فیصلہ فرما دے۔

قاضی عطیہ محمد سالم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا کے بارے میں لکھتے ہیں۔

وھذا الدعاء فی ایجازه	یہ دعا مختصر ہونے کے باوجود
جامع کل الخیر باعجازه	تمام بھلائیوں کو معجزةً شامل
لان من رزق عوفی فی	ہے کیونکہ جسے بدن ونفس
بدنه ونفسه ومن الحساب	میں حساب اور عقاب سے
والعقاب فیفوز بسعادة	عافیت نصیب ہوگی وہ سعادت
الدارین	دارین سمیٹنے میں کامیاب ہوگیا۔

(مع الرسول فی رمضان، ۹۶)

دیگر معمولات پر اسے ترجیح دی جائے

چونکہ یہ دعا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عطا کردہ وظیفہ ہے شب قدر میں اس کو دیگر معمولات پر ترجیح دینی چاہیئے لہٰذا بارگاہ الٰہی کی طرف امید وار بن کر دل کو متوجہ کر کے نہایت ہی اخلاص اور آہ وزاری سے کثرت کے ساتھ یہ دعا کی جائے، بعض اہل معرفت کا تو یہ قول ہے کہ دعا اس رات نفلی عبادت سے بھی افضل ہے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

الدعاء فی تلک اللیلۃ	میرے نزدیک اس رات میں دعا
احب الی من الصلوٰۃ	کرنا نفلی نماز سے افضل ہے

(لطائف المعارف، ۳۶۷)

اگرچہ جمہور علما کی رائے یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رات دعا کے ساتھ قیام کا بھی حکم دیا ہے ہاں وہ عمل افضل ہو گا جس میں کثرت کے ساتھ دعا ہو مثلاً کثرت دعا اس نماز سے افضل ہو گی جو دعا سے خالی ہو گی۔

شیخ ابن رجب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فیجمع بین الصلاۃ والقراۃ	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز،
والدعاء والتفکر وھذا	تلاوت قرآن، دعا اور تفکر
افضل الاعمال واکملھا	سب کو بجا لاتے اور آخری
فی لیالی العشر وغیرھا	عشرہ رمضان۔ اور دیگر اوقات
(لطائف، ۳۶۸)	میں یہی اعمال افضل واکمل ہیں

معافی کی تعلیم میں حکمت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقدس و مبارک موقعہ پر بندوں کو اپنے رب اکرم سے معافی مانگنے کی تعلیم دی، شارحین حدیث نے اس کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ بندوں نے رمضان المبارک میں، اس کے آخری عشرہ اور لیلۃ القدر میں خوب عبادت میں محنت وجدوجہد کی ہوتی ہے کہیں ان کی نگاہ اپنے اعمال پر نہ چلی جائے انھیں بجائے اپنے اعمال پر نظر رکھنے کے اپنے رب کی رحمت وفضل پر نظر رکھ کر معافی کا خواستگار ہونا چاہیے کیونکہ کون ہے جو اپنے رب کی بارگاہ کے شایانِ شان عمل بجا لاسکے اور اس کی کسی ایک نعمت کا شکریہ ادا کرسکے، انسان تو اس کی نعمتوں کو شمار ہی نہیں کرسکتا چہ جائیکہ ان کا کما حقہ شکریہ بجالاتے

شیخ ابن رجب اس کی حکمت پر گفتگو کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

انما امر بسوال العفو	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شبِ قدر
فی لیلۃ القدر بعد الاجتہاد	اور آخری عشرہ میں عبادت
فی الاعمال فیہا وفی	و ریاضت میں محنت وجدوجہد
لیالی العشر لان العارفین	کے بعد عفو و درگزر کا سوال کرنے
یجتہدون فی الاعمال	کا حکم و تعلیم اس لیئے دی کہ اہل
ثم لا یرون لانفسہم	معرفت اعمال میں محنت کے
عملاً صالحاً ولا حالاً	باوجود اپنے کسی عمل، حال اور
ولا مقالاً فیرجعون	مقال پر نظر نہیں رکھتے بلکہ کوتاہی
الی سوال العفو کحال	کرنے والے گناہ گار کی طرح
المذنب المقصر	وہ اپنے رب سے معافی مانگتے

(لطائف المعارف، ۳۷۱)

ہیں۔

حافظ ابن حجر مکی رقمطراز ہیں۔

انما امر صلی اللہ علیہ وسلم بسوال العفو فی لیلۃ القدر بعد الاجتہاد فی الاعمال فیہا وفی لیال العشر ایثاداً للمقام الاعظم الاکمل والعمل الاسنی الارفع وھو بذل الوسع فی العمل مع عدم رؤیتہ والاعتداد بہ والتعویل علیہ لشہودہ لتقصیرہ وعدم وفائہ لما یجب لتلک الاعمال وینبغی لہا من الکمالات والاعتبارات فمن تامل ذلک علم انہ لیس لنفسہ عمل ولا قال ولا حال فیرجع الی سوال العفو کحال المذنب المقصر (اتحاف اہل الاسلام، ۲۳۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب قدر اور رمضان کی آخری راتوں میں ریاضت و مجاہدہ کے بعد معافی مانگنے کی تعلیم کے ذریعے بڑے کامل مقام اور ارفع و بلند عمل کی طرف متوجہ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ اعمال میں پوری محنت کرنے کے باوجود ان پر نظر، اعتماد، بھروسہ اور گھمنڈ نہ کیا جائے کیونکہ ان کا کیا مقام ہے اور جو شکر لازم ہے اسکی ادائیگی ان کے ساتھ ہو ہی نہیں سکتی، بلکہ ان سے اعلیٰ اور کامل عمل ہونا چاہیئے جو ان میں غور کریگا وہ جان لے گا میرا نہ کوئی عمل ہے نہ حال و قال لہٰذا وہ گناہ گار بندے کی طرح معافی مانگنے والا بن جائے گا۔

۹۰۔ مسجد میں قیام کا معمول

شب قدر کی تلاش کے لئے گھر میں بھی قیام کیا جا سکتا ہے مگر افضل و مستحب یہ ہے کہ اس کے لئے قیام مسجد میں کیا جائے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہی ملتا ہے،

ابو داؤد اور ترمذی میں حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ قیام نہ فرمایا حتیٰ کہ جب سات راتیں باقی رہ گئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ قیام فرمایا، تیسویں رات کا ایک تہائی حصہ، چوبیس کو قیام فرمایا پچیس کو نصف رات تک قیام فرمایا، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ بقیہ حصہ بھی قیام فرمائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، آدمی جب امام کے ساتھ کچھ رات نماز ادا کرتا ہے تو اس کی بقیہ رات بھی عبادت میں شمار ہو جاتی ہے، چھبیس کو آپ نے قیام نہ فرمایا، ستائیس کو قیام فرمایا

بعث الی اھلہ و اجتمع الناس	اور اپنے گھر والوں اور لوگوں کو
فقام بنا حتی خشینا ان یفوتنا	جمع کر کے اتنا قیام فرمایا کہ ہمیں
الفلاح	سحری فوت ہونے کا خوف لاحق
(ابو داؤد، ۱۳۷۵)	ہوا۔

پھر کسی رات ہمارے ساتھ قیام نہ فرمایا، نسائی میں یہ اضافہ ہے

انہ قام لیلۃ السابع و	ستائیس رات کو تمام رات قیام
العشرین کلھا حتی اسحروا	فرمایا حتیٰ کہ سحری کا وقت ہوا،
وصلوا الفجر	سحری کی اور نماز فجر ادا کی۔

مسند احمد میں حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے آپ صلی اللہ

علیہ وسلم نے تئیس رات کو ہمارے ساتھ ایک تہائی رات تک قیام فرمایا پھر فرمایا۔

لا احسب ما تطلبون الا ورائکم	میں محسوس کرتا ہوں جس کی تمہیں تلاش ہے وہ بعد میں آنے والی ہے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچیس رات کو نصف رات تک قیام کیا اور فرمایا، تمہارا مطلوب بعد میں ہے۔

ثم قمنا معه ليلة سبع و عشرين حتى اصبح وسكت	پھر ہم نے ستائیس کو آپ کے ساتھ صبح تک قیام کیا اس کے بعد آپ نے خاموشی اختیار فرمائی

ڈاکٹر فاروق حمادہ اس حدیث کے تحت رقمطراز ہیں۔

وبهذا الحديث نستدل على ان احياء الليلة يكون في المسجد ويكون باجتماع الناس فيها صغيرهم وكبيرهم ممن يستطيع ذلك	اس حدیث سے ہم یہ استدلال کر سکتے ہیں کہ شب قدر میں قیام مسجد میں ہونا چاہیے اس میں لوگ جمع ہونے چاہیں خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے۔

(لیلۃ القدر، ۱۰۴)

۹۸۔ غسل کا معمول

جیسا کہ پیچھے گزرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک کے آخری عشرہ خصوصاً شب قدر میں مغرب کے بعد غسل فرمایا کرتے۔ حضرت انس بن مالک اور حضرت زر بن حبیش رضی اللہ تعالے عنہما دونوں فرمایا کرتے شب قدر

ستائیس رات ہے۔

فاذا کان تلک اللیلۃ	جب یہ رات آئے تو غسل کرو
فلیغسل احدکم و یفطر	اور دودھ سے افطار کرو اور افطار
علی لبن و لیؤخر فطرہ	کے کھانے کو سحری تک موخر کردو
الی السحر	

(مصنف عبدالرزاق، ۴: ۲۵۳)

فقط دودھ پر افطار اس لئے تاکہ بیدار رہنا آسان ہو۔

حضرت ابراہیم نخعی تابعی کے بارے میں ہے

یغتسل کل لیلۃ فی العشر	وہ رمضان المبارک کے آخری
الاواخر فی رمضان	عشرہ میں ہر رات غسل کیا
(مصنف، ۴: ۲۵۴)	کرتے۔

امام محمد بن جریر الطبری اسلاف کا معمول بیان کرتے ہیں۔

کانوا یستحبون ان	وہ آخری عشرہ رمضان میں
یغتسلوا کل لیلۃ	ہر رات غسل کیا کرتے تھے
من لیال العشر الاواخر	
فی رمضان	

(مصنف، ۴: ۲۵۴)

خوشبو اور بہتر لباس

صحابہ اور تابعین کا یہ بھی معمول ملتا ہے کہ شب قدر کے موقع پر خوشبو لگاتے اور اچھا لباس پہنتے حضرت ثابت بنانی تابعی بیان کرتے ہیں حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ نے

حلة اشتراها بالف درہم	ہزار درہم کا حلہ خرید رکھا
وکان یلبسها فی اللیلة	تھا اسے اس رات زیب
التی ترجی فیہا لیلة	تن فرماتے جس میں شب قدر
القدر	کی امید ہوتی۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے جب چوبیس رات آتی (ان کے نزدیک یہی شب قدر ہے) غسل کرتے خوشبو لگاتے

ولبس حلة وازارا ورداء	خوبصورت حلہ، تہہ بند اور
فاذا اصبح طواہما فلم	چادر پہنتے اور صبح کے وقت
یلبسہما الی مثلہما	ان کو طے لگا کر رکھ دیتے پھر
من قابل	اس طرح کے کپڑے آئندہ
	سال نہ پہنتے۔

حضرت ایوب السختیانی تابعی کے بارے میں ہے وہ تئیسویں رات کو شب قدر جانتے اس میں غسل فرماتے، خوشبو لگاتے۔

ویلبس ثوبین جدیدین	اور دونوں کپڑے نئے
ویتجمر	پہنتے۔

(مصنف عبدالرزاق، ۴ : ۲۵۰)

شیخ حافظ ابن رجب ان معمولات کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

فتبین بهذا انه یستحب	اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ جن
فی اللیالی التی ترجی	راتوں میں شب قدر کی امید ہو
فیہا لیلة القدر التنظف	ان میں نظافت، زینت خوشبو

والتزین والتطیب	غسل اور خوبصورت لباس مستحب ہے
بالغسل والطیب واللباس	جیساکہ جمعہ اور عیدین میں اسی
الحسن کما یشرع فی الجمع	طرح بقیہ نمازوں میں لباس اچھا
والاعیاد وکذلک یشرع	ہونا چاہیئے اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے
اخذ الزینۃ بالثیاب	ہر نماز کے وقت زینت
فی سائر الصلوت کما قال	اختیار کرو۔
تعالےٰ خذوا زینتکم عند	
کل مسجد	

(لطائف المعارف، ٣٤٧)

٩٩۔ قیام میں تمام گھر والوں کو شریک کرنا

شب قدر کے موقعہ پر تمام گھر والوں حتی کہ باشعور بچوں کو بیدار کرنا مستحب ہے جیساکہ پیچھے گزرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کا آخری عشرہ اور خصوصاً شب قدر میں تمام اہل کو بیدار فرماتے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

کان یوقظ اھلہ فی العشر	رمضان المبارک کے آخری عشرہ
الاواخر من رمضان	میں اپنے تمام گھر والوں کو
(مصنف عبدالرزاق، ٤: ٢٥١)	بیدار رکھتے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہے جب ستائیس رات آئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

بعث الی اھلہ واجتمع	اپنے گھر والوں کو بلا بھیجا اور
الناس	لوگوں کو بھی جمع فرمایا۔

(ابوداؤد، ۱۳۷۵)

امام اسود، ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

كانت توقظنا ليلة ثلاث وعشرين	آپ تئیسویں رات میں ہمیں بیدار رکھا کرتیں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، ۳: ۷۷)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے۔

يرش الماء على اهله ليلة ثلاث وعشرين،	آپ تئیسویں رات اپنے گھر والوں پر بیدار کرنے کے لئے پانی چھڑکتے

(مصنف ابن ابی شیبہ، ۳: ۷۷)

لیلۃ القدر تاقیامت باقی ہے

اس پر اجماع ہے کہ لیلۃ القدر تاقیامت باقی ہے ہاں فقط اس کی تعیین اٹھالی گئی ہے نسائی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یارسول اللہ مجھے شب قدر کے بارے میں آگاہ فرمایئے فرمایا وہ رمضان میں آتی ہے میں نے عرض کیا، کیا وہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوتی ہے۔

فاذا قبضوا رفعت ام هي الى يوم القيامة؟	جب ان کا وصال ہوا تو ساتھ اسے بھی اٹھا لیا گیا ہے یا یہ قیامت تک باقی ہے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بل هي الى يوم القيامة	بلکہ یہ تاقیامت باقی ہے

(النسائی)

امام عبدالرزاق حضرت عبداللہ بن یحنس سے نقل کرتے ہیں میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کچھ لوگ کہتے ہیں

ان لیلۃ القدر رفعت

شب قدر اٹھالی گئی ہے۔

آپ نے فرمایا۔

کذب من قال ذلک

ایسا کہنے والا کاذب اور جھوٹا ہے۔

(فتح الباری، ۴: ۲۱۲)

حضرت عبداللہ بن شریک سے ہے کہ حجاج نے شب قدر کا تذکرہ اس انداز میں کیا گویا وہ اس کا انکار کر رہا ہے تو صحابی رسول حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ نے اسے پتھر مارنے کا ارادہ فرمالیا مگر لوگوں نے روک لیا۔ (غایۃ الاحسان، ۴۸)

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالٰی شرح مسلم میں رقمطراز ہیں

اجمع من یعتد بہ من
العلماء المتقدمین والمتاخرین
علی ان لیلۃ القدر باقیۃ
دائمۃ الی یوم القیامۃ
للاحادیث الصریحۃ الی
الصحیحۃ فی الامر بطلبہا

تمام قابلِ اعتماد علماء متقدمین و
متاخرین کا اس پر اتفاق ہے کہ
شب قدر تا قیامت باقی ہے کیونکہ اس
کی تلاش پر احادیث صریح صحیحہ وارد
ہیں۔

(المجموع للامام النووی، ۶: ۴۵۸)

بعض لوگوں کا رد

کچھ روافض نے شب قدر کا انکار کرتے ہوئے اس روایت سے [illegible] کیا جو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی

ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں شب قدر کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے تشریف لائے اس وقت دو مسلمان آپس میں جھگڑ رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں شب قدر کے بارے میں اطلاع دینے آیا تھا مگر

فتلاحی فلاں و فلاں	فلاں فلاں آپس میں جھگڑ رہے
فرفعت	تھے تو اسے اٹھا لیا گیا۔

(مؤطا مالک، ۱؍۳۲۰)

تو یہ روایت واضح کر رہی ہے کہ شب قدر اٹھا لی گئی ہے لیکن یہ استدلال درست نہیں کیونکہ اسی حدیث کے آخری الفاظ اس کی تردید کر رہے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وعسی ان یکون خیرا لکم	یہ مخفی ہونا تمہارے لیے بہتر ہے
فالتمسوھا فی التاسعۃ والسابعۃ	تم اسے نو، سات اور پانچ،
والخامسۃ	رات میں تلاش کرو۔

(البخاری، فضل لیلۃ القدر)

”تو رُفِعَتْ“ کا معنی شب قدر کا اٹھایا جانا نہیں بلکہ اس کی تعیین کا اٹھایا جانا ہے حافظ ابن حجر عسقلانی شرح بخاری میں اس روایت کے تحت لکھتے ہیں۔

المراد انہ انسی علم تعیینھا فی تلک السنۃ	مراد یہ ہے کہ اس سال اس کی تعیین کا علم اٹھا لیا گیا۔

(فتح الباری، ۴ : ۲۰۸)

آگے چل کر لکھتے ہیں۔

اذا تقرر ان الذی ارتفع علم تعیینها تلك السنة	یہ بات ثابت ہے کہ اس سال اس کی تعیین کا علم اٹھا لیا گیا تھا۔

(فتح الباری، ۴: ۲۱۷)

۱۰۰۔ شب قدر اور علمِ نبوی

متعدد احادیث واضح طور پر اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شب قدر کی تعیین کا علم عطا فرمایا تھا اور فقط ایک سال اس کی تعیین کا علم اُٹھا لیا تھا۔

۱۔ اگر لوگ دیگر راتوں میں نماز ترک نہ کردیں تو میں آگاہ کردوں

حضرت عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ مجھے اس رات کے بارے میں اگاہ فرمایا ہے

تبتغی فیها لیلة القدر	جس میں شب قدر تلاش کی جائے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لولا ان تترك الناس الصلاة الا تلك اللیلة لاخبرتك	اگر لوگ اس کے علاوہ راتوں میں نماز ترک نہ کریں تو میں تجھے اسکے بارے میں آگاہ کردیتا۔

امام ہیثمی اس کے بارے میں لکھتے ہیں

اسنادہ حسن	اس روایت کی سند حسن ہے

(مجمع الزوائد، ۳: ۱۷۸)

امام طبرانی نے بھی اسے المعجم الکبیر میں سند حسن کے ساتھ روایت کیا ہے (غایۃ الاحسان، ۵۳)

یہ حدیث واضح کر رہی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب قدر کا علم رکھنے کے باوجود لوگوں کو اس حکمت کے تحت آگاہ نہ فرمایا کہیں لوگ دیگر راتوں میں عبادت ترک نہ کر دیں۔

۲۔ اگر اجازت ہوتی تو میں آگاہ کر دیتا

حضرت مرثد رضی اللہ عنہ سے ہے میں نے منیٰ میں جمرہ وسطیٰ کے پاس حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے شب قدر کے بارے میں پوچھا تو فرمانے لگے۔

ما کان احد باسأل عنها منی	جس قدر شب قدر کے بارے میں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا ہے اس قدر کسی نے نہیں پوچھا۔

میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے شب قدر کے بارے میں آگاہ فرمائیے وہ رمضان میں ہوتی ہے یا غیر رمضان میں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بل هی فی رمضان	یہ رمضان میں ہوتی ہے

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ سنا ہے یہ انبیاء کے ساتھ ہوتی ہے جب ان کا وصال ہوتا ہے تو کیا اسے اٹھا لیا جاتا ہے یا یہ قیامت

تک باقی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

بل ھی الی یوم القیامۃ	یہ قیامت تک باقی ہے

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ رمضان کے کسی حصہ میں ہوتی ہے فرمایا اسے عشرہ اول اور عشرہ آخیر میں تلاش کرو، اس کے بعد کچھ دیر اور باتیں ہوتی رہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ

فی ای العشرین ؟	ان دونوں عشروں میں سے کس میں ہوتی ہے۔

فرمایا اسے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

لاتسألنی عن شئی بعدھا	اب اس کے بعد مجھ سے کچھ نہ پوچھو۔

کچھ دیر ٹھہر کر میں نے پھر عرض کیا یا رسول اللہ مجھے آگاہ فرما دیجئے آپ مجھ سے اتنے خفا ہوئے کہ اسقدر کبھی خفا نہیں ہوئے اور فرمایا۔

ان اللہ لوشاء لاطلعکم علیھا التمسوھا فی السبع الاواخر	اگر اللہ تعالے پسند فرماتا تو تمہیں اس سے آگاہ فرما دیتا تم سات آخری راتوں میں تلاش کرو۔

(صحیح ابن خزیمہ، ۳: ۳۲۱)

امام حاکم نے اسے روایت کرکے فرمایا یہ شرائط مسلم پر صحیح روایت ہے، امام ذہبی نے امام حاکم کے اس حکم کو ثابت رکھا۔

(المستدرک ۱: ۴۳۷)

امام اوزاعی سے مروی روایت میں یہ کلمات ہیں

ان اللہ لو اذن لی لاخبرتکم	اللہ تعالٰی نے اگر مجھے اس کے بتلانے کی اجازت

ـــــــ بہا فالتمسوھا فی	دی ہوتی تو میں ضرور اسکے بارے میں آگاہ کر
العشر الاواخر فی احدی	دیتا تم اسے آخری عشرہ میں تلاش کرو
السبعین و لا تسألنی	اس کے بعد مجھ سے سوال نہ کرو۔
عنہا بعد مرتک ھذہ	

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے گفتگو فرمانے لگے تھوڑی دیر کے بعد میں نے عرض کیا

اقسمت علیک یارسول اللہ	یارسول اللہ آپ کو قسم مجھے بتائیں وہ
لتخبرنی ای السبعین ھی؟	کونسی ساتویں میں ہے۔

اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سخت ناراض ہوئے اور فرمایا

لا ام لک ھی تکون فی	تیری ماں نہ ہو یہ آخری ساتواں
السبع الاواخر	میں ہے۔

(موارد الظمآن، ۹۲۶)

محدث بزار کے الفاظ یہ ہیں۔

الم انہک عنہا لو اذن لی	کیا میں نے تجھے اس سے منع نہیں کیا تھا
لانبأتک بہا	اگر میرے لیے رب کی طرف سے اجازت ہوتی تو میں
(کشف الاستار، ۱۰۳۵)	تجھے اسکے بارے میں ضرور آگاہ کر دیتا۔

یہاں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واضح فرما دیا کہ مجھے اس کا علم ہے لیکن آگے بتانے سے منع فرما رکھا ہے

۳۔ صحابی کا اسقدر سوال کرنا

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شب قدر کے بارے میں اسقدر سوالات کرنا بھی واضح کر رہا ہے کہ وہ جانتے

تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے آگاہ ہیں ورنہ اتنی دفعہ عرض نہ کرتے۔

۴۔ صحابی کو آگاہ فرمانا

حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ میں کافی دور ایک دیہات میں رہتا ہوں بحمد اللہ وہاں نماز ادا کرتا ہوں۔

فمرنی بلیلة انزلها الی هذا المسجد	مجھے آپ حکم دیں میں کونسی رات مسجد نبوی میں آپ کی خدمت میں آکر بسر کیا کروں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انزل لیلة ثلاث عشرین	رمضان کی تیئسویں رات آیا

یہ صحابی ہمیشہ تیئسویں رمضان کو مسجد نبوی میں آکر شب بیداری کرتے۔ لوگوں نے ان کے صاحبزادے سے پوچھا بتاؤ آپ کے والد گرامی اس رات کیا کرتے تھے؟ تو انہوں نے بتایا وہ عصر کے بعد مسجد نبوی میں داخل ہو جایا کرتے۔

فلا یخرج الا لحاجة حتی صلی الصبح فاذا صلی الصبح وجد دابته علی باب المسجد فجلس علیها ولحق	اور صبح تک مسجد سے بغیر کسی حاجت کے باہر نہ آتے، فجر کی نماز ادا کرکے اپنی سواری پر سوار ہو کر اپنے دیہات چلے

ببادیته	جاتے۔

(ابوداؤد، ۱ : ۱۹۶)

اس کے تحت فوائد بیان کرتے ہوئے شیخ عبدالرحمن حسن المیدانی رقمطراز ہیں۔

فهذا يشعر ضمناً بان الرسول	یہ حدیث ضمناً اس بات سے آگاہ
صلی اللہ علیہ وسلم قد دله علی	کر رہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
افضل ليالي العشر الاخيرمن	نے ان کو رمضان کے آخری عشرہ کی افضل
رمضان وهي ليلة القدر	رات کے بارے میں آگاہ فرمایا اور وہ شب قدر
(صيام ورمضان، ۱۹۲)	ہی ہے۔

حافظ ابن عبدالبر اس حدیث کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

اما حديث عبدالله بن	حضرت عبداللہ بن انیس الجہنی
انيس الجهني فهو	رضی اللہ عنہ والی حدیث مشہور
مشهور	کے درجہ پر فائز ہے۔

(التمهيد، ۲ : ۲۰۵)

اسی صحابی سے یہ بھی مروی ہے کہ میں چھوٹا ننھا بنو سلم کے لوگوں کی ایک مجلس میں شریک تھا انہوں نے کہا کون ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھے میں نے کہا یہ کام میں کروں گا یہ اکیس رمضان کی بات ہے میں نے اس دن مغرب کی نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں ادا کی اور آپ کے حجرہ انور کی چوکھٹ پر کھڑا ہو گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مجھے اندر داخل ہونے کا فرمایا پھر آپ نے رات کا کھانا کھایا جب فارغ ہوئے تو فرمایا میرے نعل لاؤ میں نے پیش کیے

میں بھی آپ کے ساتھ چلا، راستہ میں فرمایا۔

کان لک حاجة	تمہیں کوئی کام تھا؟

میں نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ۔

ارسلنی الیک رھط من	مجھے آپ کی خدمت میں بنو
بنی سلمة یسأذ نلعن	سلمہ کے لوگوں نے بھیجا ہے تاکہ
لیلة القدر	شب قدر کے بارے میں معلوم کروں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا آج کونسی رات ہے میں نے عرض کیا آج رمضان کی بائیسویں رات ہے فرمایا۔

ھی اللیلة ثم رجع فقال	فرمایا یہی رات پھر فرمایا آئندہ
والقابلة یرید لیلة	رات یعنی رمضان کی تئیسویں
ثلث وعشرین	رات ہے۔

(ابوداؤد، ۱: ۱۹۶)

جہنی کی رات

چونکہ اس صحابی کا تعلق جہنی قبیلہ سے تھا لہذا یہ رات اہل مدینہ کے ہاں لیلۃ الجہنی (جہنی کی رات) کے نام سے مشہور ہوئی۔

امام ابن عبدالبر رمضان کی تئیسویں رات کے بارے میں لکھتے ہیں

ھذہ اللیلة تعرف بلیلة	مدینہ طیبہ میں یہ رات لیلۃ الجہنی
الجھنی بالمدینة	کے نام سے معروف ہے۔

(اتحاف اھل الاسلام ۲۲۵)

مسند ابن راہویہ میں ہے کہ قبیلہ بنو بیاضہ میں سے ایک صحابی تھے،

جنہوں نے عرض کیا یارسول اللہ میں دور دیہات میں رہتا ہوں مجھے شب قدر کے بارے میں فرمایئے تاکہ میں بھی آپ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو جایا کروں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انزل لیلة ثلاث و عشرین	تم تیسویں رمضان کو آجایا کرو

(مسند اسحاق بن راہویہ)

اگر تعیین کا علم نہ ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تیئسویں کا تعین نہ فرماتے۔

شب قدر اور اہل مدینہ کا معمول

روایات میں یہ بھی ملتا ہے کہ اہل مدینہ رمضان کی تیسویں رات کو شب قدر کے طور پر منایا کرتے تھے یعنی اس میں خصوصی عبادت اور دعا کا اہتمام کیا کرتے شیخ ابن رجب امام شافعی کا قول نقل کرتے ہیں کہ غالب گمان یہی ہے کہ شب قدر تیسویں رمضان ہے پھر لکھتے ہیں

وھذا قول اھل المدینة	یہ اہل مدینہ کا قول ہے، اسے حضرت
وحکاہ سفیان الثوری عن	سفیان ثوری نے اہل مکہ و مدینہ سے
اھل مکة والمدینة	بیان کیا ہے۔

(لطائف المعارف ۳۵۸)

شب قدر کے بارے میں مختلف بزرگوں کے معمولات بیان کرتے ہوئے امام اعظم ابو حنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما کے استاذ حضرت ایوب السختیانی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہتے ہیں۔

وكان ايوب السختياني يغتسل ليلة ثلاث وعشرين واربع وعشرين ويلبس ثوبين جديدين ويستجمر ويقول ليلة ثلاث وعشرين هي ليلة اهل المدينة والتي تليها ليلتنا يعني البصريين

حضرت ایوب السختیانی تیئسویں اور چوبیسویں رات کو غسل کرتے نئے کپڑے پہنتے خوشبو لگاتے اور فرماتے تیئسویں اہل مدینہ کی رات ہے اور چوبیسویں اہل بصرہ کی

(لطائف المعارف، ٣٤٦)

آگے چل کر لکھتے ہیں۔

كان حميد وايوب وثابت يحتاطون فيجمعون بين الليلتين اعني ليلة ثلاث واربع

حضرت حمید، حضرت ایوب اور حضرت ثابت احتیاطاً تیئسویں اور چوبیسویں دونوں رات میں شب بیداری کیا کرتے تھے۔

(لطائف المعارف، ٣٥٩)

حافظ ابن حجر مکی اہل مدینہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

ان قول اهل المدينة وحكاه سفيان الثوري من اهل مكة ايضا انها ليلة ثلاث وعشرين وعليه مكحول، وكانت عائشة

اہل مدینہ کا قول اور بقول حضرت سفیان ثوری کے اہل مکہ کا بھی یہی قول ہے کہ شب قدر تیئسویں رات ہے امام مکحول کی یہی رائے ہے سیدہ عائشہ اور حضرت عبداللہ

وابن عباس یوقظان اهلهما فیها	بن عباس رضی اللہ عنہ اس رات میں اپنے گھر والوں کو بیدار رکھتے۔

(اتحاف اہل الاسلام، ۲۲۵)

۵۔ ایک اور صحابی کو مطلع فرمانا

مذکورہ صحابی کے علاوہ بھی ایک صحابی کو لیلۃ القدر کے بارے میں آگاہ فرمایا، مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے ایک شخص نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بوڑھا آدمی ہوں مجھ پر روزے رکھنا دشوار ہیں۔

فمرنی بلیلة لعل اللّٰه تعالیٰ یوفقنی فیها للیلة القدر	مجھے ایسی رات بتا دیں جس میں اللہ تعالیٰ مجھے شب قدر عطا فرما دے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیك بالسابعة	تم ساتویں رات عبادت کرو۔

(مسند احمد)

حافظ ابن حجر مکی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا اور فرمایا لفظ سابعہ میں دو احتمال ہیں اس سے سابقہ تیسویں یا آئندہ ستائیسویں بھی مراد ہو سکتی ہے تو ممکن ہے اس سے مراد بھی تیسویں رات ہی ہو (اتحاف، ۲۲۶)

امام ہیثمی نے اس روایت کے بارے میں فرمایا۔

ورجاله رجال الصحیح	اس روایت کے رجال، صحیح کے رجال ہیں۔

(مجمع الزوائد، ۳: ۱۷۶)

شیخ ابن رجب کا اس پر تبصرہ یہ ہے
واسنادہ علی شرط   اس کی سند امام بخاری کے شرائط
البخاری   پر ہے۔

۶۔ حضرت سفیان بن عیینہ کا قول

بخاری میں حضرت سفیان بن عیینہ کا قول منقول ہے۔
ما کان فی القرآن ما ادراک   قرآن میں جس چیز کا بیان "ما ادراک"
فقد اعلمہ وما قال یدریک   کے ساتھ ہے اس کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو
فانہ لم یعلمہ   علم عطا کیا گیا ہے اور جس کا ذکر "یدریک" کے ساتھ
(البخاری، باب فضل لیلۃ القدر)   ہے اس کا علم آپ کو نہیں،

شیخ ابو حاتم رازی سے ان کا یہ قول ان الفاظ میں منقول ہے۔
کل شیٔ فی القرآن وما   جس کا ذکر قرآن میں "وما ادراک" سے ہے
ادراک فقد اخبرہ بہ وما   اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کیا گیا ہے
یدریک فلم یخبرہ بہ   اور جس کا تذکرہ "وما یدریک" سے ہے اس کی خبر آپ
(عمدۃ القاری، ۱۱: ۱۳۰)   صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دی گئی۔

حافظ ابن حجر اس قول کے تحت رقمطراز ہیں۔
ومقصود ابن عیینہ   امام ابن عیینہ کا مقصود یہ ہے
انہ صلی اللہ علیہ وسلم   کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شب قدر
کان یعرف تعیین لیلۃ القدر   کو معین طور پر جانتے تھے۔
(فتح الباری، ۴: ۱۳۰)

دوسرے حصّہ کا رد

مذکورہ ضابطہ کے پہلے حصّہ کو تسلیم کیا گیا ہے مگر دوسرے حصّہ کو کامل طور پر نہیں بلکہ جزوی طور پر تسلیم کیا گیا ہے محدثین کرام نے اس پر سوال اٹھایا ہے قرآن مجید کی یہ آیت مبارکہ

وما یدریک لعلہ یزکی — اور تمہیں کیا معلوم، شاید! وہ ستھرا ہو

نابینا صحابی رسول حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے حال سے واقف تھے حافظ ابن حجر فرماتے ہیں

وقد تعقب ھذا الحصر
بقولہ تعالیٰ لعلہ یزکی
فانھا نزلت فی ابن ام مکتوم
وقد علم صلی اللہ علیہ وسلم
بحالہ وانہ ممن تزکی
ونفعتہ الذکری
(فتح الباری، ۴ : ۲۰۶)

اس حد بندی پر اللہ تعالیٰ کے ارشادگرامی وما یدریک لعلہ یزکی، سے اعتراض کیا گیا ہے کہ یہ آیت مبارکہ صحابہ رسول حضرت عبد اللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہا کے بارے میں نازل ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم انکے بارے میں خوب جانتے تھے کہ وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو تزکیہ پانے والے اور نصیحت سے نفع اٹھانے والے ہیں۔

یعنی ان کا یہ کہنا کہ یہاں "وما یدریک" کا لفظ آیا ہے اس کا علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا نہیں کیا گیا محل نظر ہے کیونکہ مذکورہ آیات میں "وما یدریک" ہے حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا علم تھا۔

٧۔ محدثین کی تائید

یہ بات تو مسلمہ ہے کہ اس سال شب قدر کی تعیین کا علم اٹھا

لیا گیا لیکن محدثین نے یہاں یہ سوال اٹھایا ہے کہ کیا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی تعیین کا علم تھا یا نہیں؟

امام بدرالدین عینی اور حافظ ابن حجر عسقلانی دونوں نے ان الفاظ میں سوال ذکر کیا ہے۔

لما تقرر ان الذی ارتفع	جب یہ بات ثابت ہے کہ اس سال شب قدر کی
علم تعیینها فی تلک السنة	تعیین کا علم اٹھا لیا گیا ہے تو کیا اسکے بعد حضور
فهل اعلم النبی صلی اللہ علیہ	صلی اللہ علیہ وسلم اس کا معین طور پر
وسلم بعد ذلک بتعیینها	علم رکھتے ہیں۔

اور دونوں نے جواب میں حضرت سفیان بن عیینہ کے حوالے سے کہا۔

انہ اعلم بعد ذلک بتعیینها	اس سال کے بعد آپ صلی اللہ
(عمدة القاری، ۱۱ : ۱۳۸)	علیہ وسلم کو شب قدر کی تعیین کا
(فتح الباری، ۴ : ۲۱۷)	علم تھا

اور قریب کے عظیم محدث شیخ عبداللہ الصدیق الغماری اس مسئلہ پر رقمطراز ہیں

قلت والصحیح انہ صلی اللہ	صحیح یہی ہے کہ آپ صلی اللہ
علیہ وسلم کان یعلمها	علیہ وسلم شب قدر کے بارے
(غایة الاحسان، ۵۳)	میں علم رکھتے تھے۔

الغرض ان سات شواہد سے یہ بات آشکار ہو جاتی ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو شب قدر کا معین طور پر علم تھا، اس کا انکار ہرگز مناسب نہیں

اشکال کا جواب

یہاں ایک اشکال وارد ہوتا ہے اس کا جواب بھی دینا ضروری ہے اشکال یہ ہے شیخ محمد بن نصر نے حضرت واہب المغافری سے نقل کیا کہ انہوں نے حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہما سے عرض کیا۔

هل كان رسول الله صلى	کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
الله عليه وسلم يعلم ليلة	شب قدر کے بارے میں جانتے
القدر ؟	تھے ؟

انہوں نے فرمایا۔

لا لو علمها لما اقام الناس	نہیں اگر جانتے ہوتے تو لوگوں سے
غيرها (فتح الباری، ۴: ۲۱۷)	دیگر راتوں میں قیام نہ کرواتے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کے جواب میں رقمطراز ہیں کہ ان کا یہ قول محض اجتہاد ہے حتمی بات نہیں کیونکہ

لاحتمال ان يكون التعبد	یہ بھی تو احتمال ہے کہ اس
وقع بذلك ايضا فيحصل	ذریعہ سے بھی عبادت کی جائے
الاجتهاد في جميع العشر	تاکہ پورے عشرہ میں عبادت الٰہی
(فتح الباری، ۴: ۲۱۷)	میں محنت وجد وجہد رہے۔

ارشاد نبوی سے تائید

حافظ ابن حجر کی رائے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی شاہد ہے جب حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے لیلۃ القدر کے بارے میں آگاہ فرمائیے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لولا ان تترك الناس الصلاة	اگر لوگ اس رات کے علاوہ میں
الا تلك الليلة لاخبرتك	عبادات ترک نہ کر دیں تو میں شب
(مجمع الزوائد، ۳: ۱۷۸)	قدر پر مطلع کر دوں۔

یعنی مخفی رکھنے کا مقصد یہی ہے کہ لوگ زیادہ سے زیادہ بارگاہ خداوندی میں حاضری کی سعادت حاصل کرتے رہیں۔

۱۔ رمضان کی آخری رات کی فضیلت بیان فرماتے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جیسے رمضان المبارک کی پہلی رات کی فضیلت بیان فرماتے اس طرح اس کی آخری رات کی عظمت وعزت کو بھی اجاگر فرماتے، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رمضان کی ہر رات افطار کے وقت لاکھوں افراد کو دوزخ سے آزاد کیا جاتا ہے جب جمعہ کا دن آتا ہے تو اس کی ہر گھڑی میں اسقدر افراد کو آزاد کیا جاتا ہے۔

فاذا كان اخر ليلة من	جب رمضان کی آخری رات
شهر رمضان اعتق	آتی ہے تو اللہ تعالےٰ اس دن
الله في ذلك اليوم بعدد	میں اتنی مقدار لوگوں کو دوزخ
ما اعتق من اول الشهر	سے آزاد فرماتا ہے جسقدر تمام
الى اخره	مہینہ میں اس نے آزاد فرمائے

(لطائف المعارف، ۳۸۰)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے حوالے سے میری امت پانچ ایسی چیزیں عطا ہوتیں ہیں جو کسی بھی امت کو حاصل نہیں ہوئیں۔

۱۔ صائم کے منہ کی بو اللہ تعالے کو کستوری سے بھی زیادہ پسند ہے۔

۲۔ افطار تک روزہ دار کے لئے ملائکہ بخشش مانگتے ہیں۔

۳۔ ہر دن اس کے لئے یہ کہتے ہوئے جنت سجائی جاتی ہے کہ عنقریب میرے بندے اس میں آئیں گے۔

۴۔ شیاطین کو رمضان میں جکڑ دیا جاتا ہے

۵۔ ویغفر لھم فی آخر	امت کو اس کی آخری رات
لیلۃ فیہ۔	میں معاف کر دیا جاتا ہے۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ

اھی لیلۃ القدر ؟	کیا یہ لیلۃ القدر ہے ؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لا ولکن العامل انما	نہیں مزدور جب اپنا عمل مکمل کر لیتا
یوفی اجرہ اذا قضی عملہ	ہے تو اسے پورا اجر دیدیا جاتا ہے

(مسند احمد ۲ : ۲۵۲)

بعض اوقات آخری رات رمضان المبارک کی انتیس ہوتی ہے اس کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

یعتق اللہ فیہا مثل جمیع	اللہ تعالیٰ اس میں اتنی مقدار
من اعتق فی کل الشھر	دوزخی آزاد فرماتا ہے جتنی مقدار
(دمع الوسول فی رمضان، ۹۹)	تمام مہینہ میں فرماتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول عشرہ کو رحمت، درمیانے کو مغفرت اور آخری کو دوزخ سے آزادی بھی قرار دیا۔

وداع رمضان اور صحابہ و تابعین کا معمول

اسلاف کے بارے میں منقول ہے وہ رمضان المبارک کے حصول کے لئے چھ ماہ دعا کرتے اور اس کے گزرنے پر چھ ماہ قبولیت کی دعا کرتے رہتے۔

۱۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے جب رمضان المبارک کی آخری رات آئی تو اعلان کرواتے۔

من هذا المقبول فنهنيه   جس کی عبادات بوزن ہو گئیں ہم
ومن هذا المحروم فنعزيه   انہیں مبارک دیتے ہیں اور جو محروم
رہا اس سے تعزیت کرتے ہیں،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کلمات کے علاوہ یہ الفاظ بھی منقول ہیں۔

ايها المقبول هنيئالك،   عبادت قبول ہونے کیلئے مبارک ہو
ايها المردود جبر الله مصيبتك   اے رد ہو جانے والے اللہ تعالیٰ
(لطائف المعارف، ۳۷۷)
تیری پریشانی کا ازالہ کرے

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے جس نے اس عزم اور ارادہ سے رمضان کے روزے رکھے

انه اذا افطر بعد رمضان   کہ وہ رمضان کے بعد اللہ تعالیٰ
ان لا يعصي الله دخل   کی نافرمانی نہیں کرے گا تو وہ
الجنة بغير مسألة ولا حساب   بغیر حساب کتاب جنت میں
داخل ہوگا۔

لیکن جس نے اس عزم سے روزے رکھے۔

اذا افطر بعد رمضان	رمضان کے بعد اپنے رب کی
عصی ربہ فصیامہ علیہ	نافرمانی کروں گا اس کے روزے
مردود	اس کے منہ پر مار دیئے جاتے
(لطائف المعارف، ۳۸۵)	ہیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اختتامِ رمضان پر تمام شہروں میں ایک مراسلہ روانہ فرماتے جس میں لوگوں کو استغفار اور صدقۃ الفطر کی تاکید کی جاتی کیونکہ صدقۃ الفطر روزہ دار سے سرزد ہونے والی کوتاہیوں کا ازالہ کرتا ہے اور استغفار، روزہ میں واقع ہونے والی کمیوں کے ازالہ کا سبب ہے۔ اور ساتھ یہ تلقین کرتے، لوگو تم بھی اپنے جدامجد حضرت آدم علیہ السلام کی طرح اپنے رب کے حضور ان کلمات سے معافی مانگو۔

ربنا ظلمنا انفسنا وان لم	اے ہمارے رب ہم نے اپنی
تغفرلنا وترحمنا لنکونن	ذاتوں پر ظلم کیا اور اب اگر آپ
من الخاسرین	معاف و رحم نہیں فرمائیں گے تو ہم
(الاعراف، ۲۳)	

گھاٹے والے ہیں۔

اور جس طرح حضرت نوح علیہ السلام نے دعا کی تم بھی اس طرح مانگو

وَاِلَّا تَغۡفِرۡلِیۡ وَتَرۡحَمۡنِیۡٓ اَکُنۡ	اگر مجھے معاف نہ فرماتے اور
مِّنَ الۡخٰسِرِیۡنَ	مجھ پر رحم نہ فرماتے تو میں خاسر ہوں
(ہود، ۴۷)	

اسی طرح مانگو جیسے سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالےٰ سے مانگا

وَالَّذِیۡٓ اَطۡمَعُ اَنۡ یَّغۡفِرَلِیۡ	میں اس سے امید رکھتا ہوں

خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ (الشعراء، ۸۲)	وہ روز قیامت میرے گناہ معاف فرمادے گا۔

سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے کلمات سے دعا کرو

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ (القصص، ۱۶)	اے میرے رب میں نے اپنی ذات پر ظلم کیا تو مجھے معاف فرمادے

اور حضرت یونس علیہ السلام کی ـــــ طرح دعا کرو۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (الانبیاء، ۸۷)	تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تیری ذات پاک ہے میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

واقعۃً استغفار، روزہ میں واقع ہونے والے داغوں اور سوراخوں کو جوڑنے کا کام دیتی ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے غیبت روزے کو پھاڑ دیتی ہے اور استغفار اسے جوڑ دیتی ہے

فمن استطاع منکم ان یجیٔ بصوم مرقع فلیستغفر۔	تم میں سے جو چاہتا ہے وہ پیوند شدہ روزہ کے ساتھ آئے وہ استغفار کثرت سے کرے۔

کیسے تھے وہ لوگ

رمضان المبارک ہی نہیں اسلاف ہر عمل کی قبولیت کے لئے نہایت ہی خوفزدہ و پریشان ہوتے یہی وجہ ہے رمضان المبارک کی قبولیت

کے لئے چھ چھ ماہ دعا کرتے رہتے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنے بندوں کی ایک صفت یہ بھی بیان کی ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ (المومنون، ۵۸)

وہ لوگ جو راہِ خدا میں دیتے ہیں تو جو کچھ دیتے ہیں اسی طرح دیتے ہیں کہ ان کے دل ڈرتے ہیں کہ انہیں خدا کی طرف پلٹنا ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے آپ لوگوں سے فرمایا کرتے

کونوا بقبول العمل اشد اهتماماً منکم بالعمل الم تسمعوا الله عزوجل یقول انما یتقبل الله من المتقین،

عمل میں اہتمام کرنے سے اس کی قبولیت کے لیے زیادہ اہتمام کرو کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا فرمان نہیں سنا اللہ صاحبِ تقویٰ سے قبول فرماتا ہے۔

صحابی رسول حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ اپنے بارے میں فرمایا کرتے۔

لان اکون اعلم ان الله قد تقبل منی مثقال حبة من خردل احب الی من الدنیا وما فیها لان الله یقول ان یتقبل الله من المتقین (لطائف المعارف، ۳۷۵)

اگر مجھے علم ہو جائے اللہ تعالیٰ نے میرے عمل کو دانے کی مقدار قبول فرما لیا ہے تو یہ مجھے دنیا وما فیہا سے زیادہ محبوب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اللہ تعالیٰ صاحب تقویٰ سے قبول فرماتا ہے۔

حضرت مالک بن دینار تابعی کا ارشادِ گرامی ہے۔

الخوف علی العمل ان لا یتقبل عمل کے نہ قبول ہونے کا خوف
اشد من العمل عمل سے بڑھ کر ہونا چاہیئے۔

شیخ عبدالعزیز بن ابی رواد بیان کرتے ہیں ہم نے اسلاف کو عمل صالح کے بارے میں یوں پایا کہ اس میں خوب محنت اور اہتمام سے کام لیتے۔

فاذا فعلوہ وقع علیھم اور کرنے کے بعد انہیں یہ غم
الھم ایقبل منھم ام لا؟ لاحق ہو جاتا کیا یہ قبول بھی ہو گا یا نہیں؟

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ عید کے دن خطبہ میں فرماتے لوگو تم نے تیس دن اللہ تعالٰے کی رضا کے لئے روزے رکھے، تیس راتیں تراویح ادا کیں،

وخرجتم الیوم تطلبون من آج تم اللہ تعالٰے سے یہ دعا
اللہ ان یتقبل منکم کرتے نکلے ہو کہ وہ تمہارے اعمال کو قبول فرما لے۔

حضرت وہیب بن الورد رحمہ اللہ تعالٰے نے عید کے روز کچھ لوگوں کو خوب ہنستے ہوئے دیکھا تو فرمایا اگر ان کی عبادات کو قبول کر لیا گیا ہے۔

فماھذا فعل الشاکرین تو یہ شکر گزاروں کا عمل و طریقہ نہیں
اور ان کی عبادات کو قبول نہیں کیا گیا۔

فماھذا فعل الخائفین تو یہ عمل خوف رکھنے والوں کا نہیں

امام حسن بصری فرمایا کرتے تھے اللہ تعالےٰ نے ماہ رمضان کو اپنی مخلوق کیلئے زینہ بنایا ہے تاکہ لوگ اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرکے سبقت لے جائیں تو جنہوں نے سبقت حاصل کرلی وہ کامیاب ہو گئے اور جو پیچھے رہ گئے وہ خائب و خاسر ہو گئے۔

فالعجب من اللاعب	تعجب ہے اس شخص پر جس
الضاحك فی الیوم الذی	نے لہو و لعب میں زندگی بسر
یفوز فیه المحسنون ویخسر	کردی اور ہنس رہا ہے، آج
فیه المبطلون	نیکی کرنے والے کامیاب اور
	جھٹلانے والے خائب و خاسر
	ہیں۔

شیخ ابن رجب لکھتے ہیں کہ اسلاف میں سے ایک بزرگ عید کے دن نہایت غمگین تھے ان سے کہا گیا آج تو خوشی و سرور کا دن ہے لیکن تم اس حال میں ہو فرمایا تم سچ کہہ رہے ہو۔

ولکنی عبد امرنی مولای	میں تو ایک بندہ ہوں جسے
ان اعمل له عملاً فلا	اس کے مولیٰ و آقا نے عمل کا
ادری ایقبله منی ام لا	حکم دیا اب میں نہیں جانتا
(لطائف المعارف، ۳۷۶)	یہ قبول بھی ہے یا نہیں؟

آپ کی ظاہری حیات میں زیادہ مرتبہ رمضان انتیس کا ہوا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس دنیا میں جو نو رمضان پائے ان میں سے زیادہ مرتبہ رمضان انتیس دنوں کا ہوا، کم ہی رمضان تیس کے ہوتے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے۔

لما صمنا مع النبی صلی اللہ علیہ	ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
وسلم تسعًا وعشرین اکثر	تیس کی نسبت انتیس روزے
مما صمنا معہ ثلثین	اکثر دفعہ رکھے۔

(ابوداؤد ۳۱۸)

۱۰۲۔ عید رات میں شب بیداری کا معمول

جس طرح رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیام فرماتے اس طرح عید رات کو بھی قیام فرماتے اور اپنی امت کو بھی اس کی تلقین فرمائی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات میں یہ بھی ملتا ہے کہ آپ عید رات بھی جائے اعتکاف میں رہتے اور وہاں ہی سے صبح عیدگاہ تشریف لے جاتے۔

کان صلی اللہ علیہ وسلم	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جائے
یخرج الی مصلی العید من	اعتکاف سے عیدگاہ تشریف
معتکفہ	لے جایا کرتے،

(مع الرسول فی رمضان ۱۰۷)

اس معمول کے پیش نظر بعض مالکی علماء کی رائے یہ ہے کہ معتکف کو نماز عید تک جائے اعتکاف میں ہی رہنا چاہیئے حتی کہ وہ جائے اعتکاف سے عیدگاہ جائے اور نماز عید ادا کر کے پھر گھر جائے حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہ رائے ان الفاظ میں نقل کی ہے۔

المعتکف لایتم اعتکافہ	معتکف کا اعتکاف تب پورا ہو
حتی یغدو الی المصلی قبل	گا جب وہ گھر جانے سے پہلے
انصرافہ الی بیتہ	عیدگاہ جائے گا۔

(فتح الباری، ۲: ۳۵۸)

امام ابراہیم نخعی تابعی، صحابہ اور تابعین کا معمول بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

کانوا یستحبون للمعتکف	معتکف کے لیئے یہ مستحب ہے
فقط ان یبیت لیلۃ الفطر	کہ وہ رات مسجد میں ہی بسر
فی مسجدہ حتی یکون خروجہ	کرے حتی کہ عیدگاہ کی طرف
منہ (فقہ الصوم، ۲: ۹۲۴)	وہاں ہی سے جائے۔

امام ابن ابی شیبہ نے مصنف میں ایک باب قائم کیا جس کا عنوان "من کان یحب ان یغدو المعتکف کما ھو من مسجدہ الی المصلی" ہے۔

۱۔ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من قام لیلتی العیدین	جس نے عیدین کی راتوں میں رضائے
محتسبا للہ لم یمت قلبہ یوم	الٰہی کی خاطر قیام کیا اس کا دل اس
تموت القلوب	دن نہیں مرے گا جب دل مر جائیں
(ابن ماجہ، باب فیمن قام لیلتی العیدین)	گے۔

۲۔ امام ابو القاسم اصبہانی نے کتاب الترغیب میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من احیا اللیالی الخمس	جس نے یہ پانچ راتیں قیام کیا
وجبت لہ الجنۃ	اس کے لئے جنت ثابت ہو
	گئی۔

ترویہ کی رات، عرفہ کی رات، عید الفطر کی رات، عید الاضحیٰ کی رات اور شب برات۔

۳ :- امام طبرانی نے المعجم الکبیر اور اوسط میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من احیا لیلۃ الفطر	جس نے عید الفطر اور عید الاضحی
ولیلۃ الاضحی لم تمت قلبہ	کی رات عبادت اور قیام کیا اس
یوم تموت القلوب	کا دل مردہ نہیں ہوگا جس دن
	دل مردہ ہو جائیں گے

۴ :- ابن عساکر نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان اللہ لیطلع فی العیدین	اللہ تعالیٰ عیدین کے موقعہ پر زمین پر خصوصی
الی الارض فابرزوا من	توجہ فرماتا ہے اپنے گھروں سے (نماز کے لئے)
المنازل تلحقکم الرحمۃ	نکلو تاکہ تمہیں رحمت حاصل ہو۔

۵ - حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے اپنے بصرہ کے گورنر کو لکھا۔

علیک باربع لیال من	سال میں چار راتیں ایسی ہیں جن
السنۃ فان اللہ یفرغ ،	میں اللہ تعالیٰ خوب رحمت و
فیھن الرحمۃ افراغاً	کرم برساتا ہے۔

رجب کی پہلی رات، نصف شعبان کی رات، عید الفطر کی رات اور عید الاضحی کی رات۔

۶ :- حضرت امام شافعی کا ارشاد گرامی ہے ہمیں اسلاف سے یہ بات پہنچی ہے کہ پانچ راتوں میں دعائیں قبول ہوتیں ہیں۔

جمعہ کی رات، عید الفطر کی رات، عید الاضحی کی رات، پہلی رجب کی

رات اور نصف شعبان کی رات ،

(غایۃ الاحسان ، ۶۱)

عید رات میں تکبیر الٰہی

اللہ تعالٰے ہمیں حکم فرماتا ہے جب رمضان کے روزے مکمل کر لو تو اللہ تعالٰے کے اس انعام پر بڑھائی بیان کرو۔

ارشاد فرمایا۔

ولتکملوا العدۃ ولتکبروا	مدت کو مکمل کرو اور اس انعام
اللہ علی ما ھداکم	وہدایت پر اللہ تعالٰے کی بڑھائی
(البقرہ)	بیان کرو۔

ڈاکٹر سید بن حسین العفانی بزرگوں کا معمول بیان کرتے ہیں۔

وکان ابن المسیب وعروۃ	حضرت ابن مسیب ، حضرت عروہ
وابوسلمہ وابوبکر یکبرون	حضرت ابوسلمہ اور حضرت ابوبکر عید
لیلۃ الفطر فی المسجد یجھرون	رات کو مسجد میں بلند آواز سے
بالتکبیر	تکبیر پڑھا کرتے تھے۔

(فقہ الصوم وفضل رمضان ، ۲ : ۹۱۷)

اہم نوٹ

ہم عید کا چاند دیکھتے ہی شہر اور اس کی مارکیٹوں کا رخ کرتے ہیں۔ عید کی ساری رات خریداری یا دیگر لہو ولعب میں گزار دیتے ہیں اس رات کی فضیلت سے ہم بے خبر ہیں حالانکہ اوپر گزرا عید رات ان مقدس راتوں میں سے ہے جس میں اللہ تعالٰے اپنے بندوں کو نوازتا ہے ،

یہ مغفرت و بخشش کی رات ہے، اس میں غفلت کے بجائے اپنے رب کے حضور میں حاضری دینی چاہیئے اور اپنے رب کی بڑھائی بیان کرتے رہنا چاہیئے۔

انعام خداوندی کا دن

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر کے دن کو انعام الہٰی کا دن قرار دیا ہے، امام طبرانی نے المعجم الکبیر میں اور شیخ حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں حضرت سعید بن اوس انصاری سے نقل کیا کہ میرے والدِ گرامی نے بیان کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عید الفطر کا دن آتا ہے تو ملائکہ مختلف راستوں پر کھڑے ہو کر آواز دیتے ہیں، اے مسلمانوں اپنے رب کریم کے در پر آؤ وہ تم پر بھلائی اور اجر جزیل کے ساتھ احسان فرمائے گا۔

لقد امرتم بقیام اللیل فصمتم وامرتم بصیام النهار فصمتم واطعتم ربکم فاقبضوا اجبر جوائزکم	تمہیں قیام لیل کا حکم دیا گیا تم نے قیام کیا، تمہیں دن کو روزہ رکھنے کا حکم ملا تم نے روزے رکھے، اپنی پروردگار کی طاعت کی اب اپنی انعامی سندیں حاصل کرو۔

جب لوگ عید کی نماز ادا کر لیتے ہیں آواز دینے والا یہ خوشخبری دیتا ہے۔

الا ان ربکم قد غفر لکم فارجعوا الی رحالکم فهو یوم الجائزة	سنو تمہارے پروردگار نے تمہیں معاف فرما دیا اب تم اپنے گھروں کی طرف جاؤ تو آج کا دن انعام کا ہے۔

یہ حدیث اگرچہ سنداً ضعیف ہے مگر بیہقی اور ابوالشیخ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کا شاہد نقل کیا ہے۔ (غایۃ الاحسان، ۶۴)

اور وہ یہ ہے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عید الفطر کے دن فرشتے زمین پر آکر راستوں میں کھڑے ہو کر یہ آواز دیتے ہیں جسے جن وانس کے علاوہ تمام مخلوقِ خدا سنتی ہے

وہ کہتے ہیں اے امتِ محمدیہ :۔

اخرجوا الی رب کریم یعطی الجزیل و یغفر الذنب العظیم	اپنے رب کریم کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ وہ تمہیں اجر جزیل عطا فرمائے اور تمہارے بڑے گناہ معاف فرمادے۔

جب لوگ عیدگاہ میں حاضر وجمع ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرماتا ہے، اے میرے ملائکہ

ماجزأ الاجیر اذا عمل عملہ ؟	مزدور جب عمل کرے تو اس کا کیا اجر ہے ؟

وہ عرض کرتے ہیں اے ہمارے معبود اور آقا اس کو پورا اور کامل اجر دیا جانا چاہیئے، اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔

انی اشھدکم انی قد جعلت ثوابھم من صیامھم وقیامھم رضائی ومغفرتی انصرفوا مغفورا لکم	میں خوشخبری دیتا ہوں میں نے ان کو روزوں کا ثواب اور ان کا قیام میری رضا اور میری مغفرت وبخشش کے لئے ہے جاؤ تمہیں معافی دیدی گئی ہے

تمہارے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کو جبریل امین فرشتوں کی جماعت کے ساتھ زمین پر اترتے ہیں اور ذکر الٰہی میں مشغول و مستغرق لوگوں کے لیئے دعا رحمت کرتے ہیں خواہ وہ حالت قیام میں ہوں یا حالت قعود میں، اور جب عید الفطر کا دن آتا ہے تو اللہ تعالٰے ان ذکر کرنے والوں پر ملائکہ میں فخر کرتے ہوئے فرماتا ہے اے میرے فرشتو ان میرے بندوں اور غلاموں نے میرا فریضہ پورا کیا ہے اور آج دعا کے لئے نکلے ہیں

وعزتي وجلالي وكرمي و	مجھے اپنی عزت، اپنے جلال
علوي و ارتفاع مكاني	اپنے کرم، اپنے علو اور اپنے
لاجيبنهم	بلند مقام کی قسم میں تمہاری دعائیں قبول فرماتا ہوں۔

اور فرماتا ہے جاؤ میں نے بخش دیا۔

وبدلت سيأتكم حسنات	میں نے تمہاری برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیا ہے۔

تو وہ گناہوں سے پاک صاف ہوکر واپس لوٹتے ہیں۔

(شعب الایمان للبیہقی)

یوم عید اور معمولات نبوی

اللہ تعالٰے کا ارشادِ گرامی ہے۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ

(یونس، ۵۸)

اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اعلان فرما دو اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کے حصول پر خوشی کیا کرو یہ اس تمام سے بہتر ہے جو تم جمع کر رہے ہو۔

اس موقع پر خوشی کا اظہار اللہ تعالےٰ کو پسند ہے یہی وجہ ہے اس دن روزہ رکھنا اللہ تعالےٰ کو ناپسند ہے اور اللہ تعالےٰ کی معافی سے اعراض کی وجہ سے حرام ہے۔

۱۰۳۔ اچھے کپڑے پہننا

امام شافعی اور امام بغوی نے امام جعفر بن محمد سے انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یلبس برد حبرۃ فی کل عید

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر عید کے موقعہ پر دھاری دار یمنی کپڑے کا لباس زیب تن فرمایا کرتے۔

(الصیام ورمضان، ۳۵)

شیخ ابن قیم لکھتے ہیں۔

وکان یلبس للخروج الیہما اجمل ثیابہ وکان لہ حلۃ یلبسہا للعیدین والجمعۃ ومرۃ کان یلبس بردین

آپ صلی اللہ علیہ وسلم عید کے لیئے اچھا لباس پہنتے آپ کے پاس عیدین اور جمعہ کے لیے حلہ تھا کبھی دبیز چادریں اور کبھی ایسی چادر بھی

اخضرین ومرۃ بردا احمر لیس ھو احمر بحتا کما یظنہ بعض الناس فانہ لو کان کذلک لم یکن بردا وانما فیہ خطوط حمر کا لبرود الیمنیۃ فسمی احمر باعتبار ما فیہ من ذلک

اوڑھی جس میں دھاری دار سرخ خطوط تھے بعض لوگوں نے اسے سراسر سرخ سمجھا ہے جو درست نہیں۔

(زاد المعاد، ھدیہ فی صلاۃ العیدین)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہے۔

یلبس احسن ثیابہ فی العیدین

عیدین میں اچھے کپڑے پہنا کرتے تھے۔

(فتح الباری، ۲: ۴۳۹)

امام حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا ہم عید کے روز یہاں تک ہو سکے عمدہ کپڑے پہنیں۔

وان نتطیب باجود ما نجد

اور عمدہ خوشبو لگائیں

(المستدرک للحاکم)

حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اہل علم صحابہ اور تابعین کے بارے میں سنا ہے۔

یستحبون الطیب والزینۃ فی کل عید

وہ نماز عید کے لیے خوشبو اور زینت کو محبوب جانتے

۱۰۴۔ غسل فرماتے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یغتسل یوم الفطر و یوم الاضحیٰ   عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر
(ابن ماجہ، باب الاغتسال فی العیدین)   غسل فرماتے ۔

حضرت نافع، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں نقل کرتے ہیں
کان یغتسل یوم الفطر قبل   عیدگاہ میں جانے سے پہلے
ان یغدو الی المصلیٰ   غسل کیا کرتے ۔
(مصنف عبدالرزاق)

حضرت سعید بن مسیب فرماتے ہیں عیدالفطر میں تین سنن ہیں ۔
المشی الی المصلیٰ والاکل قبل   عیدگاہ کی طرف پیدل چلنا ،
الخروج والاغتسال   نکلنے سے پہلے کھانا اور غسل کرنا ہے
(ارواء الغلیل، ۲ : ۱۰۴)

۱۰۵۔ نماز عیدالفطر سے پہلے کچھ کھانا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مبارک معمول بھی ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کچھ نہ کچھ تناول فرما کر نماز عیدالفطر کے لیے تشریف لے جاتے اور عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر نماز ادا فرماتے کے بعد تناول فرماتے ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا یغدو یوم الفطر حتی یاکل   عیدالفطر کے لئے تشریف لے
تمرات و یاکلھن وترا   جاتے تو پہلے طاق کھجوریں تناول
(البخاری باب الاکل یوم الفطر)   فرماتے

شیخ ابن حبان اور حاکم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔

ماخرج یوم فطر حتی یاکل	عید الفطر کے موقع پر تمہیں، پانچ
تمرات ثلاثا او خمسا او	سات یا کم وبیش کھجور تناول
او سبعا او اقل من ذلک	فرما کر نماز کے لئے تشریف
او اکثر وترا	لے جاتے۔

(المستدرک)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

لا یغدو یوم الفطر حتی یاکل	عید الفطر کے لیئے کچھ نہ کچھ تناول
ولا یاکل یوم الاضحیٰ حتیٰ	فرماتے اور عید الاضحیٰ کے موقعہ پر واپس
یرجع	تشریف لاکر تناول فرماتے۔

(الترمذی، ابن ماجہ)

مسند احمد میں یہ اضافہ بھی ہے عید الاضحیٰ سے واپس تشریف لانے کے کے بعد

فیاکل من اضحیتہ	اپنی قربانی کا گوشت تناول فرماتے

۱) شیخ ابن ابی جمرہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ لزوم روزہ کے بعد لزوم افطار کا حکم ہے

استحب تعجیل الفطر مبادرۃ	لہذا اللہ تعالیٰ کے حکم (افطار) کو
الی امتثال امر اللہ تعالیٰ	جلدی بجالانا مستحب ٹھہرا۔

۲۔ شیخ مہلب نے اس کی حکمت یہ بیان کی ہے۔

ان لا یظن ظان لزوم	تاکہ کوئی یہ گمان نہ کرے نماز عید

الصوم حتی نصلی العید	تک روزہ رکھتا ہے گویا آپ
فکانه اراد سد ھذہ الذریعة	نے سد ذرائع کے طور پر یہ عمل
(فتح الباری، ۲: ۴۴۷)	فرمایا۔

(۳) شیخ ابن منیر رقمطراز ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدین میں وقت مشروع میں تناول فرمایا

لاخراج صدقتهما الخاصة	عیدین میں صدقہ کا وقت مخصوص
بهما فاخراج صدقة الفطر	ہے عید الفطر میں پہلے ہے اس
قبل الغداة الی المصلی واخراج	لئے آپ نے پہلے تناول فرمایا اور
صدقة الاضحية بعد ذبحها	عید الاضحیٰ میں بعد میں ہے اس لئے
(فتح الباری، ۲: ۳۵۹)	وہاں بعد میں تناول فرمایا۔

بعض مالکی علماء کی رائے

بعض مالکی علماء کی رائے یہ ہے کہ چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جائے اعتکاف سے ہی عیدگاہ تشریف لے جاتے تھے کہیں کوئی یہ محسوس نہ کرے کہ عید تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ روزہ میں ہوتے ہیں اس لئے آپ کچھ نہ کچھ تناول فرماتے حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہ رائے ان الفاظ میں نقل کی ہے۔

قال بعض المالکیة لما کان	بعض مالکی علما فرماتے ہیں معتکف
المعتکف لایتم اعتکافه	کا اعتکاف تب مکمل ہوتا ہے جب
حتی یغدو الی المصلی قبل	وہ گھر لوٹنے سے پہلے جائے اعتکاف
انصرافه الی بیته خشی	سے ہی عیدگاہ جاتے تو خوف تھا
ان یعتمد فی ھذا الجزء	کہ کوئی پہلے کی طرح آج بھی نماز

من النهار باعتبار استحباب	عید تک روزہ ہی محسوس نہ کرے
الصائم ما یعتمد من استحباب	اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم
(فتح الباری، ۲:۳۵۸)	تناول فرما کر فرق فرما دیا۔

۱۰۶- کھلے میدان میں نماز ادا کرنا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں نماز عید ادا نہیں فرمایا کرتے تھے بلکہ کھلے میدان میں نماز عید ادا فرماتے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یخرج یوم الفطر والاضحی	عید الفطر اور عید الاضحی کے لئے
الی المصلی	آپ صلی اللہ علیہ وسلم عید گاہ میں
(بخاری ومسلم)	تشریف لے جاتے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم عید کے روز عید گاہ کی طرف تشریف لے جاتے آپ کے آگے صحابی نیزہ اٹھا کر چلتے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم عید گاہ میں پہنچ جاتے تو آپ کے سامنے گاڑ دیا جاتا، آپ اسے سترہ بنا کر نماز پڑھاتے۔

وذلك ان المصلی کان فضاء	اس لئے کہ عید گاہ کھلے میدان
لیس فیہ شئی یستتر بہ	میں تھی اور اس
(ابن ماجہ)	میں سامنے کوئی پردہ یا دیوار نہ تھی

نماز عید کھلے میدان میں ادا کرنا سنت ہے البتہ اگر کوئی عذر ہو مثلاً جگہ نہیں یا بارش وغیرہ ہے تو پھر مسجد میں ادا کی جا سکتی ہے حضرت ابوہریرہ

رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

اصابہم مطر فی یوم عید فصلی بہم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلاۃ العید فی المسجد

عید کے روز بارش ہوگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں نماز عید پڑھادی۔

(ابوداؤد، باب یصلی بالناس فی المسجد)

کھلے میدان میں نماز عید ادا کرتے کی حکمت بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی رقمطراز ہیں:

ان یجتمع اھل البلد او اکثرھم فی مکان واحد یکبرون اللہ ویشکرونہ ویتعارفون فیما بینھم ویتبادلون التھنئۃ بالعید ہمز عبادتھم ویوم اجتماعھم وتراحمھم وتعاونھم علی البر والتقوی

تمام اہل شہر یا اکثر ایک ہی جگہ میں جمع ہو کر اپنے اللہ کی بڑھائی بیان کریں، اس کا شکریہ ادا کریں اس میں متعارف ہوں، ایک دوسرے کو عید کی مبارک دیں، ان کی عبادات اور ان کے اجتماع پر، ایک دوسرے سے نیکی اور تقوی پر تعاون کا عہد کریں۔

(ھکذا صام رسول اللہ، ۲۰۶)

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ تعالے اس کا مقصد یوں بیان کرتے ہیں۔

ان کل امۃ لابد لہا من عرضۃ ویجتمع فیہا اھلہا لتظھر شوکتھم

ہر قوم کے لیے کوئی میدان ہوتا ہے جس میں وہ جمع ہوتے ہیں۔ تاکہ ان کی شرکت وکثرت کا اظہار

وتعلم كثرتهم ولذلك كان النبي صلى الله عليه وسلم يخالف في الطريق ذهابا وايابًا بيطلع اهل كلتا الطريقين على شوكة المسلمين

(حجة الله البالغة)

ہو یہی وجہ ہے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم آتے جاتے راستہ تبدیل فرماتے تاکہ ہر طرف کے لوگ مسلمانوں کی شرکت سے آگاہ ہو جائیں۔

شیخ عبدالرحمٰن حسن المیدانی ان احادیث مبارکہ کا تذکرہ کرتے ہیں جن میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھلے میدان میں نماز عید ادا فرماتے اور اس میں خواتین سمیت ہر ایک کو شرکت کا حکم فرماتے اس کے بعد لکھتے ہیں۔

دلت هذه الاحاديث على ان اعظم مظاهر العيد في الاسلام صلاة العيد الجامعة للمسلمين كبارًا و صغارًا نساء ورجالًا حتى البنات الابكار والحيض وقال الرسول صلى الله عليه وسلم بشان الحيض فاما الحيض فيعتزلن الصلاة ويشهدن الخير ودعوة المسلمين ومن لا جلباب لها تستريه تستعير جلبابا حرصا

یہ احادیث واضح کر رہی ہیں کہ اسلام میں عید کے موقعہ پر سب سے بڑا خوشی کا مظاہرہ نماز عید ہے جس کے اجتماع میں تمام چھوٹے بڑے، مرد اور خواتین حتیٰ کہ صاحب حیض عورتیں بھی شامل ہوتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی خواتین کو فرمایا نماز سے الگ رہو مگر مسلمانوں کے ساتھ دعا میں ضرور شریک ہوں اور جس کے پاس حجاب نہیں وہ دوسری خاتون سے مانگ لے، یہ ارشاد گرامی کسقدر عید کے اجتماع میں خواتین کی شرکت

من الرسول علی شهودهن کا تقاضا کرتا ہے ۔

العید (الصیام و رمضان ۳۵۱)

۱۰۷۔ تمام خواتین کو شرکت کا حکم

نماز عید کے اجتماع کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی کیجئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام خواتین کو اس میں شرکت کا خصوصی حکم فرماتے خواہ وہ حالت حیض ہی میں کیوں نہ ہوں، ہاں ایسی خواتین کو حکم ہوتا کہ وہ نماز میں شریک نہ ہوں لیکن دعا و اجتماع میں ضرور شرکت کریں ۔

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے ہے

امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نخرجهن فی الفطر والاضحی العواتق والحیض وذوات الخدور فاما الحیض فیعتزلن الصلاۃ ویشهدن الخیر ودعوۃ المسلمین ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عیدین میں نکلنے کا حکم دیا حتی کہ تمام خواتین کو حکم تھا خواہ بوڑھی ہوں، صاحب حیض ہو یا پردہ دار خواتین ہاں حیض والی خواتین نماز سے الگ رہتیں خیر اور دعا میں شریک ہوتیں ۔

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر کسی کے پاس جلباب نہ ہو تو پھر فرمایا کوئی دوسری بہن اسے دیدے ۔ (المسلم)

امام ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

کان یخرج نساءہ وبناتہ فی العیدین

اپنی تمام ازواج مطہرات اور صاحبزادیوں کو نماز عید میں شریک فرماتے ۔

(ابن ماجہ، باب خروج النساء)

۱۰۸- پیدل چل کر جانا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف پیدل تشریف لے جاتے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کان یخرج الی العید ماشیا و	عیدگاہ پیدل تشریف لے جاتے
یرجع ماشیا	اور پیدل ہی واپس آتے ۔

(ابن ماجہ، باب الخروج الی العید)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے ۔

ان من السنۃ ان تاتی العید	نماز عید کے لیے پیدل جانا سنت
ماشیا (الترمذی)	ہے

حضرت سعد القرظ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز
کان یاتی العید ماشیا	عید کے لئے پیدل تشریف
(ابن ماجہ)	لے جاتے

۱۰۹- آمد و رفت میں راستہ بدلنا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید کے لیے جس راستہ پر تشریف لے جاتے واپسی اس پر نہ ہوتی بلکہ دوسرے راستہ کو شرف بخشتے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ۔

کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم	آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب عید
اذا خرج الی العید یرجع	کے لئے تشریف لے جاتے تو
فی غیر الطریق الذی خرج	واپس دوسرے راستہ سے
فیہ (البخاری)	تشریف لاتے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک معمول تھا۔

اذا خرج الی العید یرجع فی غیر الطریق الذی خرج فیه (المسلم)

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید کے لیے تشریف لے جاتے تو اس راستہ پر واپسی نہ ہوتی بلکہ کسی دوسرے سے واپس آتے۔

شیخ ابن قیم اس مقدس معمول کی حکمتیں بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

قیل یسلم علی اهل الطریقین وقیل لینال برکته الفریقان وقیل لیتسق حاجة من له حاجة عنهما وقیل لیظهر شعائر الاسلام فی سائر الفجاج والطرق وقیل لیغیظ المنافقین برؤیتهم عزة الاسلام واهله وقیام شعائره وقیل لتکثر شهادة البقاع فان الذاهب الی المسجد والمصلی احدی خطوتیه ترفع درجة والاخری تحط خطیئة حتی یرجع الی منزله وقیل وهو الاصح انه لذلک کله ولغیره من الحکم التی لا یخلو فعله عنها

تاکہ دونوں راستہ والوں کو سلام کا شرف بخشیں بعض نے کہا تاکہ دونوں اطراف کے لوگوں کو برکت حاصل ہو جائے بعض کے نزدیک اسکی وجہ یہ تھی تاکہ ہر کوئی اپنی حاجت عرض کر سکے بعض نے کہا تاکہ تمام راستوں میں شاہد اسلامی کا غلبہ ہو جائے بعض نے کہا تاکہ مسلمانوں کی عزت دیکھ کر اہل نفاق جل اٹھیں بعض نے کہا تاکہ کثرت کے ساتھ مقامات گواہ بن جائیں کیونکہ مسجد وعیدگاہ کی طرف ہر قدم اٹھانے پر گناہ کی معافی اور درجہ کی بلندی ہوتی ہے اور رحم یہ ہے کہ مذکورہ ادران کے علاوہ بھی متعدد حکمتیں پیش نظر تھیں۔

(زاد المعاد، هدیه فی صلاة العیدین)

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی متعدد حکمتیں بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

قیل لیسوی بینهما فی مزیة	تاکہ دونوں اطراف کے لوگ آپ
الفضل بمروره او فی التبرك	کے گزرنے کے شرف کو برابر طور پر
به او لیشم رائحة المسك	حاصل کرلیں، اس سے برکت پالیں
من الطریق التی یمر بها لانه	اور وہ خصوصی مہک پائیں جو آپ
کان معروفا بذلك	صلی اللہ علیہ وسلم کے گزرنے سے راستہ
(فتح الباری، ۲: ۳۷۹)	کو حاصل ہوا کرتی تھی۔

ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی نے حکمت یہ بیان کی ہے کہ راستہ اس لئے بدل لیتے۔

لیمر باکبر عدد من الناس	تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی طرف
فیهنئهم بالعید ویسلم علیهم	گزر کر انہیں عید کی مبارک دی جائے
لیسرهم بذلك ویشیع	انہیں سلام کا شرف عطا کیا جائے تاکہ
الفرح فی انفسهم	ان کے دل اور سینوں میں خوشی کی
(هکذا صام رسول الله، ۲۰۶)	مزید لہر دوڑ جائے۔

۱۱۰۔ عیدگاہ میں نماز عید سے پہلے اور بعد میں نماز نہ پڑھنا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ میں فقط نماز عید ادا فرماتے اس سے پہلے اور بعد میں کوئی نماز ادا نہ فرمایا کرتے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید کی فقط دو رکعتیں ادا فرماتے

لم یصل قبلها ولا بعدها	ان سے پہلے اور بعد میں کوئی نماز
(البخاری، باب الخطبة بعد العید)	نہ پڑھتے

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپسی پر گھر میں دو رکعات نماز ادا فرماتے

انہ کان لا یصلی قبل العید	آپ عیدگاہ میں نماز عید سے پہلے
شیأ فاذا رجع الی منزلہ صلی	کوئی نماز ادا نہ فرماتے ہاں جب
رکعتین	گھر واپس تشریف لاتے تو دو
(ابن ماجہ، باب فی الصلوۃ قبل العید)	رکعتیں ادا فرماتے ۔

۱۱۱۔ بغیر اذان وتکبیر کے نماز

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید کی جماعت اذان اور تکبیر کے بغیر کرواتے ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے ہے

صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ	میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
وسلم العید غیر مرۃ ولا مرتین	متعدد مرتبہ بغیر اذان وتکبیر کے نماز
بغیر اذان ولا اقامۃ ۔	عید ادا کی

(المسلم، کتاب صلاۃ العیدین)

مسند بزار میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

صلی العید بغیر اذان	بغیر اذان و اقامت نماز عید
ولا قامۃ	ادا فرماتے ۔

(الصیام ورمضان، ۳۴۸)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے

لم یکن یؤذن یوم الفطر	عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے موقع
ولا یوم الاضحیٰ	پہ اذان نہیں دی جاتی تھی ۔

(المسلم، کتاب صلاۃ العیدین)

۱۱۲۔ نماز کی ادائیگی خطبہ سے پہلے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ میں خطاب پہلے ارشاد فرماتے مگر عیدین میں نماز کی ادائیگی پہلے ہوتی اور خطاب بعد میں فرمایا کرتے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کے موقعہ پر عیدگاہ تشریف لاتے تو

فیبداء بالصلوٰۃ   سب سے پہلے نماز ادا فرماتے

(المسلم، کتاب صلوٰۃ العیدین)

دوسری روایت کے الفاظ ہیں۔

اول شئی یبداء بہ الصلاۃ   جس سے آپ نے ابتداء فرمائی وہ نماز تھی۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ تشریف لائے۔

فصلی فبداء بالصلوٰۃ   تو آپ نے سب سے پہلے نماز پڑھائی

(المسلم، صلاۃ العیدین)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا معمول یوں منقول ہے۔

یصلون العید قبل الخطبۃ   تمام خطبہ سے پہلے نماز عید ادا فرماتے۔

(المسلم، کتاب صلاۃ العیدین)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کی اقتداء میں نماز عید ادا کی۔

كلهم كانوا يصلون قبل الخطبة

تمام کے تمام نماز عید خطبہ دیتے سے پہلے پڑھاتے۔

(البخاری، باب الخطبة بعد العید)

۱۱۳۔ نماز میں سورۃ ق اور القمر کی تلاوت

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے پوچھا

ما كان يقرأ به رسول الله صلى الله عليه وسلم في الاضحىٰ والفطر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید الاضحیٰ اور فطر میں قرآن کا کونسا حصہ تلاوت فرمایا کرتے ؟

تو انہوں نے بتایا۔

كان يقرأ فيهما "ق والقرآن المجيد واقتربت الساعة وانشق القمر (المسلم)

ان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ق و والقرآن المجید اور اقتربت الساعة تلاوت فرمایا کرتے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رکعت میں "سبح اسم ربك الاعلیٰ" اور دوسری رکعت میں "ھل اتاك حديث الغاشية"، تلاوت فرماتے ۔

(ابن ماجہ ، باب القراۃ فی العیدین)

۱۱۴۔ خطاب نماز کے بعد فرماتے

نماز عید ادا فرمانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطاب فرماتے ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہے عید گاہ میں آپ صلی اللہ

علیہ وسلم تشریف لا کر سب سے پہلے نماز عید پڑھاتے پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے تمام لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھ جاتے ۔

فیعظھم ویوصیھم و یامرھم	آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں وعظ نصیحت اور متعدد تعلیمات سے نوازتے ۔

(المسلم، کتاب صلاۃ العیدین)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہے میں نے کئی دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز عید پڑھنے کا شرف پایا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے نماز عید بغیر اذان و اقامت کے پڑھاتے اس کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کاندھے پر ہاتھ رکھے کھڑے ہو کر خطاب فرماتے

فامر بتقوی اللہ وحث علی الطاعۃ ووعظ الناس وذکرھم	لوگوں کو اللہ کا تقوی اسکی اطاعت وفرمانبرداری اور انہیں وعظ و نصیحت ارشاد فرماتے۔

(النسائی)

۱۱۵ خطبہ کے درمیان بیٹھنا

جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ جمعہ کے دوران کچھ دیر کے لیے بیٹھ جاتے اسی طرح عید کے خطبہ کے دوران بھی کچھ دیر کے لیے بیٹھ جاتے

مسند بزار میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید الفطر اذان و اقامت کے بغیر پڑھاتے ۔

وکان یخطب خطبتین قائما یفصل بینھما بجلسۃ	جب خطبہ ارشاد فرماتے تو ان کے درمیان بیٹھ کر فصل فرماتے

(الصیام و رمضان، ۴۴۸)

۱۱۶ خطاب میں تکبیر کی کثرت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطاب کے دوران تکبیر (اللہ تعالےٰ کی کبریائی) کی کثرت فرماتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

یکبر بین اضعاف الخطبة	عیدین کے خطبہ میں کثرت
ویکثر التکبیر فی خطبة	کے ساتھ اللہ تعالےٰ کی بڑھائی
العیدین	بیان فرماتے۔

(ابن ماجہ، باب الخطبة فی العیدین)

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے ایام مخصوصہ میں جو خواتین ہوتیں انہیں بھی عید کے اجتماع میں شرکت کا حکم تھا۔

الحیض یخرجن لیکن خلف	وہ بھی اجتماع میں شریک ہوتیں
الناس یکبرن مع الناس	تمام کے پیچھے بیٹھیں جب لوگ
(ابوداؤد، باب خروج النساء)	تکبیر پڑھتے تو ان کے ساتھ وہ
	بھی اللہ کا نام بلند کرتیں۔

شیخ عبدالرحمن حسن المیدانی اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں۔

فلیسن الاقتداء بالنبی	تکبیر کہنے میں آپ صلی اللہ علیہ
فی ھذا، معلوم ان شعار	وسلم کی اقتداء کرنی چاہیئے اور
التکبیر ھو شعار المسلمین	یہ حقیقت ہے کہ عید کے موقعہ
فی العید	پر تکبیرات کہنا مسلمانوں کا شعار
(الصیام ورمضان، ۳۵۸)	ہے۔

۱۱۷۔ خواتین کے اجتماع سے الگ خطاب

عیدین کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کے اجتماع میں خطاب فرمانے کے بعد، خواتین کے اجتماع میں تشریف لے جاتے اور انہیں الگ خطاب فرماتے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدالفطر کی نماز پڑھائی اور پھر لوگوں کو خطاب فرمایا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے فارغ ہوئے۔

فاتی النساء فذکرھن وھو	تو خواتین کے اجتماع میں تشریف
یتوکأ علی ید بلال وبلال	فرما ہوتے بلال سے ٹیک لگاتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم
باسط ثوبہ یلقی فیہ النساء	نے انہیں خطاب فرمایا بلال چادر پھیلائے ہوئے
الصدقة	تھے اور خواتین اس میں صدقات ڈال رہی تھیں۔

(البخاری، باب موعظة الامام النساء یوم العید)

چند اہم معلومات

۱۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ساتھ اس لئے لے جایا گیا کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خازن اور ناظم مالیات تھے حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں۔

لان بلالاً کان خادم النبی	حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ومتولی	علیہ وسلم کے خصوصی خادم اور متولی
قبض الصدقة	صدقات کے انچارج ہوا کرتے تھے،

(فتح الباری، ۲: ۳۷۳)

۲۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے جو صدقات اس موقعہ پر جمع کئے وہ صدقہ

فطر نہیں تھا بلکہ یہ نفلی صدقات تھے کیونکہ بخاری کی روایت میں موجود ہے کہ ابن جریج نے حضرت عطاء سے پوچھا

زکاة یوم الفطر ؟ کیا صدقہ فطر تھا؟

تو انہوں نے فرمایا۔

لا ولکن صدقة یتصدق یہ صدقہ نہیں تھا بلکہ اس موقعہ پر
حینئذٌ نفلی صدقات دیئے گئے

(البخاری، باب موعظة الامام)

۳۔ وہ عطیات تمام کے تمام آپ صلی اللہ علیہ وسلم معاشرہ کے فقراء و مساکین میں تقسیم فرما دیتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے۔

فقسمه علی فقراء المسلمین آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام صدقات
(ابوداؤد، باب الخطبة یوم العید) مسلمان فقراء پر تقسیم فرما دیتے

الغرض ہماری طرح گھر نہیں لے جایا کرتے بلکہ تمام تقسیم فرما کر گھر تشریف لے جاتے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی یہ توفیق دے کہ لوگوں سے ہم جس کی خاطر رقوم اور چندہ حاصل کرتے ہیں اس پر خرچ کریں نہ کہ اپنی ذات پر خرچ کر دیں۔ اللہ تعالیٰ کا وہ ارشاد عالی ہر وقت سامنے رہنا چاہیئے۔ جو لوگ یتامیٰ کا مال ناجائز کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں۔

۱۱۔ عید پر مبارک بادی

عید کے روز ایک دوسرے کو مبارک باد کہتے ہوئے دعا دینا بھی ثابت ہے

امام ابن عدی نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہیں عید کے روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا۔

تقبل اللہ منا و منک۔	اللہ تعالیٰ ہمارا اور آپ کا عمل قبول فرمائے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن کر فرمایا۔

نعم تقبل اللہ منا و منک۔	ہاں اللہ تعالیٰ ہم سب کی طرف سے قبول فرمائے

اس روایت کی سند ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں محمد بن ابراہیم شامی ہیں جو ضعیف ہیں۔

(فتح الباری، ۲: ۳۵۷)

لیکن اس کی تائید صحابہ کے معمول سے ہوتی ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں ہم نے محاملیات میں سند حسن کے ساتھ حضرت جبیر بن نفیر سے نقل کیا ہے۔

کان اصحاب رسول اللہ	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ
صلی اللہ علیہ وسلم اذا التقوا	کرام عید کے روز جب آپس
یوم العید یقول بعضھم	میں ملتے تو ایک دوسرے سے
لبعض تقبل اللہ منا و منک	کہتے اللہ تعالیٰ ہم سب کے
(فتح الباری، ۲: ۳۵۷)	عمل کو قبول فرمائے۔

اس روایت کو امام سیوطی نے بھی "وصول الامانی باصول التہانی" میں حسن قرار دیا ہے۔

شیخ ابن تیمیہ سے عید کے روز مبارک باد کہنے کے بارے میں سوال ہوا تو انہوں نے بھی صحابہ کا یہی معمول نقل کرتے ہوئے کہا۔

اما الابتداء بالتھنئة	مبارک باد دینا نہ تو سنت اور ماموُر
فلیس سنة مامورا بھا	ہے اور نہ ایسی چیز ہے جس سے

ولا هو ایضا مما نهی عنه	منع کیا گیا مبارک دینے اور
فمن فعله فله قدوة ومن	چھوڑنے والے دونوں کے پاس
ترکه فله قدوة	دلیل ہے۔

(مجموعہ الفتاوی، ۲۴: ۲۵۳)

شیخ قمولی، جواہر میں لکھتے ہیں سال، ماہ اور عید کی آمد پر لوگ ایک دوسرے کو جو مبارک دیتے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں۔

لم ار لاحد من اصحابنا کلاما	لوگ جو ایک دوسرے کو عید سال
فی التهنئة بالعید والاعوام	اور مہینوں کی آمد پر مبارک باد
والاشهر کما یفعله الناس	کہتے ہیں اس میں ہمارے علماء
(زرقانی علی المواهب، ۱۱: ۲۲۳)	کو کوئی اعتراض نہیں۔

۱۱۹۔ صدقہ فطر کی تعلیم

اسلام نے ہر مرحلہ خصوصاً خوشی کے موقعہ پر غرباء، یتامیٰ اور مساکین کو یاد رکھنے کی تعلیم دی ہے۔ عید الفطر کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل اسلام کو صدقہ فطر ادا کرنے کی تلقین فرمائی، اچھے میزبانوں کا طریقہ بھی یہی ہوتا ہے کہ اپنے مہمان کو ہدایا اور تحائف کے ساتھ رخصت کیا کرتے ہیں، رمضان المبارک ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور مہمان آتا ہے ہمیں چاہیئے ہم اسے تحائف کے ساتھ الوداع کہیں، صدقۃ الفطر اس کے تحائف میں شامل ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ فطر کی ادائیگی کے لئے دو دن عید الفطر سے پہلے خطبہ ارشاد فرماتے۔

حضرت عبد اللہ بن ثعلبہ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں

خطب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر

الناس قبل الفطر بیومین، فقام   کے دو دن پہلے صدقہ فطر کی ادائیگی
بصدقة الفطر   کے بارے میں خطبہ ارشاد فرمایا۔
(ابو داؤد، باب من روی نصف صاع)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے
فرض رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ   رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فطرانہ
وسلم زکوٰۃ الفطر   لازم فرمایا ہے۔
(ابو داؤد، باب زکوٰۃ الفطر)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے
فرض رسول اللّٰہ صلی اللہ   رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
علیہ وسلم زکاۃ الفطر من   لوگوں پر رمضان کے اختتام پر،
رمضان علی الناس (المسلم)   صدقہ فطر لازم فرمایا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر لازم کرتے ہوئے فرمایا کہ صدقہ فطر
طهرة للصائم من اللغو   روزہ دار کے لغو اور فحش کلامی
والرفث وطعمة للمساکین   کے لیے طہارت اور مساکین
(ابو داؤد، باب زکوٰۃ الفطر)   کے لئے طعام کا ذریعہ ہے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے صدقہ فطر کا حکم دیتے ہوئے فرمایا
اغنوهم عن طواف هذا   آج فقرا کو اسی طرح دو کہ انہیں
الیوم   کسی سے مانگنا نہ پڑے۔
(الصیام و رمضان، ۳۹۹، بحوالہ بیہقی)

گھر کے ہر فرد کی طرف سے

صدقہ فطر گھر کے ہر فرد کی طرف سے ادا کرنا لازم ہے خواہ وہ بڑا ہو

یا چھوٹا بچہ، خواہ وہ مرد ہو یا خاتون حضرت عمرو بن شعیب اپنے دادا سے بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کی گلیوں میں یہ اعلان کروایا

صدقہ فطر ہر مسلمان پر لازم ہے

ذکرا وانثی حرا وعبد
صغیرا وکبیر
(الترمذی)

خواہ وہ مرد ہے یا عورت خواہ وہ آزاد ہے یا غلام خواہ وہ چھوٹا ہے یا بڑا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہے انہوں نے رمضان کے آخر میں لوگوں سے فرمایا اپنے روزوں کا صدقہ دو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ صدقہ ہر ایک پر لازم فرمایا ہے۔

حرا او مملوک ذکرا وانثی
صغیرا وکبیر

خواہ وہ آزاد ہے یا غلام خواہ وہ مرد ہے یا عورت خواہ وہ چھوٹا ہے یا بڑا۔

اس کی مقدار

اگر کھجور یا جو ہوں تو ان کا ایک صاع اور اگر گندم ہو اس کا نصف صاع لازم ہوتا ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر کی مقدار بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

ھذہ الصدقة صاعا من
تمرا وشعیرا و نصف صاع
من قمح۔
(ابوداؤد باب من روی النصف صاع)

یہ صدقہ ایک صاع ہوتا ہے اگر کھجور یا جو ہوں اور اگر گندم ہو تو نصف صاع۔

ادائیگی کا وقت

صدقہ فطر کی ادائیگی رمضان المبارک میں کسی وقت بھی کی جاسکتی ہے۔ ہاں

نماز عید الفطر ادا کرنے سے پہلے پہلے اس کی ادائیگی ضروری ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

امر بزکاۃ الفطران تؤدی قبل خروج الناس الی الصلاۃ

لوگوں کے نماز عید کے لیے نکلنے سے پہلے اس کی ادائیگی کا حکم فرمایا۔

(البخاری)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ فطر تمہارے روزے میں کئے جانے والے لغو کامو اور فحش کلام کا ازالہ کرتا ہے اور مساکین کا سبب طعام ہے۔

فمن اداہا قبل الصلاۃ فہی زکاۃ مقبولۃ ومن اداہا بعد الصلاۃ فہی صدقۃ من الصدقات

جس نے اسے نماز عید سے پہلے ادا کیا تو یہ مقبول صدقہ ہے اور جس نے نماز کے بعد ادا کیا تو یہ فقط صدقہ ہے۔

(ابوداؤد، باب زکوۃ الفطر)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا یہ معمول ملتا ہے۔

کانوا یعطون قبل الفطر بیوم او بیومین

وہ فطرانہ عید سے قبل ایک یا دو دن ادا کر دیتے تھے۔

(البخاری)

حضرت نافع، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

یؤدیہا قبل ذلک بالیوم و الیومین

آپ عید الفطر سے ایک دو دن پہلے صدقہ فطر ادا کر دیتے تھے

(ابوداؤد، باب متی یؤدی)

اللہ تعالیٰ سے تعلقِ بندگی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے تعلقِ غلامی مستحکم بنانے کیلئے امیرِ عالمی دعوتِ اسلامیہ کی دیگر علمی وتحقیقی کتب

۱۔ شاہکار ربوبیت
۲۔ ایمان والدین مصطفیٰ
۳۔ حضور کا سفرِ حج
۴۔ امتیازات مصطفیٰ
۵۔ در رسول ﷺ کی حاضری
۶۔ ذخائر محمدیہ
۷۔ محفل میلاد پر اعتراضات کا علمی محاسبہ
۸۔ فضائل نعلین حضور
۹۔ شرح سلام رضا
۱۰۔ حبیب خدا سیدہ آمنہ کی گود میں
۱۱۔ نور خدا سیدہ حلیمہ کے گھر
۱۲۔ نماز میں خشوع و خضوع کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے؟
۱۳۔ حضور نے متعدد نکاح کیوں فرمائے؟
۱۴۔ اسلام اور تحدید ازواج
۱۵۔ اسلام میں چھٹی کا تصور
۱۶۔ مسلک صدیق اکبر۔ عشق رسول
۱۷۔ شب قدر اور اس کی فضیلت
۱۸۔ صحابہ اور تصور رسول
۱۹۔ مشتاقان جمال نبوی کی کیفیات جذب و مستی
۲۰۔ اسلام اور احترام والدین
۲۱۔ حضور رمضان المبارک کیسے گذارتے؟
۲۲ صحابہ کی وصیتیں
۲۳۔ رفعتِ ذکر نبوی ﷺ
۲۴۔ کیا رسول اللہ نے لوگوں کی اجرت پر بکریاں چرائیں؟
۲۵۔ حضور کی رضاعی مائیں
۲۶۔ ترکِ روزہ پر شرعی وعیدیں
۲۷۔ عورت کی امامت کا مسئلہ
۲۸۔ عورت کی کتابت کا مسئلہ
۲۹۔ منہاج النحو
۳۰۔ منہاج المنطق
۳۱۔ معارف الاحکام
۳۲۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد پنجم
۳۳۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ششم
۳۴۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ہفتم
۳۵۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد ہشتم
۳۶۔ ترجمہ فتاویٰ رضویہ جلد دہم
۳۷۔ ترجمہ اشعت اللمعات. جلد ششم
۳۸۔ صحابہ اور محافل نعت
۳۹۔ صحابہ کے معمولات
۴۰۔ خواب کی شرعی حیثیت
۴۱۔ مزاجِ نبوی ﷺ
۴۲۔ تبسمِ نبوی ﷺ
۴۳۔ گریہ نبوی ﷺ
۴۴۔ مجلسِ نبوی ﷺ
۴۵۔ فضائل و برکات زمزم
۴۶۔ اللہ اللہ حضور ﷺ کی باتیں
۴۷۔ جسم نبوی ﷺ کی خوشبو
۴۸۔ کیا سگِ مدینہ کہلوانہ جائز ہے؟
۴۹۔ ہر مکاں کا اجالا ہمارا نبی
۵۰۔ مقصد اعتکاف
۵۱۔ سب رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی
۵۲۔ صحابہ اور بوسہ جسم نبوی
۵۳۔ رسول اللہ کے کسی عمل کو ترک فرمانے کی حکمتیں (مسئلہ ترک)
۵۴۔ محبت و اطاعت رسول ﷺ
۵۵۔ آنکھوں میں بس گیا سراپا حضور کا